الله ایک ہے — تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

فرمان الٰہی

☆☆☆ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ☆☆☆

ABC CERTIFIED — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 12 | ہفتہ 6 ذیقعد 1444ھ 27 مئی 2023ء 13 جیٹھ 2080 ب صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 266

حکومت کسی جج کو مرضی کے بینچ میں نہیں بٹھا سکتی

آڈیو لیکس تحقیقاتی کمیشن تشکیل پر سپریم کورٹ کا فیصلہ جاری

ہم نے سوال پوچھا تھا کہ 184 بی میں لکھا ہے کم از کم 5 ججز کا بینچ ہو، ہم سے مشورہ کیا ہوتا تو بتاتے 9 مئی واقعہ پر جوڈیشری کیخلاف جو بیان بازی ہو رہی تھی وہ ختم ہو چکی: چیف جسٹس

اٹارنی جنرل صاحب عدلیہ کی آزادی کا معاملہ ہے، بہت ہوگیا ہے اٹارنی جنرل صاحب آپ بیٹھ جائیں، وفاقی حکومت سے گزارش کریں آئینی روایات کا احترام کریں: ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آڈیو لیکس تحقیقاتی کمیشن کی تشکیل کیخلاف عمران خان سمیت دیگر کی درخواستوں پر حکم جاری کرتے ہوئے سپریم کورٹ نے آڈیو لیکس تحقیقاتی کمیشن کو مزید کام سے روک دیا۔ چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال کی سربراہی میں 5 رکنی لارجر بینچ نے فیصلہ سنا دیا۔ بینچ میں جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس منیب اختر، جسٹس شاہد وحید اور جسٹس حسن اظہر رضوی شامل تھے۔ وفاقی حکومت نے مبینہ آڈیو لیکس کی تحقیقات کے لیے جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں کمیشن تشکیل دیا تھا، مبینہ آڈیو لیکس کی انکوائری کیلئے قائم جوڈیشل کمیشن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

ایسی تباہی پاکستان کی تاریخ میں نہیں آئی، اسد عمر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے سابق سیکریٹری جنرل اسد عمر نے کہا ہے کہ ایسی تباہی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

عمران خان کی بہن عظمیٰ خان پر جعلسازی کا مقدمہ درج

عظمیٰ خان نے 6 ارب کی زمین جعلسازی سے 13 کروڑ میں خریدی

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ اینٹی کرپشن پنجاب نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین و سابق وزیراعظم عمران خان کی بہن عظمیٰ خان پر جعل سازی کا مقدمہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

کراچی: وزیراعظم شہباز شریف ٹیکسپو افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

’ٹیکسپو‘ کا افتتاح، بلاول بھٹو سے ملاقات، مہنگائی اتنی ہے کہ سمجھ نہیں آتا منہ چھپا کر کہاں جاؤں؟ شہباز شریف

ٹیکسٹائل انڈسٹری ترقی کر رہی

منفرد آئیڈیاز دینے والوں کا خیرمقدم کیا جائیگا: وزیراعظم

کاروباری افراد کی انتھک محنت کے باعث ٹیکسٹائل کا شعبہ بہتر ہو رہا ہے، غیر ملکی سرمایہ کاروں کو بہترین اور معاون ماحول فراہم کریں گے، ٹیکسپو افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف نے ایکسپو سینٹر کراچی میں ٹیکسٹائل ایکسپو ٹیکسپو کا افتتاح کر دیا۔ کراچی پہنچنے پر گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے وزیراعظم شہباز شریف کا پی اے ایف بیس فیصل پر استقبال کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ٹیکسپو کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکسٹائل سیکٹر ہماری انڈسٹری کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، یہ ہماری ایکسپورٹ کا بھی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

نام ای سی ایل میں ڈالنے پر حکومت کا شکریہ: عمران خان

ملک سے باہر میرا کوئی بینک اکاؤنٹ بھی نہیں ہے: چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے ای سی ایل میں نام ڈالنے پر حکومت کا شکریہ ادا کر دیا۔ ٹوئٹر پر جاری بیان میں عمران خان نے کہا کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

عازمین حج کے 4 چیزیں ساتھ لانے پر پابندی عائد

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی وزارت حج وعمرہ نے عازمین حج کے 4 چیزیں ساتھ لانے پر پابندی عائد کر دی۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

وہاڑی: پاکستان مسلم لیگ ن کی چیف آرگنائزر اور نائب صدر مریم نواز جلسہ سے خطاب کر رہی ہیں

عمران 9 مئی کے واقعات کی پلاننگ کی: انٹیلی جنس ایجنسی رپورٹ

9 مئی کو مراد سعید نے یہ بات پارٹی کے رہنماؤں کو اپنی ٹوئیٹس کے ذریعے بتائی اور ہدایت کی مظاہرے شروع کئے جائیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایک انٹیلی جنس ایجنسی نے حکومت کو آگاہ کیا ہے کہ 9 اور 10 مئی کے دن جو کچھ ہوا اس کا خیال اور پلاننگ بہت عرصہ پہلے ہی ہوئی تھی اور اس میں عمران خان مبینہ طور پر ملوث تھے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پی ٹی آئی کے زیادہ تر رہنماؤں کو مبینہ پلان کا علم ہی نہیں تھا، اسے خفیہ رکھا گیا تھا اور صرف چند قابل بھروسہ وفاداروں (جن کے نام رپورٹ میں موجود ہیں) کو اس کا علم تھا اور یہی وہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

کورونا وائرس کے 12 کیس رپورٹ، چھ کی حالت تشویشناک

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

پی ٹی آئی کو خیرباد کہنے والے کی وٹس ایپ گروپوں سے چھٹی

لاہور (سٹاف رپورٹر) 9 مئی کے واقعات پر تحریک انصاف کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد: سعودی سفیر نواف بن سعد المالکی وفاقی وزیر ریلوے سعد رفیق سے ملاقات کر رہے ہیں

9 مئی واقعات کا ماسٹر مائنڈ عمران، ہدف بھی مقرر کئے: مریم نواز

ساری چیزیں منظم منصوبہ بندی کے تحت ہوئی، کوئٹہ سے جتھا نکل چھاؤنی گیا اور لاہور کے شرپسند جناح ہاؤس گئے: وہاڑی میں خطاب

وہاڑی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ ن کی چیف آرگنائزر اور نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ نواز شریف اور اس کی بیٹی قدرت پر یقین رکھتے ہیں اور سیاسی انتقام پر کوئی یقین نہیں رکھتے ہیں، نو مئی کے اہداف عمران خان نے خود مقرر کیے تھے۔ وہاڑی میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

لاہور: وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف جناح ہاؤس کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

الوداع: فردوس عاشق اعوان پی ٹی آئی کو خیرآباد کہہ دیا

عمران خان کا ایجنڈا پاکستان کے لئے زہر قاتل بن گیا ہے: پریس کانفرنس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما فردوس عاشق اعوان نے بھی پارٹی چھوڑنے کا اعلان کر دیا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ میں شرپسندوں کی کارروائیوں کی وجہ سے پی ٹی آئی چھوڑ رہی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کا ایجنڈا پاکستان کے لیے زہر قاتل بن گیا ہے، وہ لوگوں کو ٹشو پیپر کی طرح استعمال کرتے ہیں اور پھر پھینک دیتے ہیں، یہ ان کا پسندیدہ مشغلہ ہے، وہ سب سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

سرکاری طور پر بننے والی پارٹی کبھی کامیاب نہیں ہوتی: شیخ رشید

یہ سارے میثاق جمہوریت کی پیداوار میثاق آمریت کی گود میں بیٹھے ہیں



راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سابق وزیر داخلہ و سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید احمد کا کہنا ہے کہ سرکاری چھتری تلے جو بھی پارٹی بنی ہے یا عنقریب بنے گی وہ کبھی کامیاب نہیں ہوتی۔ سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید احمد نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک بیان میں کہا ہے کہ میں 50 سال سے اکیلی سیٹ پر پاکستان کی سیاست میں دربان حسین ہوں، حق اور سچ کے ساتھ کھڑا ہوں، ناامیدی کفر ہے، ہار تو وہ ہے جو ہار مانتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ نے فیصلوں میں دیر کی تو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

مراد راس نے بھی عمران، پی ٹی آئی سے راہیں جدا کر لیں

امریکہ سے کشتیاں جلا کر آیا تھا جو ہو سکا کیا مگر 9 مئی واقعات کی مذمت کرتے ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سابق صوبائی وزیر مراد راس نے کہا ہے کہ پارٹی کی 9 مئی والی سیاست سے اتفاق نہیں کرتے، ہم پی ٹی آئی اور عمران خان سے اپنے راستے جدا کرتے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رہنما پاکستان تحریک انصاف مراد راس نے کہا کہ امریکہ سے کشتیاں جلا کر واپس آیا تھا، 2013ء میں پی ٹی آئی کے ٹکٹ پر الیکشن لڑا، 2018ء میں اسی حلقہ سے دوبارہ الیکشن جیتا، 15 سال تحریک انصاف میں دل سے جدوجہد کی، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

جہانگیر ترین نے نئی سیاسی جماعت بنانے کا فیصلہ کر لیا

کئی رہنماؤں سے ملاقات، نئی پارٹی کے پیٹرن انچیف جہانگیر ترین خود ہونگے



لاہور (سٹاف رپورٹر) تحریک انصاف کے سابق رہنما جہانگیر ترین نے قومی سطح پر نئی سیاسی جماعت بنانے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق نئی پارٹی کے پیٹرن انچیف جہانگیر ترین خود ہوں گے جب کہ پارٹی کیلئے جہانگیر ترین کراچی، اندرون سندھ، کے پی اور بلوچستان سے بھی اہم رہنماؤں سے رابطے میں ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ترین گروپ کے علاوہ پی ٹی آئی کے کئی ناراض رہنماؤں کی پارٹی میں شمولیت کا امکان ہے جس میں ڈی جی خان، راجن پور، مظفرگڑھ، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

تکبیر کانفرنس کی تیاریاں مکمل، پاکستان ہمارا ریڈ لائن: خالد مسعود سندھو

پاکستان کو قرضوں کی دلدل میں پھنسا کر اینٹی پروگرام کیخلاف سازشیں کی جارہی ہیں، دشمن قوتوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے کیلئے پوری قوم کو متحد و بیدار کرنا ہوگا

تنصیبات توڑ پھوڑ کی مذمت، کانفرنس میں شہر اور گردونواح سے لاکھوں افراد شریک ہوں گے، سیاسی و مذہبی جماعتوں کے قائدین و رہنما خطاب کرینگے: میڈیا ٹاک

لاہور (خبرنگار) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے صدر خالد مسعود سندھو رہنماؤں نے کہا ہے کہ پاکستان کو قرضوں کی دلدل میں پھنسا کر ایٹمی پروگرام کے خلاف سازشیں کی جارہی ہیں۔ دشمن قوتوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے کیلئے پوری قوم کو متحد و بیدار کرنا ہوگا۔ 28 مئی کو مینار پاکستان ہونے والی تکبیر کانفرنس کی تیاریاں و انتظامات مکمل کر لئے گئے۔ مرکزی مسلم لیگ کے علاوہ دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں کے مرکزی قائدین اور رہنما خطاب کریں گے۔ کانفرنس میں شہر اور گردونواح سے لاکھوں افراد شریک ہوں گے۔ ملکی دفاعی اداروں پر حملوں اور توڑ پھوڑ کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ ملک کی سلامتی و بقا اتحاد و یکجہتی اور خودانحصاری کی راہ اختیار کرنے میں ہے۔ وہ مقامی ہوٹل میں یوم تکبیر کے موقع پر مینار پاکستان گراؤنڈ میں ہونے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

9 مئی واقعات کے ملزمان کا مقدمہ فوجی عدالت میں نہیں چلے گا: وزیر داخلہ

499 ایف آئی آرز میں سے 6 کو آرمی ایکٹ کے تحت پراسیس کیا جارہا، صرف 6 مقدمات فوجی عدالتوں میں چلائے جائینگے

ابھی تک 499 مقدمات درج ہوئے جس میں 88 دہشت گردی کی دفعات پر مشتمل ہیں، باقی کیسز دیگر عدالتوں میں چلیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ 9 مئی کے واقعات میں ملوث تمام ملزمان کا مقدمہ فوجی عدالت میں نہیں چلے گا، 499 ایف آئی آرز میں سے 6 کو آرمی ایکٹ کے تحت پراسیس کیا جارہا ہے اور صرف 6 مقدمات ممکنہ طور پر فوجی عدالتوں میں چلائے جائیں گے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ 9 مئی کے واقعات سب کے سامنے اور مختلف باتیں سامنے آ رہی تھی، میں آج تک خاموش تھا کہ حقائق مکمل سامنے آئیں تو بات کروں اور حقائق پیش کروں گا وہ پوری ذمہ داری کے ساتھ کروں گا۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ ابھی تک 499 مقدمات درج ہوئے جس میں 88 دہشت گردی کی دفعات پر مشتمل ہیں، ان 499 ایف آئی آرز کو آرمی ایکٹ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

خیبرپختونخوا: سابق صوبائی مشیر قاسم خان بھی پی ٹی آئی چھوڑ گئے

ہم پر کوئی دباؤ نہیں، ہم رضا کارانہ طور پر مفاد عامہ کی خاطر یہ قدم اٹھایا: ملک قاسم خان

پشاور (بیورو رپورٹ) سابق صوبائی مشیر جیل خانہ جات ملک قاسم خان نے بھی پاکستان تحریک انصاف کو چھوڑنے کا اعلان کر دیا۔ پشاور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ملک قاسم خان نے ساتھیوں سمیت تحریک انصاف چھوڑنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم پر کوئی دباؤ نہیں، ہم رضا کارانہ طور پر چھوڑ رہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

جج دھمکی کیس: ٹرائل کورٹ طلبی حکم کیخلاف عمران کی اپیل خارج

عمران خان نے چالان رپورٹ کے کالم نمبر 2 کو چیلنج نہیں کیا، عدالتی فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد کی مقامی عدالت نے جج دھمکی کیس میں ٹرائل کورٹ طلبی حکم کے خلاف پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی اپیل خارج کرتے ہوئے تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ ٹرائل کورٹ کا عمران خان کو سمن کرنے کا نوٹس غیر قانونی نہیں، اگر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

نگران پنجاب حکومت کو کام سے روکنے کی درخواست پر حکم نامہ جاری

اسمبلی تحلیل کے 90 روز کے اندر الیکشن ہونا، نگران حکومت غیر آئینی ہے: درخواستگزار

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے نگران پنجاب حکومت کو کام سے روکنے کی درخواست کو سماعت کیلئے منظور کرنے کا تحریری حکم جاری کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے جاری تحریری حکم نامے میں کہا گیا کہ درخواست کو باقاعدہ سماعت کے لیے منظور کیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

لاہور: بھارت سے رہائی پانیوالے پاکستانی شہریوں کو گھروں تک پہنچانے کے لئے ایدھی فاؤنڈیشن کے سپرد کیا جارہا ہے

لاہور: پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے صدر خالد مسعود سندھو 28 مئی کو مینار پاکستان میں ہونے والی تکبیر کانفرنس کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

حکومت کا لیپ ٹاپ سکیم دوبارہ شروع کرنے کا اعلان

گزشتہ حکومت نے نوجوانوں کو شرپسندی کی طرف راغب کیا ذہنی سازی کی

نوجوانوں کے بہتر مستقبل کے لئے متعدد منصوبے شروع کئے: شزا فاطمہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے امور نوجوانان شزا فاطمہ خواجہ نے لیپ ٹاپ سکیم دوبارہ شروع کرنے کا اعلان کر دیا۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے شزا فاطمہ خواجہ کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ (ن) نے ہر دور میں نوجوانوں کو بااختیار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

الیکشن کمیشن نے 28 مئی کو قومی اسمبلی کے حلقوں پر ضمنی انتخابات روک دیئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن نے 28 مئی کو قومی اسمبلی کے ضمنی انتخابات روک دیئے۔ لاہور ہائیکورٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

لوگوں کو جیل میں مرنے کیلئے نہیں چھوڑ سکتے: لاہور ہائیکورٹ

آپ کو بلانے کا کوئی شوق نہیں، امید ہے پولیس عدالت کی معاونت کرے: ریمارکس

9 مئی کے واقعات میں جناح ہاؤس، اہم تنصیبات کو نقصان ہوا: آئی جی پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) ہائی کورٹ کے جسٹس انوار الحق پنوں نے کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیئے ہیں کہ لوگوں کو جیل میں مرنے کے لیے نہیں چھوڑ سکتے۔ خاتون کی جانب سے بیٹے کی بازیابی کے لیے دائر درخواست پر سماعت کے دوران آئی جی پنجاب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

خوشخبری: روس سے پاکستان سستا تیل لانیوالا جہاز عمانی بندرگاہ پر لنگرانداز

لاہور (سٹاف رپورٹر) روس سے پاکستان کے لئے سستا تیل کرآنے والا پہلا جہاز آج عمان کی بندرگاہ پر لنگر انداز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

قوم شہدا کی قدر کرتی، قربانیوں کو یاد رکھا جائیگا: صدر مملکت

صدر مملکت کا شہید نائیک محمد عتیق اور رجب علی کو ورثا کو فون، تعزیت کا اظہار کیا

سپاہی مدثر حمید اور عبدالقدیر کے لواحقین سے بھی بات چیت، صبر جمیل کی دعا بھی کی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے وطن کیلئے گراں قدر خدمات اور قربانی پر شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم اپنے شہدا کی قدر کرتی ہے اور وہ ان کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ جمعہ کو ایوان صدر کے پریس ونگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

شہدا انکی فیملیز، قومی یادگاروں کی بے حرمتی برداشت نہیں: محسن نقوی

شرپسند سن لیں قوم کا جذبہ ایمانی انکی شرانگیزی سے بہت بلند ہے، پوری قوم یکسو ہے، نفاق کی ہر سازش ناکام ہو چکی

لاہور (سٹاف رپورٹر) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے یوم تکریم شہداء بھرپور جوش وخروش سے منانے پر قوم سے تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یوم تکریم شہداء ملی جذبے اور عزم سے منانے پر پوری قوم کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ یوم تکریم شہداء پر پوری قوم کا جذبہ اور عزم دیدنی رہا۔ قوم نے شہداء اور ان کے فیملیز کے ساتھ بھرپور انداز میں یکجہتی کا اظہار کیا۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ قوم نے یوم تکریم شہداء منا کر 9 مئی کے شرپسندوں اور بلوائیوں کو واضح پیغام دیا ہے اور پوری قوم نے شرپسندوں کو بتا دیا ہے کہ شہداء، ان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

واشنگٹن: پاکستانی سفیر مسعود خان جینی ایلیمنٹری سکول تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اگلے 15 سے 20 روز میں پاکستان میں روسی تیل ہوگا: مصدق ملک

9 مئی کی ویڈیو کے ذریعے لوگوں کو شناخت کر کے پکڑا جارہا، نادرا سے تصدیق کے بعد لوگوں کو گرفتار کیا جارہا ہے، وزیر مملکت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت پیٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ روس سے رعایتی قیمت پر تیل مل رہا ہے اور اگلے 15 سے 20 روز میں پاکستان میں روسی تیل ہوگا۔ ایک انٹرویو میں وزیر مملکت نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کے درمیان تنازعات کو تھمنا ہوگا، رکنا ہوگا، ایسے تو کریانہ کی دکان نہیں چلتیں، آپ ملک کیسے چلا سکتے ہیں۔ مصدق ملک نے کہا کہ گیس پر 1700 ارب روپے کا گردشی قرضہ تھا، ہم نے گیس پر گردشی قرضے کو صفر کر دیا، ایل این جی پر بھی گردشی قرضے کو صفر کردیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ میں پہلی بار دوروسی وزیر 86 رکنی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

کوہاٹ کے نائب صدر بشیر احمد بھی کپتان کا ساتھ چھوڑ گئے

فوجی تنصیبات کو نقصان پہنچانے، یادگار شہدا مسمار کرنیکی مذمت کرتے: پریس کانفرنس

کوہاٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف ضلع کوہاٹ کے نائب صدر بشیر احمد نے بھی پارٹی کو خیرآباد کہہ دیا۔ پاکستان تحریک انصاف کوہاٹ کے سینئر نائب صدر بشیر احمد نے 9 مئی کے واقعات کی پرزور مذمت کرتے ہوئے پی ٹی آئی چھوڑنے کا باقاعدہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

میہڑ، عدالت کے باہر فائرنگ، 3 قیدی ہلاک

دادو (مانیٹرنگ ڈیسک) ضلع دادو کی تحصیل میہڑ میں ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت کے باہر مسلح افراد کی فائرنگ سے پولیس کسٹڈی میں موجود 3 قیدی ہلاک ہوگئے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

جلاؤ گھیراؤ: سابق آئی جی سندھ و پنجاب ضیاء الحسن کا بیٹا گرفتار

ملزم رضوان کو کورکمانڈر ہاؤس کے باہر احتجاج، توڑ پھوڑ الزام پر گرفتار کیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) 9 مئی جناح ہاؤس جلاؤ گھیراؤ واقعات میں ملوث سابق آئی جی سندھ و پنجاب میجر (ر) ضیاء الحسن کے بیٹے کو گرفتار کر لیا گیا۔ اس حوالے سے پولیس کا کہنا ہے کہ میجر (ر) ضیاء الحسن کے بیٹے رضوان ضیاء کو جیو فینسنگ کی لوکیشن سامنے آنے پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

مریم نواز شریف نے اپنے بچپن کی تصویر شیئر کردی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز شریف نے سوشل میڈیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

ملک قاسم خان کا ساتھیوں سمیت پی ٹی آئی چھوڑنے کا اعلان

عمران خان جو کہتے ہیں وہ نہیں کرتے اور جو نہیں کہتے وہ کرتے ہیں: پریس کانفرنس

پشاور (بیورو رپورٹ) سابق صوبائی مشیر جیل خانہ جات ملک قاسم خان نے بھی ساتھیوں سمیت تحریک انصاف کو خیرباد کہہ دیا۔ سابق صوبائی مشیر ملک قاسم خان نے پشاور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ساتھیوں سمیت پی ٹی آئی سے علیحدگی کا اعلان کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

سانحہ 9 مئی، کروڑوں کے سیف سٹی کیمرے برباد کردیئے گئے

سیف سٹی تنصیبات کے مجموعی نقصان کا تخمینہ 2 کروڑ 4 لاکھ 60 ہزار لگایا گیا: رپورٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) عمران خان کی گرفتاری کے بعد 9 مئی کو جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ کرنے والے شرپسندوں نے کروڑوں روپے مالیت کے سیف سٹی کیمروں کو بھی نقصان پہنچایا جس کی رپورٹ سیف سٹی اتھارٹی نے حکومت کو بھجوا دی۔ سیف سٹی اتھارٹی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

آسٹریلیا: سڈنی میں نریندر مودی کے خلاف مظاہرہ

سڈنی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے حالیہ دورہ آسٹریلیا کے دوران سڈنی میں انکے خلاف زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ وزیراعظم مودی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

پشاور پولیس کا سپیشل سکیورٹی یونٹ بنانے کا فیصلہ

ریڈ زون میں سپیشل سکیورٹی یونٹ کے دستے تعینات کیے جائینگے

پشاور (بیورو رپورٹ) صوبائی دارالحکومت پشاور میں پولیس نے سپیشل سکیورٹی یونٹ بنانے کا فیصلہ کر لیا۔ پولیس حکام کے مطابق پشاور کے ایریا کے ریڈ زون میں سپیشل سکیورٹی یونٹ کے دستے تعینات کیے جائیں گے، یہ سپیشل سکیورٹی دستہ ایس پی رینک کے آفیسر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

راؤ یاسر کی پی ٹی آئی حقیقی کی رجسٹریشن کیلئے درخواست جمع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی سے علیحدگی اختیار کرنے والے رکن اپنی پارٹی کیلئے الیکشن کمیشن میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

رواں سال پاکستان کی فی کس آمدن میں 11.38 فیصد کمی

فی کس آمدن 1568 ڈالر، جو گزشتہ سال 1766 ڈالر تھی: ادارہ شماریات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) موجودہ مالی سال میں پاکستان کی فی کس آمدنی میں 198 ڈالر کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق موجودہ مالی سال فی کس آمدن 1568 ڈالر رہی جو گزشتہ مالی سال 1766 ڈالر تھی جب کہ ایک سال میں فی کس آمدن میں 11.38 فیصد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

کراچی: این ڈی ایم اے کی طرف سے ترکی اور شام بھیجا گیا سامان بحری جہاز پر لوڈ ہے

پنجاب بلدیاتی انتخابات کیلئے الیکٹورل گروپس کے اندراج کا شیڈول جاری

امیدواران جو سیاسی پارٹیوں کے ٹکٹ پر الیکشن نہیں لڑنا چاہتے وہ الیکٹورل گروپ کا اندراج کروائیں: صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب

لاہور (خبرنگار) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے صوبہ پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے سلسلے میں ایسے امیدواران جو کسی سیاسی جماعت کے ٹکٹ پر انتخاب لڑنا چاہتے ہیں، انکے لئے الیکٹورل گروپ کے اندراج کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2022ء کے تحت بلدیاتی انتخابات کا انعقاد جماعتی بنیادوں پر کیا جائیگا، چنانچہ ایسے متوقع امیدواران جو آزاد حیثیت میں بغیر کسی سیاسی جماعت میں شمولیت کے الیکشن لڑنا چاہتے ہیں، انہیں الیکٹورل گروپ کا اندراج کروا کر گروپ کی صورت میں شمولیت حاصل کیے بغیر الیکشن میں حصہ لینا ہوگا۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

ورلڈ بینک نے بلوچستان کیلئے 21 کروڑ 30 لاکھ ڈالر کا فنڈ منظور کر لیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ورلڈ بینک نے بلوچستان کے لیے 21 کروڑ 30 لاکھ ڈالرز کا فنڈ منظور کر لیا۔ ورلڈ بینک کا منظور کیا گیا فنڈ بلوچستان میں روزگار بڑھانے اور دیگر ضروری خدمات کی فراہمی کے لیے استعمال (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد: خاتون اول بیگم ثمینہ علوی نادرا موبائل وین کی آمد پر عملہ سے محو گفتگو

روزنامہ قوت لاہور — چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

بینک آف پنجاب کا ایل ڈی اے منصوبوں میں سرمایہ کاری کا اظہار

اجلاس میں ایل ڈی اے کے ترقیاتی منصوبوں میں بینک آف پنجاب کی جانب سے سرمایہ کاری بارے بریفنگ دی گئی

لاہور (خبر نگار) ایل ڈی اے/ بینک آف پنجاب سرمایہ کاری بینک آف پنجاب کا ایل ڈی اے کے منصوبوں میں سرمایہ کاری میں دلچسپی بینکنگ سیکٹر کے تعاون سے ریسورس جنریشن کے لیے بہتر مواقع حاصل کیے جائیں گے۔ محمد علی رندھاوا لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت ایل ڈی اے اور بینک آف پنجاب کے افسران کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایل ڈی اے کے ترقیاتی منصوبوں میں بینک آف پنجاب کی جانب سے سرمایہ کاری بارے بریفنگ دی گئی۔ بینک آف پنجاب نے ایل ڈی اے کے منصوبوں میں سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ بینک آف پنجاب میگا منصوبوں میں سرمایہ کاری کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے لیے اپنی سفارشات پیش کرے گا۔ اس موقع پر کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ بینکنگ اور کارپوریٹ سیکٹر کے تعاون سے مارکیٹ کو ایکسپلور کیا جائے گا۔ بینکنگ سیکٹر کے تعاون سے ریسورس جنریشن کے لیے بہتر مواقع حاصل کیے جائیں گے۔ مارکیٹ میں بدلتے ہوئے رجحانات کو اپنانے کے لیے کارپوریٹ سیکٹر کی طرز پر اقدامات کرنے ہونگے۔ اجلاس میں گروپ ہیڈ بینک آف پنجاب اسٹریٹیجی اینڈ اسٹریٹجک انیشیٹیو نوفیل داود اور ندیم عارف بٹ ہیڈ پبلک سیکٹر ڈیپازٹ ڈیپارٹمنٹ، ایڈیشنل ڈی جی عمران علی، ایڈیشنل ڈی جی سید منور بخاری، چیف انجینئر اسرار سعید، ڈائریکٹر لاہور ڈویژن جاوید چوہان اور ڈائریکٹر ہاؤسنگ ٹین رابیل بٹ نے شرکت کی۔

گورنر پنجاب بلیغ الرحمن کی جنرل ہسپتال و پی آئی این ایس آمد پر پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر ڈاکٹر الفرید ظفر یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

پی آئی این ایس میں نیوروانجیوگرافی ڈیپارٹمنٹ کا افتتاح، جدید ریسرچ پر توجہ دینی ہوگی: ڈاکٹر جاوید اکرم

پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز دماغی علاج کے حوالے سے پاکستان میں اپنی نوعیت کا منفرد ادارہ ہے نیوروانجیوگرافی ڈیپارٹمنٹ کا افتتاح بارش کا پہلا قطرہ ہے

ڈاکٹرز ہمارے معاشرے میں بطور مسیحا اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، معاشرے میں شہدا کا بڑا مقام، 9 مئی کا دن شرمندگی کا باعث بنا، گورنر پنجاب

لاہور (خبر نگار) گورنر پنجاب انجینئر محمد بلیغ الرحمن اور نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز میں نیوروانجیوگرافی ڈیپارٹمنٹ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر خالد محمود، پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار ظفر الفرید، چیئرمین بورڈ پروفیسر ڈاکٹر انجم حبیب ووہرا، پروفیسر آصف بشیر، پروفیسر قاسم بشیر، پروفیسر مدثر، ڈاکٹرز اور نرسوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم اور گورنر پنجاب انجینئر محمد بلیغ الرحمن نے نیوروانجیوگرافی کے عمل کا جائزہ لیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز نے مہمانان خصوصی کو ادارہ میں آنے والے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ آج پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز کیلئے ایک تاریخی دن ہے۔ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز دماغی علاج کے حوالہ سے پاکستان میں اپنی نوعیت کا منفرد ادارہ ہے۔ ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ نیوروانجیوگرافی ڈیپارٹمنٹ کا افتتاح بارش کا پہلا قطرہ ہے۔ نیوروانجیوگرافی کی مشین سے زیادہ سے زیادہ عام آدمی کو فائدہ دینا چاہتے ہیں۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ صحت اللہ پاک کی بہت بڑی نعمت ہے۔ ہمیں عوام کو خطرناک بیماریوں سے بچانے کیلئے طب کی دنیا میں جدید ریسرچ پر خاص توجہ دینی ہوگی۔ پاکستان میں چالیس سال عمر تک ہر کوئی بلڈ پریشر کا مریض بن رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کے ویژن کے مطابق عوام تک صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں۔ صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے مزید کہا کہ صوبہ بھر میں ابھی تک پانچ ہزار سے زائد مریضوں کی پرائمری انجیو پلاسٹی کر چکے ہیں۔ پنجاب میں ڈرپ اینڈ شفٹ کا پروگرام کامیابی سے جاری ہے۔ گورنر پنجاب انجینئر محمد بلیغ الرحمن نے کہا کہ ڈاکٹرز ہمارے معاشرے میں بطور مسیحا اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے ہمیشہ صحت کے شعبہ کو اپنے دل کے قریب رکھا۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ ڈاکٹر بشیر مرحوم نے ہمیشہ خدمت انسانیت کی ہے۔ ڈاکٹر بشیر کے دونوں سپوت آصف بشیر اور قاسم بشیر پاکستانیوں کی خدمت کر رہے ہیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ بیرون ممالک میں پڑھنے والے پاکستانیوں میں ہمیشہ اپنے وطن کی خدمت کرنے کا جذبہ پایا ہے۔ بطور مسلمان ہمیں سنی سنائی باتوں پر یقین نہیں کرنا چاہیے۔ ہم حقائق سے برعکس سنی سنائی باتوں پر یقین کرنا شروع ہو گئے ہیں۔ گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن نے کہا کہ ہمیں اچھی زندگی گزارنے کیلئے ہمیشہ دوسروں کی اچھائیوں کو بیان کرنا چاہیے۔ آج پاکستان بہت بڑے بحران سے نکلنے کی کوشش کر رہا ہے۔ ملک میں ایک جانب تعمیری اور دوسری جانب تخریبی سیاست ہو رہی ہے۔ آج ہم نے صحیح اور غلط میں فرق کرنا ہے۔ محمد بلیغ الرحمن نے کہا کہ ہمارے معاشرے میں شہداء کا بڑا مقام ہے۔ 9 مئی کا دن شرمندگی کا سامنا کرنے کا دن تھا۔

خواتین ممبران سندھ اسمبلی کے وفد کا چائلڈ پروٹیکشن بیورو کا دورہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) خواتین ممبران سندھ اسمبلی کے وفد نے چائلڈ پروٹیکشن بیورو کا دورہ کیا۔ وفد میں ڈپٹی اسپیکر سندھ اسمبلی ریحانہ لغاری، صوبائی وزیر سندھ ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ سیدہ شہلا رضا، رعنا عضر، شاہینہ شیر علی اور دیگر شامل تھے۔ وفد کو چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے کام کی نوعیت اور امور کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ چیئرپرسن سارہ احمد کی جانب سے بچوں کے حقوق کے تحفظ اور فلاح و بہبود کیلئے کئے گئے اقدامات کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ وفد نے بیورو کے مختلف سیکشنز کا دورہ کیا اور بچوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ وفد نے بچوں کے ہاسٹل، چائلڈ پروٹیکشن سکول کا دورہ کیا اور آئی ٹی لیب، سچنگ کلاسز کا بھی معائنہ کیا۔ وفد نے چیئرپرسن سارہ احمد کی خدمات اور بچوں کے تحفظ کیلئے کئے گئے اقدامات کو سراہا۔ وفد نے چائلڈ پروٹیکشن بیورو پنجاب کی طرز پر سندھ میں چائلڈ پروٹیکشن اتھارٹی کو فعال کرنے کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر ڈی جی چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

ڈی جی آپریشن صادق علی ڈوگر شہر کے مختلف مقامات پر سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈی آئی جی آپریشنز صادق علی ڈوگر کا شہر کے مختلف مقامات کا دورہ

کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ، امن وامان کا قیام اولین ترجیح ہے: گفتگو

لاہور (خبر نگار) ڈی آئی جی آپریشنز صادق علی ڈوگر نے شہر کے مختلف مقامات کا دورہ کیا۔ انہوں نے گلبرگ، کینال روڈ سمیت دیگر مقامات پر سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ ایس ایس پی آپریشنز محمد صہیب اشرف و دیگر افسران اُنکے ہمراہ تھے۔ ڈیوٹی پر تعینات افسران نے ڈی آئی جی آپریشنز کو سکیورٹی انتظامات بارے بریفنگ دی۔ صادق علی ڈوگر نے ڈیوٹی پر تعینات جوانوں سے بھی ملاقات کی اور انہیں ضروری ہدایات دیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ، امن وامان کا قیام اولین ترجیح ہے۔ ڈیوٹی پر تعینات تمام جوان گردونواح مشکوک سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھیں۔

اینٹی کرپشن، پولیس کے پرویز الٰہی کی گرفتاری کیلئے چھاپے

لاہور (سٹاف رپورٹر) اینٹی کرپشن کی ٹیم تحریک انصاف کے صدر و سابق وزیر اعلیٰ چودھری پرویز الٰہی کی گرفتاری کے لئے دوسرے روز بھی چھاپے مارے گئے۔ بتایا گیا ہے کہ اینٹی کرپشن کی ٹیم نے پولیس کے ہمراہ وزیر اعلیٰ چودھری پرویز الٰہی کی گرفتاری کے سلسلے میں ان کے گھر سے ملحقہ ایک نجی سکول اور ہمسائے کے گھر کی تلاشی لی۔ پولیس ین ایک گھنٹے سے زائد سرچ آپریشن کیا تاہم پرویز الٰہی کی موجودگی کا کوئی ثبوت نہیں ملا۔ پولیس کی جانب سے پرویز الٰہی کی رہائشگاہ کی طرف آنے والے تمام راستے بھی بند کر رکھے۔ جمعرات کے روز اینٹی کرپشن عدالت لاہور نے ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن کے کیس میں پرویز الٰہی کی عبوری ضمانت خارج کر دی تھی کے بعد رات کے وقت اینٹی کرپشن کی ٹیم اور پولیس نے ان کی رہائشگاہ پر چھاپہ مارا تھا تاہم ان کی گرفتاری نہیں ہو سکی تھی۔

لاہور: کمشنر لاہور محمد علی رندوا پی ایچ اے ہیڈکوارٹر کے دورہ کے موقع پر منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کمشنر لاہور محمد علی رندوا کا پی ایچ اے ہیڈکوارٹر کا دورہ

بزنس پلان، شاہراؤں، علامہ اقبال ایئرپورٹ کی خوبصورتی پلاننگ کا جائزہ لیا

لاہور (سپیشل رپورٹر) کمشنر لاہور محمد علی رندوا نے پی ایچ اے ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا اور اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں پی ایچ اے کے بزنس پلان، مین شاہراؤں اور علامہ اقبال ائیرپورٹ کی خوبصورتی پلاننگ کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈی جی پی ایچ اے محمد طاہر وٹو کی کمشنر لاہور کو شہر میں جاری پروجیکٹس، محکمے کے ریونیو، ہارٹیکلچر، پلانٹیشن اور اربن فارسٹس پر تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر لاہور نے پی ایچ اے کو اپنے ریونیو کو بڑھانے کیلئے جیلانی پارک میں بزنس پلان تیار کرنے کی ہدایات بھی دی۔ اس موقع پر اجلاس میں ایئرپورٹ مینیجر ندیم احمد خان، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے۔ آرکیٹیکٹس۔ ڈائریکٹر ہیڈکوارٹرز، پروجیکٹ ڈائریکٹر ائیرپورٹ، ڈائریکٹر انجینئرنگ نے شرکت کی۔ اجلاس میں کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا نے کہا کہ شہر کی ہارٹیکلچر خوبصورتی اور شجرکاری و میواکی سب ملکر انسداد سموگ مہم کا بھی حصہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایچ اے کی آمدن میں اضافہ و خود انحصاری کیلئے تجاویز حکام بالا سے منظوری کیلئے بھجیں گے۔ شجرکاری مہم کا ہر پودا ٹیگ ہوگا۔ ایپلیکیشن مکمل ہو رہی ہے۔ شہری بھی ٹیگ کرینگے۔

ناکے گشت، جمعۃ المبارک پر سکیورٹی کے سخت انتظامات

نمازیوں کو مساجد اور امام بارگاہوں میں چیکنگ کے بعد داخل ہونے دیا گیا

لاہور (خبر نگار) کیپٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر پولیس کی جانب سے جمعۃ المبارک کے دن مساجد، امام بارگاہوں، مزاروں، مارکیٹوں اور اہم مقامات سمیت شہر بھر میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے۔ آج یہاں جاری ایک بیان میں ترجمان نے بتایا کہ لاہور شہر کی داخلی و خارجی پولیس چیک پوسٹوں پر افراد اور گاڑیوں کی سخت چیکنگ کی گئی۔ ڈویژنل ایس پیز، ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز اپنے علاقوں میں مساجد اور امام بارگاہوں سمیت عوامی نوعیت کے مقامات کے سکیورٹی کے لئے مسلسل سرگرم رہے۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر اہم شاہراہوں، مارکیٹوں، مالیاتی اداروں اور پبلک مقامات پر ناکے لگائے گئے۔ ناکہ بندی کا مقصد سکیورٹی کو مزید موثر بنانا اور جرائم پیشہ و امن دشمن عناصر کی حوصلہ شکنی ہے۔ سی سی پی او کے حکم پر ایس ایچ اوز اور چوکی انچارج صاحبان نے ناکوں پر چیکنگ کے عمل کی نگرانی کی۔ اسی طرح ایس پیز اور سپروائزری افسران بھی عوامی سکیورٹی کے لئے سرگرم رہے۔

کمشنر و ڈی جی ایل ڈی اے کا ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

لاہور برج توسیعی منصوبہ چند روز میں مکمل کر لیا جائے گا، محمد علی رندھاوا کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور و ڈائریکٹر جنرل جی لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی محمد علی رندھاوا نے رات گئے زیر تعمیر ترقیاتی منصوبوں لاہور برج اور سمن آباد انڈر پاس کا اچانک دورہ کیا اور ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر اسرار سعید اور متعلقہ پراجیکٹ ڈائریکٹر نے کمشنر لاہور کو منصوبوں کے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ منصوبوں پر چوبیس گھنٹے تیزی سے کام جاری ہے۔ سمن آباد انڈر پاس کی مانیٹرنگ کے لیے کیمرے نصب کر دیئے گئے ہیں۔ کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا نے بتایا کہ لاہور برج توسیعی منصوبہ چند روز میں مکمل کر لیا جائے گا۔ لاہور برج کے اپ اور ڈاون ریمپ پر کام مکمل ہو چکا ہے اور جلد باقی شیڈز بھی تیار کر لیے جائیں گے۔ کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا نے لاہور برج کی بیوٹیفکیشن اور پل کے اطراف پارکنگ کے کاموں کو بھی فوری شروع کرنے کی ہدایت کی۔ کمشنر لاہور نے سمن آباد انڈر پاس پر رات کی شفٹ میں افرادی قوت دوگنا کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ہر شفٹ پر کام کی مانیٹرنگ جاری ہے اور انڈر پاس کا کام جلد مکمل کر کے ٹریفک کے لیے کھولا جائے۔ کمشنر و ڈی جی ایل ڈی اے نے انڈر پاس کے مختلف حصوں کے تعمیراتی کاموں کا ڈیڈلائن کے مطابق اہداف کے حصول کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر اسرار سعید ایڈیشنل ڈی جی ہیڈکوارٹرز عمران علی، ڈائریکٹر ڈی جی ہیڈکوارٹرز آصف حسین اور اسسٹنٹ کمشنر ماڈل ٹاؤن بھی موجود تھے۔

پی ٹی آئی چھوڑنے والے دیگر جماعتوں میں جانے کو تیار

(ن)، پی پی اور (ق) لیگ میں جانے کیلئے مشاورت، دیکھو، انتظار کرو پالیسی پر گامزن

لاہور (سٹاف رپورٹر) 9 مئی کے واقعات کے ردعمل میں تحریک انصاف کو خیر باد کہنے والے پارٹی رہنماؤں کی اکثریت نے آئندہ کی سیاست کیلئے دوسری جماعتوں میں جانے کیلئے مشاورت کا عمل تیز کر دیا، پی ٹی آئی کو چھوڑنے والے پاکستان مسلم لیگ (ن)، پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ق) میں جانے کیلئے مشاورت کر رہے ہیں جبکہ کچھ سنجیدہ رہنما ممکنہ طور پر جہانگیر خان ترین اور عبد العلیم خان کے متحرک ہونے کی اطلاعات پر دیکھو اور انتظار کرو کی پالیسی پر گامزن ہیں۔ ذرائع کے مطابق تحریک انصاف کو خیر باد کہنے والے رہنماؤں میں سے اکثریت دوبارہ سیاست کرنے کے خواہشمند ہیں اور وہ کوئی وقت ضائع کئے بغیر اپنی اگلی سیاسی منزل کا ہدف حاصل کرنا چاہتے ہیں اور اس سلسلہ میں اپنے حلقوں کے اکابرین سے مشاورت کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق کچھ رہنماؤں کو یہ مشورہ دیا گیا ہے کہ انہیں فی الوقت انتظار کرنا چاہیے اور اور سیاسی جماعتوں کی طرف سے دعوت دیئے جانے پر انہیں باوقار طریقے سے شمولیت کا اعلان کرنا چاہیے۔ ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ق) اور پیپلز پارٹی کی مقامی قیادت نے پی ٹی آئی کو خیر باد کہنے والوں سے اپنے طور پر رابطے شروع کر دیئے ہیں۔

پی ٹی آئی رہنما اعجاز چوہدری کا 3 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

لاہور (جنرل رپورٹر) تحریک انصاف کے رہنما اعجاز چوہدری کا 3 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا گیا۔ لاہور کی انسداد دہشتگردی عدالت گلبرگ میں جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ اس موقع پر پولیس نے عدالت سے استدعا کی کہ اعجاز چوہدری سے تفتیش کرنی ہے جس کے لیے ریمانڈ دیا جائے۔ عدالت نے اعجاز چوہدری کا 3 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا۔ واضح رہے کہ دو روز قبل پی ٹی آئی کے سینیٹر اعجاز چوہدری کو اڈیالہ جیل سے رہائی کے فوراً بعد دوبارہ حراست میں لے لیا گیا تھا۔

پنجاب اور کے پی کے مختلف شہروں میں بارش سے موسم خوشگوار

چیچہ وطنی میں بھی بارش کے ساتھ خوب ژالہ باری ہوئی، ٹوبہ میں برف کے گولے برسے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب اور خیبرپختونخوا کے مختلف شہروں میں بارش سے موسم خوشگوار ہو گیا، محکمہ موسمیات نے آئندہ 2 روز تک بارش کی پیشگوئی کر دی۔ پنجاب اور خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں میں برکھا رت چھا گئی، بارش کے باعث گرمی کی شدت میں کمی آگئی۔ مظفر آباد، آزاد کشمیر میں بارش کا سلسلہ چوتھے روز بھی جاری رہا۔ لاہور اور مضافات میں گرج چمک کے ساتھ بارش سے نشیبی علاقے زیرآب آگئے۔

بھارت نے 9 ماہی گیروں سمیت 20 پاکستانی شہریوں کو رہا کر دیا

واہگہ بارڈر پر پاکستانی حکام کے حوالے کیا گیا، 9 ماہی گیر بھی شامل ہیں: حکام

لاہور (سٹاف رپورٹر) بھارت سے 9 ماہی گیروں سمیت 20 پاکستانی شہری رہائی پانے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے۔ بھارتی بارڈر سکیورٹی فورس کی جانب سے واہگہ بارڈر پر پاکستانیوں شہریوں کو پاکستان رینجرز کے حوالے کیا گیا۔ رہائی پانے والوں میں محمد عاقل، محمد اسلم، محمد سہیل، ذوالقرنین، محمد مشتاق، اقبال، عمران شاہد، منظور احمد، پورا بھیل، فدا حسین، غلام دستگیر شاہل، عبدالمناف، قاسم حسین، اچھر، شیر علی، سلیم، احمد، عبدالمجید، بخش علی اور محمد اقبال شامل ہیں۔

سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر بخاری "اوقاف ورکنگ گروپ" کے اجلاس میں ٹھیکہ جات کی بہتر مانیٹرنگ کے حوالے سے گفتگو کر رہے ہیں

بہتر مانیٹرنگ، سپرویژن سے ریونیو، ریکوری اہداف یقینی بنایا: طاہر رضا

رواں سال زر پٹہ 35,03,315 کے مقابلے میں 341,92,891 روپے رہا

لاہور (سپیشل رپورٹر) سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے ایوان اوقاف میں "اوقاف ورکنگ گروپ" کے اجلاس میں رواں ہفتہ کے نیلامیات /ٹھیکہ جات کا جائزہ اور آئندہ ہفتے میں ہونے والی، نیلامیات/ٹھیکہ جات کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بہتر مانیٹرنگ اور سپرویژن سے ریونیو اور ریکوری کے اہداف کو یقینی بنالیا، رواں سہ ماہی میں محکمانہ آمدن میں ریکارڈ اضافہ محکمے کے افسران کی تندہی اور محنت کا ثمر ہے۔ گزشتہ روز شیخوپورہ سرکل کی نیلامی زرعی پٹہ جات میں، گزشتہ سال زر پٹہ -/315,03,35 روپے کے مقابلے میں اس سال -/891,92,34,1 روپے موصول ہوئے، جو کہ 285 فیصد اضافہ ہے۔ جبکہ قصور سرکل میں گزشتہ سال کی رقم -/725,72,30,1 روپے کے مقابلے میں -/900,23,89,1 روپے ہے، جو کہ 45 فیصد اضافہ ہے، جو کہ یقیناً قابل قدر ہے۔ پنجاب بھر میں جاری ٹھیکہ جات، نیلامیات کے حوالے سے اوقاف ٹیم پوری طرح مستعد اور محکمانہ تعمیر و ترقی کے لیے سرگرم ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی شراکت داری، اتفاق رائے، تحرک، جوابدہی، شفافیت، منصفانہ طرز عمل اور قانون پر عمل داری گڈ گورننس کے بنیادی خواص ہیں۔ بدعنوانی کے خاتمے کے لیے اچھی ایڈمنسٹریشن، مینجمنٹ اور گورننس ضروری ہے۔

سلطان العاشقین مدظلہ الاقدس کی بارگاہ میں مخلوقِ خدا کی کثیر تعداد میں حاضری

لاہور (سٹاف رپورٹر) مانگا منڈی، سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس موجودہ دور کے انسان کامل اور فقیر مالک الملکی ہیں۔ آپ مدظلہ الاقدس کسی بھی سوالی اور حاجت مند کو خالی ہاتھ نہیں لوٹاتے۔ آپ مدظلہ الاقدس انتہائی شفقت اور مہربانی سے ہر ایک کے مسائل سنتے ہیں اور ان کے حق میں خصوصی دعا فرماتے ہیں۔ نیز دنیاوی مسائل کے حل کے لئے اللہ کے صفاتی ناموں کا وظیفہ بھی عطا فرماتے ہیں۔ اور جو معرفتِ الٰہی اور وصالِ الٰہی کی طلب میں آدہ تو یقیناً اپنے مقصود کو پالیتا ہے۔ آپ مدظلہ الاقدس اللہ کے سچے طالبوں کو سلسلہ سروری قادری میں بیعت فرماتے ہیں اور پہلے ہی دن اسم اعظم یعنی اسم اللہ ذات کا ذکر و تصور، مشق مرقوم وجودیہ اور سلطان الاذکار ھو کی لازوال نعمت عطا فرما دیتے ہیں۔

رانا فاروق سعید کی پارٹی رہنما امجد علی میو کے گھر جا کر انکی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت، فاتحہ خوانی

لاہور (سٹاف رپورٹر) قائم مقام صدر پیپلز پارٹی وسطی پنجاب رانا فاروق سعید پی پی 180 کے ٹکٹ ہولڈر امجد علی میو کے گھر گئے اور انکی والدہ کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر رانا فاروق سعید نے کہا کہ ماں کی موجودگی کسی تناور اور سایہ دار درخت کی مانند ہوتی ہے، اللہ تعالی امجد علی میو اور دیگر لواحقین کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنیکی توفیق عطا فرمائے۔

ریونیو ایڈوائزر زایسوسی ایشن کا ٹیکس شارٹ فال پر تشویش کا اظہار

موجودہ جی ڈی پی گروتھ کو دیکھا جائے تو ہدف میں کمی کرنا پڑیگی، چیئرمین عامر قدیر 1

لاہور (سٹاف رپورٹر) ریونیو ایڈوائزر زایسوسی ایشن کے چیئرمین عامر قدیر نے ایف بی آر کے ٹیکس وصولی کے سالانہ ہدف میں شارٹ فال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ جی ڈی پی گروتھ کو دیکھا جائے تو آئندہ مالی سال میں ٹیکس وصولی کے ہدف میں کمی کرنا پڑے گی، حکومت سے اپیل ہے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں زراعت اور برآمدی شعبوں پر توجہ مرکوز کرے، وزیراعظم اور وزیرخزانہ سے ہاتھ جوڑ کر اپیل ہے کہ زراعت اور برآمدی شعبوں کو مراعات اور ریلیف دیں یہی ہماری بدحالی کو خوشحالی میں بدلنے کا آسان نسخہ ہیں۔ اپنے دفتر میں صنعتکاروں کے نمائندہ وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے عامر قدیر نے کہا کہ ڈنگ ٹپاؤ پالیسیاں تو دہائیوں سے جاری ہیں اب اصلاحات کی جانب گامزن ہو جائے، زراعت کی ترقی کے لئے چین کی معاونت اور ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جائے، پاکستان صرف اپنی خوراک کی ضروریات خود پورا کرنا شروع کر دے تو ہمارا اربوں ڈالر کا درآمدی بل کم ہو سکتا ہے اور زراعت کی ترقی سے درجنوں صنعتیں بھی عروج حاصل کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت دنیا میں ہماری پہچان اور قیمتی زر مبادلہ لانے کا بہترین ذریعہ تھی لیکن حکومت کی عدم توجہ کی وجہ سے یہ صنعت آج زبوں حالی کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس وصولی کے ہدف میں شارٹ فال تشویش کا باعث ہے، جی ڈی پی گروتھ سب کے سامنے ہے اور آئی ایم ایف 30 فیصد تک کی ریونیو گروتھ دکھانے کا مطالبہ کر رہا ہے، انہی وجوہات کی وجہ سے حکومت کو بجٹ کی تیاری میں بھی مشکلات کا سامنا ہے۔

پنجاب: 1019 ٹریفک حادثات، 12 افراد جاں بحق

1063 زخمیوں کو ریسکیو 1122 کی طرف سے بروقت رسپانس کیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب ایمرجنسی سروس نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1019 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 576 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی اور تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 487 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیمز کی جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (71 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کیا جائے اور اولین کے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔ اعداد وشمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 529 ڈرائیور، کم عمر ڈرائیور 37، مسافر 424 اور 122 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد وشمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 230 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں، جن میں صوبائی دارالحکومت 253 متاثرین کے ساتھ پہلے، ملتان 83 حادثات میں 83 متاثرین کے ساتھ دوسرے، فیصل آباد 75 حادثات میں 80 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔

پنجاب کے چار ماہ کے ترقیاتی بجٹ کیلئے 330 ارب کی سفارشات حکومت کو پیش

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب کے آئندہ مالی سال کے چار ماہ کے ترقیاتی بجٹ کے لئے 330 ارب روپے کی سفارشات صوبائی حکومت کو پیش کر دی گئیں۔ ذرائع کے مطابق پنجاب کے آئندہ 4 ماہ کے ترقیاتی بجٹ پر سفارشات نگران حکومت کو پیش کر دی گئی ہیں، آئندہ مالی سال میں 4 ماہ کے ترقیاتی بجٹ کا حجم 330 ارب روپے مختص کرنے، غیرملکی فنڈنگ سے جاری منصوبوں کیلئے اخراجات کا تخمینہ 30 ارب روپے تجویز کیے گئے ہیں۔

بڑھتی مہنگائی کے باوجود پاکستان میں رہائش اب بھی سب سے سستی

لاہور (سٹاف رپورٹر) کمزور معیشت، سیاسی کشیدگی اور بڑھتی ہوئی مہنگائی سے نبرد آزما ہونے کے باوجود پاکستان کو رہنے کے لیے دنیا کے سب سے سستے ممالک کی فہرست میں پہلے نمبر پر رکھا گیا ہے۔ عالمی ادارہ شماریات نے رہائش کیلئے سستے ممالک کی درجہ بندی میں پاکستان کو سرفہرست رکھا ہے، مصر دوسرے اور بھارت تیسرے نمبر پر ہے۔ اس فہرست کے مطابق کسی ملک میں رہائش کی لاگت اور دیگر متعلقہ اعشاریے امریکی ڈالر کے لحاظ سے درکار رقم پر مبنی ہیں۔ پاکستان میں حالیہ مہینوں کے دوران ڈالر کی مسلسل بڑھتی ہوئی شرح کی وجہ سے قوت خرید میں کمی دیکھی گئی ہے۔ 18 کے انڈیکس سکور کے ساتھ، پاکستان کی رینکنگ دیگر اقوام کے مقابلے میں یہاں رہائش کیلئے انتہائی کم قیمت کی عکاسی کرتی ہے۔ رینٹ انڈیکس کا سکور 4.3 ہے، جو ملک میں رہائش کی استطاعت کو ظاہر کرتا ہے۔

ریلوے لاہور ڈویژن کا وزیر آباد ریلوے سٹیشن پر سیفٹی سیمینار

فرسٹ ایڈ ٹرٹمنٹ، آتشزدگی آلات استعمال، حادثات روک تھام پر زور دیا گیا

لاہور (سپیشل رپورٹر) ریلوے لاہور ڈویژن کے زیر اہتمام وزیر آباد ریلوے سٹیشن پر سیفٹی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کا انعقاد ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے محمد سفیان سرفراز ڈوگر اور ڈپٹی ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے عمران مشال کی ہدایت پر کیا گیا۔ سیفٹی سیمینار میں ڈویژنل ٹرانسپورٹیشن آفیسر ریلوے عمارہ سمیع نے خصوصی شرکت کی۔ سیفٹی سیمینار میں سٹیشن ماسٹرز، گارڈز، ٹرین ایگزامینرز، کیبن مینوں، گیٹ مینوں کے علاوہ دیگر سٹاف نے بھی کثیر تعداد میں شرکت کی۔ سیمینار میں سٹاف کو سیفٹی اصولوں کی اہمیت وضرورت سے متعلق آگاہی و تربیت دی گئی۔ اس موقع پر فرسٹ ایڈ ٹریٹمنٹ، آگ بجھانے والے آلات کا بروقت استعمال، حادثات کی روک تھام، ٹریک و رولنگ اسٹاک کی مرمت سمیت سگنلنگ سے متعلق قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ ڈی ٹی او ریلوے نے سیمینار کے موقع پر سٹاف سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیفٹی اصولوں کی پابندی ٹرین آپریشن کو محفوظ بناتی ہے تاہم سٹاف کی آسانی اور رہنمائی کیلئے ٹرین آپریشن سیفٹی سے متعلق ہر ماہ سیفٹی سرکلر اور سپیشل بلیٹن بھی جاری کیے جاتے ہیں۔ ڈی ٹی او ریلوے نے مزید کہا کہ ٹیم ورک اور ذمہ داری سے سیفٹی اصولوں پر عمل کرتے ہوئے ٹرین آپریشن کو محفوظ بنایا جا سکتا ہے۔

برائلر گوشت کی قیمت میں 3 روپے اضافہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 3 روپے اضافے سے 579 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 2 روپے اضافے سے 386 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 270 روپے فی درجن پر مستحکم رہی۔

بجٹ میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر کیلئے پیکج کا اعلان کیا جائے: محمد سعید

وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر اعلی پنجاب محسن نقوی کو خط بھیج دیا گا: گفتگو

لاہور (کامرس رپورٹر) رواں مالی سال کے بجٹ میں رئیل سٹیٹ سیکٹر کے لیے خصوصی پیکج کا اعلان کیا جائے۔ لاہور پراپرٹی ڈیلرز ایسوسی ایشن نے بجٹ میں وفاقی اور صوبائی حکومت کو سفارشات پیش کر دیں۔ وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر اعلی پنجاب محسن نقوی کو خط بھیج دیا گا۔ چیف کوآرڈینیٹر جوہر ٹاؤن پراپرٹی ڈیلرز ایسوسی ایشن محمد سعید کی سربراہی میں وفاقی اور صوبائی حکومت کو سفارشات ارسال کی گئی ہیں۔ فائلر کے لیے ایڈوانس ٹیکس کی شرح 2 فیصد سے کم کر کے ایک فیصد، نان فائلر کیلئے ایڈوانس ٹیکس کی شرح 2 فیصد کرنیکی سفارش کی گئی ہے۔ رئیل سٹیٹ سیکٹر کی ترقی کیلئے رئیل سٹیٹ ریگولیٹری اتھارٹی کا آغاز کرنے، کیپیٹل گین ٹیکس کی مدت 5 سال کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔ رئیل سٹیٹ ایجنٹ کی قانونی حیثیت، رجسٹریشن اور خرید و فروخت پر 2 فیصد کمیشن مقرر کرنے، ڈی سی ریٹ کو نہ بڑھانے، سٹامپ ڈیوٹی کی شرح ایک فیصد برقرار

ایف بی آر کی سیلز ٹیکس، ودیگر ٹیکسوں کی مد میں چھاپوں سے انڈسٹریز میں خوف و ہراس تشویشناک ہے' میاں خرم الیاس

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرمین ٹاؤن شپ انڈسٹریز ایسوسی ایشن لاہو میاں خرم الیاس نے لاہور میں ایم بی آر کی جانب سے ٹیکس اہداف پورے کرنے کے لئے سندر انڈسٹریل اسٹیٹ و دیگر مختلف انڈسٹریل یونٹس پر سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس ایڈوانس و دیگر ٹیکسوں میں چھاپوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ انڈسٹریز اور صنعتکار پہلے ہی اپنے تمام ٹیکسز ذمہ داری سے ادا کر رہے ہیں لیکن انڈسٹریز پر چھاپوں سے ہراسمنٹ قابل قبول نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹاؤن شپ انڈسٹریز ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین سہیل اکبر، احسن منیر چاولہ وائس چیئرمین کے ہمراہ صنعتکاروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملکی معاشی حالات انتہائی خراب ہیں انڈسٹریز بند ہو رہی ہیں PEL نے ساڑھے تین ہزار ملازمین کو فارغ کر دیا ہے جبکہ ٹاؤن شپ انڈسٹریز میں بھی انڈسٹریز بند ہونے سے 20 ہزار سے زائد ملازمین فارغ ہو چکے ہیں۔

لیسکو چیف شاہد حیدر کے زیر صدارت ڈیپارٹمنٹل اکاؤنٹس کمیٹی اجلاس

شاہد حیدر کی ڈی جی آڈٹ کو آڈٹ پیراز کے حوالے سے مکمل تعاون کی یقین دہانی

لاہور (خبر نگار) چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر کی زیر صدارت ڈیپارٹمنٹل اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس گزشتہ روز لیسکو ہیڈ کوارٹر میں منعقد ہوا جس میں ڈی جی آڈٹ شیخ ندیم بھی موجود تھے۔ جبکہ اس اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر آڈٹ فضل الٰہی، برانچ آڈٹ آفیسر شاہد یوسف بھٹی اور محمد فرحان نے شرکت کی۔ اس کے ساتھ ساتھ جوائنٹ سیکریٹری غلام رسول انجم، ڈائریکٹر پی ایم سی میاں بشارت، آڈٹ آفیسر عارف اقبال، آڈٹ آفیسر محمد اقبال اور آڈٹ آفیسر محمد اکرام بھی موجود تھے۔ ڈیپارٹمنٹل اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس میں لیسکو کے چیف انجینئر او اینڈ ایم طاہر ملیو، سی ایس ڈی رائے محمد اصغر، چیف فنانس آفیسر بشری عمران، چیف انجینئر سرور مغل، چیف انجینئر آصف مجید، ڈی جی امپلیمینٹیشن ضمیر حسین کلاچی، ایس ای سول محمد فرقان سمیت تمام سرکلز کے ایس ایز نے بھی شرکت کی۔

ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ڈولفن اہلکار زخمی، دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں فرار ہوتے ہوئے ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ڈولفن اہلکار زخمی ہو گیا جبکہ دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار اور تیسرا فرار ہو گیا۔ ترجمان ڈولفن کے مطابق برکی گول چکر ڈولفن سکواڈ کا ڈاکوؤں سے آمنا سامنا ہوا۔ 3 مشکوک موٹر سائیکل سوار تیز رفتاری سے ون وے آ رہے تھے، ڈولفن ٹیم نے سٹاپ اینڈ سرچ کے دوران موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا تو ڈاکوؤں نے فائرنگ کرتے ہوئے موقع سے فرار ہونے کی کوشش کی۔ ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ڈولفن اہلکار عرفان گولی لگنے سے زخمی ہو گیا جسے طبی امداد کے لئے جنرل ہسپتال منتقل کیا گیا۔

فوج نے ہمیشہ ملکی دفاع کیلئے قربانیاں دی ہیں: شیخ عبدالمنان

پاک فوج کے ساتھ محب وطن عوام کی وفاداری اور محبت میں کبھی کمی نہیں آسکتی

لاہور (سٹاف رپورٹر) سینئر تاجر رہنما برانڈرتھ روڈ شیخ عبدالمنان نے کہا ہے پاک فوج نے ہمیشہ ملکی دفاع کیلئے قربانیاں دی ہیں۔ پاکستان سے محبت کرنے والے عوام پاک فوج کی قربانیوں کی دل سے قدر کرتی ہے۔ پاک فوج کے ہزاروں شہداء جانیں قربان کر گئے ان کی یادوں کی بے حرمتی سے ہمیں دلی تکلیف ہوئی ہے۔ بیرونی و اندرونی چیلنجز میں پاک فوج کی قربانیاں تابناک اور شاندار ہیں۔ پاک فوج کیخلاف الزامات اور پروپیگنڈے کی سیاست کرنے والے عناصر رسوا ہو جائیں گے۔ پاک فوج کے ساتھ محب وطن عوام کی وفاداری اور محبت میں کبھی کمی نہیں آسکتی۔ پاکستان کو مضبوط بنانے اور دشمن کی ناپاک سازشوں سے بچانے میں پاک فوج کا ناقابل تسخیر کردار ہے۔ پاک فوج کیساتھ ملک کے کروڑوں عوام کھڑے ہیں اور ہمیشہ کھڑے رہیں گے۔

LAHORE FORT PUBLIC TOILETS RENTAL OFFERS

Walled City of Lahore Authority intends to rent out the below mentioned 2- Sets of Public Toilet / Washrooms (2-Set of Public Toilet at Lahore Fort). Offers are invited from interested parties who wish to run the Public Toilet. Interested parties are requested to submit the financial bids offer on 15th June 2023 at 11:00 AM and open on next working day. In case of cancellations the next on 16th June 2023. Any information may be obtained from office of the undersigned during office hours

Terms and Conditions/Required Documents

1. Company Registration and NTN certificate
2. Financial stability certificate from scheduled Bank
3. Experience of Five (05) years
4. in case of incomplete information, the application will not be entertained
5. Call deposit amounting to Rs.50,000/- (refundable) in favour of Lahore Fort Fund
6. Department reserves the right to accept, negotiate or reject any proposal without assigning any reason.
7. The duration of the contract will be of one year extendable for the same period on the basis of satisfactory performance.
8. Per person charges for Toilet use Rupees 50/-
9. The contractor will be responsible for the up keep & cleanliness of the set of toilets.
10. All toileteris / useless items in washrooms will be provided by contractor.
11. Washroom cleaning duty list/ roster will be placed outside washrooms.
12. No fixture will be removed or placed without the permission of the undersigned.
13. No Sub contracting is allowed. In case of sub-contracting the Walled City of Lahore Authority reserves the right to cancel the contract.
14. Uniformed janitorial staff of the contractor will be enlisted with Lahore Fort management and will wear proper uniform.

For any details please contact:

IPL 3964

(Tania Qureshi)
In-Charge Marketing, Tourism & Culture
Walled City of Lahore Authority
54-Lawrence Road, Imdad Bilqees Building, Lahore
Tel: 042-99204239

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور (3) 27 مئی 2023

شہداء کی فیملیز کو سلام پیش کرتا ہوں: ڈی پی او نارووال رانا طاہر رحمان

میرے دروازے شہدا کی فیملیز کیلئے ہر وقت کھلے ہیں، شکر گڑھ طیب سعید شہید پولیس لائن میں شہدا کو خراج تحسین پیش کرنیکی تقریب سے خطاب

شکر گڑھ (نامہ نگار) ڈی پی او نارووال رانا طاہر رحمان خاں کی سربراہی میں طیب سعید شہید پولیس لائن میں نارووال پاک فوج اور پولیس کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کے سلسلہ میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں پاک فوج کے اعلیٰ افسران و ملازمان، سیشن جج صاحب، ڈی سی نارووال صاحب اور نارووال پولیس کے شہداء کی فیملیز کے علاوہ نارووال پولیس کے افسران و ملازمان نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق یوم شہداء پاک فوج و پولیس کے موقع پر ڈی پی او نارووال کے ہمراہ بطور مہمان خصوصی پاک فوج کے افسران، سیشن جج صاحب اور ڈی سی نارووال صاحب نے یادگار شہداء پر حاضری دی۔ جہاں پر نارووال پولیس کے چاک و چوبند دستے نے افسران اور شہداء کی فیملیز کو سلامی دی۔ ڈی پی او نارووال کے ہمراہ پاک فوج کے افسران، سیشن جج صاحب اور ڈی سی نارووال صاحب نے یادگار شہداء پر پھول چڑھائے اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کی۔ اس موقع پر ڈی پی او نارووال نے کہا شہداء کی فیملیز کے ساتھ بیٹھنا میرے لیے اعزاز کی بات ہے۔ شہداء کی فیملیز کی ذمہ داری ہماری اولین ذمہ داری ہے اور میں شہداء کی فیملیز کو سلام پیش کرتا ہوں۔ شہداء کی فیملیز کی خدمت میں میرے تمام اختیارات حاضر ہیں۔ اور میرے آفس کے دروازے 24 گھنٹے شہداء کی فیملیز کی خدمت کے لیے کھلے ہیں۔ ڈی پی او نارووال نے حاضرین سے فرداً فرداً مسائل سنے اور انہیں موقع پر حل کرنے کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات صادر فرمائے۔

جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں ٹھنڈی ہواؤں کے ساتھ بارش

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں ٹھنڈی ہواؤں کے ساتھ بارش، گرمی سے مرجھائے چہروں پر رونق اُمڈ آئی، شہر اور گردونواح میں رم جھم نے موسم خوشگوار بنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق شہر سمیت ضلع بھر میں بارش نے گرمی کو کوسوں میل دور بھگا دیا۔ ٹھنڈی ہواؤں کے ساتھ خوب بادل برسے تو ڈالی ڈالی جھوم اٹھی، درخت اور پودے غسل کے بعد سرسبز و شاداب نظر آنے لگے۔

گندم سرکاری ریٹ پر محکمہ خوراک کے سپرد کی جائے: ڈپٹی کمشنر

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر گوجرانولہ فیاض احمد موہل کا ضلع میں جاری گندم خریداری مہم کا ہدف مکمل کرنے کے سلسلہ میں آڑھتیوں اور فلور ملز ایسوسی ایشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فلور ملز اور آڑھتی حضرات تعاون کریں گھروں ڈیروں ملوں گوداموں و دیگر مقامات پر ذخیرہ کی گئی گندم سرکاری ریٹ پر محکمہ خوراک کے سپرد کی جائے بصورت دیگر ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے۔

پنجاب سٹیز پروگرام کے تحت بس سٹینڈ کی تعمیر کا منصوبہ جنرل بس اسٹینڈ نئے سرے سے تعمیر کیا جائے گا

جھنگ (بیورو رپورٹ) پنجاب سٹیز پروگرام کے تحت بس سٹینڈ کی تعمیر کا منصوبہ جنرل بس اسٹینڈ نئے سرے سے تعمیر کیا جائے گا۔ منصوبے کا پی سی ون تیار ہو چکا ہے۔ ستر کروڑ روپے کی لاگت سے لاری اڈے کی تعمیر ہوگی۔ پی سی ون منظوری کیلئے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کو ارسال کیا جا چکا ہے۔ منصوبے میں ویٹنگ ہال، 28 ٹکٹنگ بوتھ، مسافروں کیلئے 18 ٹوائلٹس شامل ہیں۔ خصوصی افراد کیلئے 2 ٹوائلٹس، سٹاف کیلئے 8 ٹوائلٹس بھی بنائے جائیں گے۔ منصوبے میں جائے نماز، وضو خانہ، ٹک شاپ، پینے کے پانی پلانٹ بھی شامل کیا گیا ہے۔

حاجی طالب حسین ٹھیکیدار جو گزشتہ روز انتقال فرما گئے

شرقپور شریف (نامہ نگار) جرنلسٹ پریس کلب شرقپور کے سینئر وائس چیئرمین وقاص بلا کے ماموں اور غلام مرتضیٰ مغل، مصطفیٰ مغل کے بھائی اور ذوہیب مغل، احتشام مغل کے والد محترم حاجی طالب حسین ٹھیکیدار جو گزشتہ روز انتقال فرما گئے تھے انکی نماز جنازہ شرقپور میں ادا کردی گئی جس میں علاقہ کی سیاسی و سماجی شخصیات کے علاوہ معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور مرحوم کو شرقپور تھے دھن قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

محکمہ انہار کی نااہلی راجباہ کی صفائی کر کے گندگی باہر نکال کر شاہراہ پر پھینک دی گئی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) محکمہ انہار کی نااہلی راجباہ کی صفائی کر کے گندگی باہر نکال کر شاہراہ پر پھینک دی گئی شدید بدبو اور تعفن سے شہریوں کا برا حال ہوگیا بیماریاں پھیلنے لگیں سکول جانے والے ہزاروں طلباء وطالبات اذیت میں مبتلا گندگی کو ٹھکانے لگانے کا مطالبہ تفصیل کے مطابق شہر کے وسط سے گزرنے والے راجباہ جو گندگی کی آماجگاہ بن چکا تھا محکمہ انہار نے صفائی تو کردی گئی ہے لیکن عملہ گندگی کو راجباہ سے ملحقہ شاہراہ پر پھینک گیا راجباہ کے اردگرد سرکاری وفجی تعلیمی ادارے ہونے کی وجہ سے ہزاروں طلباء وطالبات شدید اذیت میں مبتلا ہیں شدید بدبو اور تعفن سے سانس لینا دشوار ہو چکا ہے شہریوں کا صبح واک پر نکلنا بھی مشکل ہو چکا ہے مچھروں کی بہتات میں اضافہ ہو رہا ہے بیماریاں پھیل رہی ہیں شہریوں نے مطالبہ کیا ہے۔

سالانہ عرس مبارک بروال شریف الحاج پیر سید قائم علی شاہ رح یکم جون کو ہوگا

شکر گڑھ (نامہ نگار) سالانہ عرس مبارک بروال شریف الحاج پیر سید قائم علی شاہ رح المعروف بکیال والی سرکار اور پیر سید شہباز علی شاہ نقوی رح یکم جون کو ہوگا۔ عرس مبارک فرزندان پیر سید شہباز علی نقوی رح بروال شریف پیر سید نجم الحسن نقوی، پیر سید علی عباس نقوی، پیر سید اکمل حسین نقوی کی زیر نگرانی منعقد ہوگا۔ عرس مبارک کے موقع پر دربار بروال شریف کو برقی کمکوں کے ساتھ سجا دیا گیا ہے۔ عرس مبارک کی تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہے۔

کمشنر مون سون کے انتظامات کے بارے اجلاس ان کے کمیٹی روم میں منعقد

اجلاس میں ڈپٹی کمشنر شعیب علی و دیگر پی ڈی ایم اے کے نمائندوں نے شرکت کی

سرگودہا (عبدالمنان چوہدری) کمشنر محمد اجمل بھٹی کی زیر صدارت مون سون کے انتظامات بارے اجلاس ان کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر سرگودہا کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی، ڈپٹی کمشنر خوشاب ذیشان شبیر رانا، ڈپٹی کمشنر میانوالی سجاد احمد خان، ڈپٹی کمشنر بھکر ڈاکٹر نور محمد اعوان اور چیف انجینئر انہار صداقت لطیف سمیت چاروں اضلاع کے اے ڈی سی آرز، پی ڈی ایم اے کے نمائندوں نے شرکت کی۔ کمشنر محمد اجمل بھٹی نے مون سون میں ممکنہ سیلاب کی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام تر انتظامات پیشگی مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے چاروں اضلاع سے گزرنے والے دریاؤں، بڑی نہروں اور برساتی نالوں کے پشتوں کا معائنہ کرنے اور قریبی علاقوں کو سیلابی پانی سے محفوظ رکھنے کے لیے کمزور پشتوں کو مظبوط بنانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے محکمہ انہار کی جاری سکیموں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیا انہوں نے چاروں ڈپٹی کمشنرز کو محکمہ انہار اور پی ڈی ایم اے سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے افسران کی مشترکہ ٹیم تشکیل دے کر تمام دریاؤں، بڑی نہروں اور برساتی نالوں کے پشتوں کا از نو جائزہ لینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کمزور پشتوں کا فوری سدباب یقینی بنایا جائے۔

عارف والا میں لیبر کی شدید کمی ہے: چیئرمین سیکرٹری رانا غلام عباس

ایک لائن مین تقریباً چار پانچ بندوں کا کام کرتا ہے، ایک سب ڈویژن میں تقریباً تیس چالیس ہزار کسٹمر ہیں

عارفوالا (نمائندہ قوت) آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک لیبر ورکرز یونین (CBA) میپکو ڈویژن عارف والا میپکو ڈویژن عارف والا میں ڈویژنل چیئرمین و زونل سیکرٹری رانا غلام عباس نے میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ عارف والا میں لیبر کی شدید کمی ہے اور ایک لائن مین تقریباً چار پانچ بندوں کا کام کرتا ہے ایک سب ڈویژن میں تقریباً تیس چالیس ہزار کسٹمر ہیں جن کو ڈیل کے لئے صرف چند لائن مین ہیں ان کو نہ کبھی مکمل (ٹی اینڈ پی) دی جاتی ہے اور نہ اس کے پاس اسسٹنٹ لائن مین ہے جبکہ پٹرول 300 روپے لیٹر ہے اس مہنگائی کے دور میں ملازمین کا گزر بسر نہایت مشکل ہے اس لئے ہم وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف، منسٹر واٹر اینڈ پاور خرم دستگیر اور ہمارے فخر مزدو خورشید احمد خاں آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک لیبر ورکرز یونین (CBA) سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ ہماری تنخواہ 100 فیصد بڑھائی جائے تا کہ اس مشکلات میں مزدور کا چولھا آسانی سے چل سکے اور ہمارے TA بل اور فری سپلائی بجلی یونٹ بھی بڑھائے جائیں اور ہمارے کنٹریکٹ ملازمین کو، ان ایکٹو سپورٹس مین جو عرصہ دراز سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں ان کو ریگولر، ڈیلی ویجز ملازمین کو ریگولر محکمہ میں جتنی بنیادوں پر بھرتی کی جائے اور فوراً سٹاف کی کمی کو پورا کیا جائے تا کہ کسی بھی ناخوشگوار واقعات سے بچا جا سکے اور جو میٹر ریڈر کے پاس موبائل ہیں ان کو تقریباً پانچ سال سے زائد عرصہ ہو گیا ہے نہایت ہی بے قار ہیں ان کو فوراً تبدیل کیا جائے اور نئے موبائل لے کر دیئے جائیں تا کہ ریڈنگ اور Snap صحیح ہو سکے اس موقعے پر ڈویژنل لیبر یونین ممبران موجود تھے ڈویژنل سیکرٹری رفیق حیدر۔ ڈویژنل جوائنٹ سیکرٹری محمد ریاض پیرزادہ۔ زونل سینئر وائس چیئرمین ملک فیض رسول۔ ڈویژنل ہاتھ سیکرٹری چوہدری وسیم ارشد، ڈویژنل اے ڈیشنل پریس سیکرٹری عارف والا چوہدری محمد شکیل کمبوہ بھی موجود تھے۔

عارفوالا: آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک لیبر ورکرز یونین سی بی اے میپکو ڈویژن عارف والا کے حق میں ڈویژنل چیئرمین و زونل سیکرٹری رانا غلام عباس میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے

مسلح افواج پاکستان ملکی داخلی اور خارجی محازوں کے محافظ ہیں: ڈپٹی گروپ

قوم اپنے شہداء ہیروز اور غازیوں کی پشت پے کھڑی تھی ہے

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید بیورو) مسلح افواج پاکستان ملکی داخلی اور خارجی محازوں کے محافظ ہیں اور قوم اپنے شہداء ہیروز اور غازیوں کی پشت پے کھڑی تھی ہے اور رہے گی۔ ملکی و بیرون ملکی ہر قسم کے منفی پروپیگنڈہ کے خلاف پاکستانی قوم اپنے دفاع کی علامت پاکستانی سیکیورٹی فورسز مسلح افواج پاکستان کے ہمرقاب ہے اور نہ صرف 9 مئی کے شرانگیز و سیاہ ترین دن کی مذمت کرتی بلکہ ریاستی اداروں اور ملکی گیر جلاؤ گھراؤ میں ملوث ہر بلوائی کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچانے کا مطالبہ کرتی ہے۔ ان باتوں کا اظہار سول ڈیفنس سیالکوٹ پولیس کے ڈپٹی گروپ وارڈن D. خواجہ عامر جاوید نے اپنے جاری میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہماری بقاء پاکستان اور مسلح افواج و سیکیورٹی فورسز اور آئی۔ ایس۔ آئی ملک وقوم کی بقاء کی ضامن ہے۔ ہمارے شہداء کی علامت عسکری تنصیبات کو توڑنے والوں نے نفرت انگیز و زہریلی حرکت کی ہے جسے کسی بھی طور جسٹیفائی نہیں کی جاسکتا۔ بجائے مذمت کرنے کے اس سب کے زمہ داران بے شری کیساتھ اس سب کا الزام بھی ڈھٹائی کیساتھ قومی سلامتی کے اداروں پر لگا رہے ہیں جو ظلم کی انتہا ہے۔ ایمبولینسوں، درختوں اور عام پاکستانیوں سمیت یادگار شہداء اور سولین و پولیس کی گاڑیوں اور فوجی تنصیبات اور ریڈیو اسٹیشن وملکی اہم عمارات کو آگ میں جھونکنے والے کسی قسم کی رعایت کے مستحق ہیں۔

نفساء، نفسی کے دور میں آپس کے اختلافات کو بھلا کر پیار محبت قائم کرنا چاہیے: مولانا مفتی محمد عثمان

کسی کا کوئی بہن، بھائی، عزیز رشتہ دار ناراض ہو تو اُسے منانے میں پہل کریں

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اصلاح امت فاؤنڈیشن تحصیل ڈسکہ کے صدر علامہ مولانا مفتی محمد عثمان رضا مدنی نے کہا کہ نفساء، نفسی کے دور میں آپس کے اختلافات کو بھلا کر پیار محبت قائم کرنا چاہیے اپنے عزیز واقارب کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں اگر کسی کا کوئی بہن، بھائی، عزیز رشتہ دار ناراض ہو تو اُسے منانے میں پہل کریں تا کہ دنیا وآخرت میں کامیاب ہوسکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے موضع کشمیر نگر میں سینئر صحافی چوہدری لیاقت علی طاہر مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے دوسری سالانہ برسی کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اولاد کو چاہیے کہ جن کے والدین ہیں انکی خدمت کیا کریں اور جن کے والدین اس دنیا سے رُخصت ہوگئے ہیں اُن کی بخشش کیلئے دعا اور اُنکی قبروں پر جا کر فاتحہ خوانی کیا کریں، آپ کا ارشاد ہے کہ ماں کے قدموں تلے جنت ہے اور باپ جنت کا دروازہ ہے اولاد اپنے والدین کی خدمت کر کے جنت کما ئیں، چوہدری لیاقت علی طاہر مرحوم نے اپنی زندگی میں ہمیشہ اپنے اردگرد رہنے والے افراد عزیز رشتہ داروں سے محبت کی اور خوشیاں بانٹی ہیں اسی وجہ سے لوگ آج بھی انہیں بہت یاد کرتے ہیں۔

ڈسکہ: علامہ مولانا مفتی محمد عثمان رضا مدنی، قاری مبارک علی و دیگر کشمیر نگر میں چوہدری لیاقت علی طاہر مرحوم کی سالانہ برسی کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سمیت ضلع بھر میں آئے روز ہونے والی مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی، گیس، بجلی، اشیائے خورد ونوش کی آسمان سے باتیں کرتی قیمتیں غریب جائے تو کہاں جائے موجودہ مہنگائی نے غریبوں کی خواہشات کو ریزہ ریزہ کر کے رکھ دیا، ان خیالات کا اظہار جہلم کے شہریوں نے اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

ڈی پی او ملک طارق محبوب کا تھانوں میں مقدمات کی تفتیش میں تاخیر پر سخت نوٹس

ناقص کارکردگی پر ایس ایچ اوز کے خلاف سخت محکمانہ ایکشن لینے کا فیصلہ

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او ملک طارق محبوب کا تھانوں میں مقدمات کی تفتیش میں تاخیر پر سخت نوٹس، ایس ڈی پی اوز کو خصوصی نگرانی کی ہدائت، ناقص کارکردگی پر ایس ایچ اوز کے خلاف سخت محکمانہ ایکشن لینے کا فیصلہ، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او ملک طارق محبوب نے تھانوں میں درج مقدمات کی تفتیش میں تاخیر کی شکایات کا سخت نوٹس لیا ہے، اس سلسلہ میں گزشتہ روز ضلع بھر کے پولیس افسران کو اشتہاری ملزمان کی گرفتاری اور درج مقدمات کی تفتیش کی فوری تکمیل کے حوالے سے سخت پروفیشنل ہدایات دیں، ڈی پی او نے کہا کہ ریاست کی طرف سے ملنے والے وسائل اور قانون کی طرف سے ملنے والے اختیارات کے بعد پولیس کے پاس میرٹ پر مقدمات کی تفتیش میں تاخیر کا کوئی جواز نہیں، انہوں نے کہا کہ انصاف میں تاخیر انصاف سے انکار کے مترادف ہے۔

اوکاڑہ: محکمہ بہبود آبادی کے زیر اہتمام 'تولیدی صحت کی خدمت کا انتخاب سب کا حق' کے موضوع پر سیمینار سے شرکاء خطاب کر رہے ہیں

جہلم جعلی موبل آئل وانجن آئل کی فروخت کا سلسلہ عروج پر پہنچ گیا

غیر معیاری استعمال شدہ اور ناقص انجن آئل کو معروف کمپنیوں کے ڈبوں میں بھر کر دوبارہ فروخت کیا جانے لگا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر و گردونواح میں جعلی موبل آئل وانجن آئل کی فروخت کا سلسلہ عروج پر پہنچ گیا، غیر معیاری استعمال شدہ اور ناقص انجن آئل کو معروف کمپنیوں کے ڈبوں میں بھر کر دوبارہ فروخت کیا جانے لگا۔ شہریوں کا ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق جہلم شہر کے مختلف علاقوں کے آئل ڈیلر زحضرات اور دکاندار باہمی ساز باز کر کے استعمال شدہ انجن آئل فروخت کرنے میں مصروف جس کے سبب نہ صرف گاڑیوں کے انجن خراب ہو رہے ہیں بلکہ دورانِ سفر گاڑیاں خراب ہونے سے شہریوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس حوالے سے گاڑیوں کے مالکان کا کہنا ہے کہ استعمال شدہ انجن آئل کے باعث ہم مالی نقصان اٹھانے پر مجبور ہیں ناقص وغیر معیاری انجن آئل کے استعمال سے گاڑیاں آئے روز خراب ہو رہی ہیں جن کو ٹھیک کروانے پر ہزاروں، لاکھوں روپے خرچ کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گاڑی کی کارکردگی اور رفتار کا دارومدار انجن آئل پر ہوتا ہے لیکن اگر وہی غیر معیاری ہو تو گاڑی اپنی مدت سے پہلے ہی خراب ہو کر استعمال کے قابل نہیں رہتی۔ ایک اندازے کے مطابق جہلم شہر میں کئی دہائیوں سے آٹو موبائل دکانوں اور ورکشاپس پر ناقص وغیر معیاری انجن آئل فروخت کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے لاکھوں روپے مالیت کی قیمتی گاڑیاں انجن کے مسائل کا شکار ہیں۔ استعمال شدہ انجن آئل کی فروخت سے شہری کافی پریشان ہیں۔

سی ای او ایجوکیشن کی پھرتیاں

7 اساتذہ معطل منظور نظر پھر تعینات

محمد بلال SSE، فیصل اقبال SSE، عمار ریاض SSE، حافظ شفیق PST، محمد شکیل EST، محمد یونس EST شامل جبکہ فیصل اقبال کو 2 دن بعد ہی کو بارہ سکول ہیڈ ماسٹر تعینات کر دیا

چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن سیالکوٹ معروف احمد کی چابکدستیاں عروج پر، چھاپہ مارٹیم کے ہمراہ سرکاری سکول کے سات ٹیچرز معطل۔ محکمہ تعلیم سیالکوٹ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن حافظ معروف احمد کا اپنی منظور نظر ٹیم کے ہمراہ وڈالہ سندھواں سرکاری سکول چھاپہ مارا اور بظاہر صفائی ستھرائی نہ ہونے کو بنیاد بنا کر سات اساتذہ بشمول پہلے سے معطل شدہ انچارج وہیڈ ماسٹر سکول ھذا محمد بلال کو معطل کر کے انکوائری لگا دی۔ معطل شدہ اساتذہ بلترتیب انچارج و ہیڈ ماسٹر سکول وڈالہ سندھواں محمد بلال SSE۔ فیصل اقبال SSE۔ عمار ریاض SSE۔ حافظ شفیق PST۔ محمد شکیل EST۔ محمد یونس EST۔ سرور حسین EST ہیں۔ توجہ طلب بات یہ کہ فیصل اقبال SSE بھی مورخہ 2023.05.22 کو معطل کیا گیا تھا جبکہ معطلی کے 2 دن بعد مورخہ 2023.05.22 کو چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن سیالکوٹ آفس کے جاری کردہ لیٹر نمبری 1577. II.B. کے تحت انچارج وہیڈ ماسٹر سکول ھذا وڈالہ سندھواں تعینات کر دیا گیا۔ حیران کن امر یہ کہ مذکورہ سرکاری سکول وڈالہ سندھواں تحصیل ڈسکہ میں واقع ہے۔

یوم تکریم شہداء کی تقریب میں شہداء کی قربانیوں کو یاد، ڈی پی او آبدیدہ ہو گئے

شرکاء کی آنکھیں بھی پرنم، ماحول حقیقی جزباتی ہو گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) یوم تکریم شہداء کی تقریب میں شہداء کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے ڈی پی او آبدیدہ ہو گئے، شرکاء کی آنکھیں بھی پرنم، ماحول حقیقی جزباتی ہو گیا، تفصیلات کے مطابق جناح ہال میں منعقدہ یوم تکریم شہداء کی تقریب میں اس وقت رقت آمیز مناظر پیدا ہو گئے جب ڈی پی او ملک طارق محبوب افواج پاکستان اور پولیس کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے آبدیدہ ہو گئے، ڈی پی او کا کہنا تھا کہ انسان کے پاس سب سے پیاری اور قیمتی چیز جان ہوتی ہے لیکن افواج پاکستان اور پولیس کے شہداء نے جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ثابت کیا کہ انہیں وطن کی مٹی اور قانون کی حکمرانی جانوں سے بھی زیادہ عزیز ہے، ڈی پی او کا کہنا تھا کہ آج ہم آزاد فضاؤں میں سکھ کا سانس لے رہے ہیں تو یہ شہداء کی قربانیوں کا نتیجہ ہے، جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کے بچے تو یتیم ہو گئے لیکن ہمارے بچے اگر والد کے سایہ عاطفت میں زندگی گزار رہے ہیں تو یہ بھی وطن دشمنوں اور سماج دشمن عناصر کے ساتھ لڑتے ہوئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کے ہی مرہون منت ہے، ڈی پی او ملک طارق محبوب نے کہا کہ جب بھی شہداء کے خاندانوں کو دیکھتا ہوں۔

طلبہ وطالبات کو وظائف کی ادائیگی 2 کروڑ، 71 لاکھ 44 ہزار روپے کے فنڈز جاری

ڈپٹی کمشنر نے ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹس کے سربراہان کو وظائف کے چیک دیے

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید بیورو) حکومت پنجاب کی ہدایت پر ضلعی زکواۃ ڈیپارٹمنٹ نے تین فنی تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم 1131 طلبہ وطالبات کو وظائف کی ادائیگی کے لئے 2 کروڑ، 71 لاکھ 44 ہزار روپے کے فنڈز جاری کر دیے ہیں، ڈپٹی کمشنر/ایڈمنسٹریٹر ضلعی زکواۃ کمیٹی عدنان محمود اعوان نے ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹس کے سربراہان کو وظائف کے چیک دیے، ضلعی زکواۃ آفیسر سیالکوٹ آصف شوکت بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان نے بتایا کہ ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ برائے طلبہ سیالکوٹ میں زیر تربیت 533 طلبہ کو فی کس چار ہزار روپے وظیفہ کی ادائیگی کے لئے 1 کروڑ 28 لاکھ 40 ہزار روپے، ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ برائے طالبات سیالکوٹ میں زیر تربیت 221 طالبات کو فی کس چار ہزار روپے وظیفہ کی ادائیگی کے لئے 53 لاکھ 4 ہزار روپے اور ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ پسرور میں زیر تربیت 375 طلبہ کو مالی سال 2022-23 کے لئے فی کس چار ہزار روپے وظیفہ کی ادائیگی کے لئے 90 لاکھ روپے جبکہ تینوں اداروں کے لئے مجموعی طور پر 2 کروڑ 71 لاکھ 44 ہزار روپے کی ڈیمانڈ کی گئی تھی۔

سیالکوٹ: ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹس میں زیر تربیت طلبہ وطالبات کے لیے وظائف کے چیک سربراہان ادارہ جات کو دے رہے ہیں

محمد علی نے ڈویژنل ایکسائز آفس سرگودھا کا اچانک دورہ

سرگودہا (عبدالمنان چوہدری) ڈائریکٹر جنرل ایکسائز پنجاب محمد علی نے ڈویژنل ایکسائز آفس سرگودھا کا اچانک دورہ کیا۔ انہوں نے پراپرٹی ٹیکس کی تشخیص اور وصولی کے ریکارڈ کا جائزہ اور ٹیکس کی عدم ادائیگی پر سیل کی گئی عمارتوں کا بھی معائنہ۔ انہوں نے سیل کردہ عمارتوں کا ریکارڈ مرتب نہ کرنے پر اظہار برہمی کیا اور متعلقہ اہلکار کے خلاف کارروائی کی ہدایت کی۔ ڈی جی ایکسائز نے ہائی ویے پر واقع عمارتوں کی ٹیکس وصولی کا بھی جائزہ لیا اور ٹیکس کی غلط تشخیص پر بھی متعلقہ انسپکٹرز کے خلاف کارروائی کی ہدایت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹیکس کی غلط تشخیص پر ذمہ داران سخت کارروائی کے لیے تیار رہیں، عوام کو بے جا تنگ کر کے پیسے ہتھیانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

اوورسیز پاکستانیز پاک افواج اور ملک کے دفاع کے لئے جانیں قربان: چوہدری عامر

شکر گڑھ (نامہ نگار) اوورسیز پاکستانیز پاک افواج اور ملک کے دفاع کے لئے جانیں قربان کرنے والے افسروں، اہلکاروں کو ہمیشہ اپنے دل کے قریب محسوس کرتے ہیں۔ وطن سے دور رہ کر بھی ہم ہر وقت پاک دھرتی کو ہی یاد کرتے رہتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار چوہدری عامر حسین گجر مینجنگ ڈائریکٹر طلال انٹرنیشنل دبئی آف سلطان پور شکر گڑھ نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہر پاکستانی کا تعلق کسی نہ کسی سیاسی پارٹی سے ہوتا ہے لیکن ہمیں ہر حال میں اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑے رہنا چاہیے اور ملک کو جب بھی ضرورت پڑے اپنی جان قربان کرنے سے بھی پیچھے نہیں ہٹنا چاہیے۔

شان رسالت میں گستاخی کی سزا صرف موت ہے: حافظ ساجد قمر

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) گستاخ صحابہ ابرار نقوی نے توہین صحابہ کے ساتھ توہین اہلبیت بھی کی ہے اسے 295C کی دفعہ کے تحت سخت سے سخت سزا دی جائے شان رسالت میں گستاخی کی سزا صرف موت ہے ابرار نقوی کی گستاخانہ پوسٹ کرنے سے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں علاقہ نارنگ کا امن خراب کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ان خیالات کا اظہار حافظ ساجد قمر صداقت علی شاہی اور طاہر محمود چشتی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

وطن عزیز کی بقاء وسلامتی شہدا کی لازوال قربانیوں کی مرہون منت ہے: عبدالجبار خاں

زندہ قومیں اپنے شہیدوں کو نہیں بھولتی اُن کو مثال بنا کے رکھتی ہیں

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ۔ قوت) وطن عزیز کی بقاء وسلامتی شہدا کی لازوال قربانیوں کی مرہون منت ہے عبدالجبار خاں زندہ قومیں اپنے شہیدوں کو نہیں بھولتی اُن کو مثال بنا کے رکھتی ہیں، پاکستان آرمی، رینجرز، ایئر فورس، نیوی، پولیس اور دیگر سیکورٹی اداروں سمیت ہماری مسلح افواج کے جوانوں اور افسران نے اپنی بہادری اور قربانیوں کی بدولت پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا، اس پر قوم ان کی مقروض رہے گی۔ ان خیلات کا اظہار جی سکول کے پرنسپل عبدالجبار خاں سلیمانی نے کیا انہوں نے کہ ملک کی بقاء سالمیت اور سلامتی ہمارے شہداء کی گراں قدر خدمات کے بغیر ممکن نہیں۔ 9 مئی کے شرپسند عناصر نے جس طرح افواج پاکستان کے شہدا کی بے حرمتی کی پوری قوم اس پر سخت نالاں ہے۔ افواج پاکستان نے خون جگر دے کر وطن عزیز کی آبیاری کی ہے اس کو فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی کسی کو بے حرمتی کی اجازت دی جاسکتی ہے۔

شہدا کی یادگاروں کا تقدس پامال کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہونگے: حافظ شہزاد سلفی

دنیا کی کوئی بھی طاقت عوام اور پاک فوج کے درمیان دڑار پیدا نہیں کر سکتی

بدوملہی (نامہ نگار) شہدا کی یادگاروں کا تقدس پامال کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہونگے۔ دنیا کی کوئی بھی طاقت عوام اور پاک فوج کے درمیان دڑار پیدا نہیں کر سکتی۔ پاک فوج کی لازوال قربانیاں ملکی سلامتی کی ضامن ہیں۔ ان خیالات کا اظہار اہل حدیث یوتھ فورس بدوملہی کے جنرل سیکرٹری اور جامع مسجد اہل حدیث ریلوے روڈ بدوملہی کے خطیب حافظ شہزاد سلفی نے خطبہ جمعہ کے اجتماع سے خطاب کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج ہمارے ماتھے کا جھومر ہے اور اداروں کے خلاف کی جانے والی سازشوں کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے باعث پاک فوج کا ہر جوان ہمارے ملک کی سلامتی پر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ہمیں آزاد ماحول میں جینے کا حق دلوا رہا ہے۔ بحیثیت پاکستان قوم ہم شہداء کی قربانیوں کو فراموش نہیں کر سکتے۔

میونسپل کمیٹی عملہ صفائی گھر بیٹھے تنخواہیں بٹورنے لگا

جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر گندا پانی نالیوں سے نکل کر گلیوں محلوں چوراہوں میں تالاب کا منظر پیش کرنے لگا

منچن آباد (خالد رحمانی) میونسپل کمیٹی عملہ صفائی گھر بیٹھے تنخواہیں بٹورنے لگا جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر گندا پانی نالیوں سے نکل کر گلیوں محلوں چوراہوں میں تالاب کا منظر پیش کرنے لگا الرجی خارش معدہ جیسی موذی امراض پھیل

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل

قومی سلامتی اور متنازعہ عدالتی فیصلے

چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال نے آڈیولیکس کمیشن کے خلاف درخواستوں پر لارجر بینچ تشکیل دے دیا۔ چیف جسٹس کی سربراہی میں 5 رکنی لارجر بینچ کل آڈیولیکس کمیشن کے خلاف درخواست سنے گا۔ جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس منیب اختر اور جسٹس شاہد وحید بینچ میں شامل ہوں گے۔ جسٹس حسن اظہر رضوی بھی پانچ رکنی لارجر بینچ کا حصہ ہوں گے۔ خیال رہیکہ چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے بھی آڈیولیکس کی تحقیقات کے لیے بننے والے جوڈیشل کمیشن کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا تھا۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ چیف جسٹس کی اجازت کے بغیر جوڈیشل کمیشن کی تشکیل نہیں ہوسکتی اور اس کے لیے کسی جج کو بھی نامزد نہیں کیا جاسکتا۔ صدر سپریم کورٹ بار عابد زبیری نے آڈیولیکس کمیشن کی جانب سے طلبی کا نوٹس چیلنج کیا ہے۔ انہوں نے سپریم کورٹ سے آڈیولیکس انکوائری کمیشن کی کارروائی اور احکامات کو غیر آئینی اور غیر قانونی قرار دینے کی استدعا کی ہے۔ آئینی درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ قرار دیا جائے کسی بھی شہری کی جاسوسی یا فون ٹیپنگ نہیں کی جاسکتی۔

واضح رہے کہ آڈیولیکس کے معاملے پر وفاقی حکومت نے 3 رکنی جوڈیشل کمیشن تشکیل دیا، سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں قائم کمیشن میں بلوچستان ہائیکورٹ اور اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس شامل ہیں، کمیشن نے آڈیوز طلب کرتے ہوئے کارروائی کا آغاز کردیا ہے۔ کمیشن نے مبینہ آڈیوز سے جڑی 4 شخصیات عابد زبیری، خواجہ طارق رحیم ایڈووکیٹ، صحافی عبد القیوم صدیقی اور سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کے بیٹے نجم ثاقب کو 27 مئی کو طلب کر رکھا ہے۔ سیاسی کشمکش نے ملک کو ایک مدت سے جس انتشار میں مبتلا کر رکھا ہے اور اس کا دائرہ جس طرح کلیدی ریاستی اداروں تک وسیع ہوگیا ہے اس کی وجہ سے حالات کی ابتری مسلسل بڑھ رہی ہے۔ آئین کی بالادستی کو یقینی بنا کر معاملات کو درست کرنے میں عدلیہ کا ادارہ موثر کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے لیکن آج اس کے اندر بھی اختلاف و تقسیم اور جانبداری واضح ہے جس نے اس کے فیصلوں کو سخت متنازع بنا دیا ہے۔ اس کا ایک مظاہرہ نو مئی کو ساٹھ ارب روپے کی کرپشن کے القادر ٹرسٹ کیس میں تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی گرفتاری اور اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی جانب سے اس گرفتاری کو قانونی طور جائز قرار دیے جانے کے فیصلے اور اس پر ملک بھر میں پرتشدد احتجاج کے بعد چیف جسٹس سپریم کورٹ کی جانب سے اس گرفتاری کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے عمران خان کی فوری رہائی اور اس معاملے کی از سر نو سماعت کے حکم کی شکل میں ہوا۔ حیرت انگیز طور پر سپریم کورٹ میں ہونے والی اس تمام کارروائی اور اس کے فیصلے کی تفصیلات سوشل میڈیا پر آڈیولیکس اور ٹوئٹر بیانات کی صورت میں پہلے ہی سامنے آچکی تھیں جس کی وجہ سے توقع تھی کہ اس بارے میں کوئی وضاحت کی جائے گی لیکن ایسا نہیں ہوا۔ قومی سطح پر یہ امید بھی کی جارہی تھی کہ تحریک انصاف کے کارکنوں نے مسلح افواج کے شہدا کی یادگاروں، جی ایچ کیو سمیت قومی اور عسکری اہمیت کے متعدد مقامات، کور کمانڈر کی رہائش گاہ اور سرکاری املاک کو جس طرح تخریب کاری کا نشانہ بنایا ہے، عدالت عظمیٰ اس کا نوٹس لے گی لیکن چیف جسٹس نے ان واقعات پر عمران خان سے محض مذمت کی اپیل کی جو ان کی طرف سے عملاً مسترد کردی گئی۔ سپریم کورٹ کی ہدایت کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ میں القادر ٹرسٹ کیس کی سماعت ہوئی اور عمران خان کو تقریباً دس مقدمات میں غیر معمولی ریلیف دیا گیا۔ القادر ٹرسٹ کیس میں دو ہفتوں کی عبوری ضمانت اور توشہ خانہ کیس میں حکم امتناع کے علاوہ کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا حکم صادر ہوا۔ عمران خان نے رہائی کے بعد نہایت غیر ذمے داری کے ساتھ نیب کی جانب سے اپنی گرفتاری کا الزام آرمی چیف پر عائد کیا۔ اپنے حامیوں کی تخریب کاری کی مذمت اور انہیں اس سے باز رہنے کی ہدایت کے بجائے انہوں نے اس کی یوں حوصلہ افزائی کہ مجھے پھر گرفتار کیا گیا تو ایسا ہی ردعمل دوبارہ سامنے آئے گا۔ آرمی چیف کے خلاف الزام تراشی اور فوج کے خلاف شرانگیز پروپیگنڈے پر فوجی ترجمان نے واضح کیا کہ فوج جنرل عاصم منیر کی قیادت میں پوری طرح متحد ہے جبکہ وزیر اعظم اور کابینہ نے فوجی ترجمان کے بیان کی حمایت کرتے ہوئے واضح کیا کہ ریاست دشمن اقدامات میں ملوث عناصر سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ چیف جسٹس کے یک طرفہ فیصلوں کے خلاف حکمراں اتحاد میں شامل پی ڈی ایم نے سپریم کورٹ کے سامنے احتجاجی دھرنا بھی دیا۔ اس تفصیل سے واضح ہے کہ حالات کی ابتری مسلسل بڑھ رہی ہے، اس کی وجہ سے معاشی بحالی بھی مشکل تر ہوتی جارہی ہے۔ صورت حال کو جلد از جلد بہتر بنانا ملک کی سلامتی کا ناگزیر تقاضا ہے۔ آئین اور قانون کی حقیقی بالادستی ہی اس کا راستہ ہے جس کیلئے عدلیہ کے ادارے کا ہر قسم کے جانبدارانہ رویے سے پاک ہونا اور اپنے آئینی حدود سے تجاوز نہ کرنا لازمی ہے جس کا مظاہرہ پچھلے دنوں بعض ایسے فیصلوں سے ہوا ہے جنہیں ماہرین قانون نے پارلیمنٹ کے حدود میں مداخلت کرتے ہوئے آئین دوبارہ لکھنے کے مترادف قرار دیا۔ ملک کی موجودہ سنگین صورت حال متقاضی ہے کہ حب الوطنی کی راہ اپنانا لازمی ہے وگرنہ ہمارا قومی وجود سنگین خطرات سے دوچار ہوسکتا ہے۔ اب بھی وقت ہے کہ نظریہ ضرورت دفن اور ذاتی پسند ناپسند سے بالاتر ہوکر ایسے عدالتی فیصلے کئے جائیں جو ہر صورت انصاف کے تقاضوں پر پورا اترتے ہوں۔

مصر کا بازار اور صحافی کا قلم

وجاہت مسعود

ہماری سیاست پر ایک اور عشرہ زیاں گزر گیا۔ پیدا کرنے والے کی قسم، ہمیں گزرنے والے ناٹک پر کوئی اختیار تھا اور نہ آنے والے مناظر میں کوئی دخل ہے۔ گزشتہ عہد میں بھی راہِ جفا کے اندھے موڑ اور پاتال کی خبر لانے والی کھائیوں کی نشاندہی کرتے رہے، کبھی گوش شنوائی نصیب نہیں ہوا۔ آئندہ بھی کسی نگہ نیم باز سے پرسش احوال کی توقع نہیں۔ ایک موسم کے گزر جانے اور اگلے موسم کی نمود کے بیچ نئے خدوخال کی ترتیب، خطوط کی رعنائی اور بوئے نفس کی جداگانہ پہچان کا وقفہ عبور کرچہ مختصر ہوتا ہے لیکن فکر والوں کو پتے ہیں اس نشانی میں بہت۔ منیر نیازی تو اپنے امتحان میں سرخرو رہے، ہمارے لئے کچھ اوجھل اوجھل سانس کھینچنے کی عقوبت باقی ہے۔ ہمارا سیاسی بحران تو گزشتہ صدی کے پنجابی تھیٹر میں بالی جٹی اور عنایت حسین بھٹی کا تنبو قنات ناٹک ہے۔ ایک ہی اسکرپٹ کو مقبول گیتوں کے پامال پراگے میں اٹل مکالموں کے معمولی ردوبدل سے بار بار دہرایا جاتا ہے۔ کل فیصل رضا عابدی تھے تو آج فیصل واوڈا ہیں۔ کل کوثر نیازی تھے تو آج جلیل شرقپوری ہیں۔ کل طاہر القادری تھے تو آج طاہر اشرفی ہیں۔ کل فیصل صالح حیات تھے تو آج جہانگیر ترین ہیں۔ اصل بحران معیشت، خارجہ پالیسی اور سیاسی تسلسل سے تعلق رکھتا ہے۔

معیشت میں پڑھنے والوں کو دلچسپی نہیں۔ عجیب قوم ہے۔ سارا وقت غربت اور مہنگائی کا رونا روتی ہے لیکن معیشت کے کیف وکم پر سوچنے کی روادار نہیں۔ آج بھی اس زمانے میں بیٹھے ہیں جب کرائے پر غیروں کی درپردہ خدمات کے عوض نان جویں مل جایا کرتی تھی۔ اب مگر پورب اور پچھم سے من وسلویٰ اترنے کے دن گزر گئے۔ سرد جنگ ختم ہوئے زمانہ بیت گیا۔ آج کی دنیا میں نئی صف بندیاں ہیں اور مقابلے کے نئے داؤ پیچ۔ کہیں G 7 کے سات بڑے صنعتی ممالک ہیں تو کہیں G 20 کے دولت مندوں نے پھڑ جما رکھی ہے۔ کہیں بحرالکاہل سے پیوستہ چار کھلاڑیوں نے QUAD کے عنوان سے بساط بچھا رکھی ہے تو کہیں ایشیا کے جنوب مغرب میں دس ریاستوں نے ASEAN کے نام سے مورچہ مرتب کر رکھا ہے۔ وسطی ایشیا اور روس کے پانچ ممالک نے Eurasian Economic Union کے نام سے علاقائی تعاون کی تنظیم قائم کر رکھی ہے۔ حالیہ عرصے میں ایک طرف ایران اور سعودی عرب سمیت بیشتر عرب ممالک کے تعلقات بہتر ہوئے ہیں، دوسری طرف خطے میں اسرائیل کا کردار تبدیل ہو رہا ہے۔ نئے زمانے میں حقیقی معاشی مقابلہ تو امریکہ اور چین میں ہے۔ چین رقبے کے اعتبار سے دنیا کا تیسرا بڑا ملک اور ایک ارب چالیس کروڑ آبادی کے ساتھ دنیا کی سب سے بڑی منڈی ہے۔ 33 کھرب ڈالر کا جی ڈی پی دنیا کی سب سے بڑی معیشت ہے۔ مینوفیکچرنگ اور برآمدات میں پہلے نمبر پر ہے۔ چنانچہ چین نے بھی بھارت، پاکستان اور وسطی ایشیا کے ممالک ملا کر شنگھائی کارپوریشن آرگنائزیشن قائم کر رکھی ہے۔ یہ Aldous Huxley کی Brave New world ہے۔ ہکسلے نے اس ناول کا عنوان شیکسپیئر کی تمثیل The Tempest کی کردار Miranda کے ایک مکالمے سے مستعار لیا تھا۔

How many goodly creatures are there here!

How beauteous mankind is!

O brave new world

ہکسلے کے طنزیہ ناول کے لئے یہ بہترین استعارہ تھا کہ شیکسپیئر کی میرنڈا اپنی معصومیت میں جزیرے پر موجود کرداروں کی خباثت سے قطعی بے خبر ہے۔ ہم مگر نئی مردم شماری کے مطابق 25 کروڑ شہری ان حقائق سے نظر نہیں چرا سکتے کہ ہماری برآمدات کا گودام خالی ہے۔ قرض کی تمسک پر واجب الادا اعداد و شمار ڈالر کی قیمت سے بھی زیادہ تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔ 40 برس قبل تعلیم، صحت اور شہری سہولتوں کا بجٹ کاٹ کر قرض کی واپسی اور دفاعی اخراجات بچا لئے تھے۔ اب قرض کی اقساط کا حجم دفاعی اخراجات سے بڑھ گیا ہے۔ ٹیکس روپوں میں جمع ہوتا ہے اور درآمدات کے لئے ڈالر ادا کرنا پڑتے ہیں۔ خام مال درآمد نہیں ہوگا تو برآمدات کا شعبہ کیسے فعال ہوگا۔ گویا خارجہ پالیسی اور داخلی بیانیے پر بیک وقت نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ خارجہ پالیسی کا احوال یہ ہے کہ کوئی شاہراہ دستور کے سیکٹر G۔ 5 سے جاری ہونے والے بیانات کو نظر بھر کر بھی نہیں دیکھتا۔ وجہ جاننا ہو تو انیسویں صدی کے ہندوستان میں چلئے۔ بہادر شاہ ظفر دہلی کے لال قلعے میں فروکش تھے لیکن ایسٹ انڈیا کمپنی کا صدر مقام کلکتہ میں تھا۔ یہ محض اتفاق نہیں تھا کہ 10 مئی 1857 کے آندولن میں بنگال کی 74 پیادہ اور سالے کی 10 رجمنٹوں نے بغاوت کردی لیکن پنجاب اور شمال مغربی سرحد کی چھاؤنیاں خاموش رہیں۔

9 مئی 2023 کو ہنگامہ کرنے والے درجنوں سویلین عمارتوں کو چھوڑ کر دفاعی تنصیبات کی طرف لپکے۔ انتظار حسین حیات ہوتے تو انہوں نے لکھا ہوتا، صاحبو! مئی کا مہینہ شورش کے لئے اچھا شگن نہیں، ستمبر، اکتوبر کے خوشگوار موسم میں البتہ گومتی کا پانی اتر جاتا ہے۔ چنانچہ شاعر اور صحافی کو کمپنی بہادر کے ترانے لکھنے میں سہولت ہوتی ہے۔ سو جسے دین و دل عزیز ہو، وہ ان دنوں اخبار اور ٹیلی ویژن پر حب الوطنی کے اٹھلاتے چشموں میں ڈبکی لگائے اور گنگا نہائے۔ رسالہ در اسباب بغاوت ہند لکھے۔ حکومت برکات انگلشیہ سرکار رقم کرے۔ یہ سوال البتہ سر اٹھاتا رہے گا کہ ہمیں اپنی ناؤ مغرب کے پانیوں میں ڈالنا ہے یا چین بہادر سے دوستی گانٹھنا ہے۔ یہ درویش تو صرف یہ عرض کرسکتا ہے کہ آنے والے برسوں میں وہی قوم ترقی کرسکے گی جس کے تعلیمی ادارے انسانی سرمایہ پیدا کریں گے، جس کی زرعی پیداوار کلبلاتی آبادی کی بھوک مٹا سکے گی، جس کے کارخانوں کا پہیا گھومتا رہے گا اور جس کے بازاروں میں غیر ملکی سیاح بے خوف و خطر سیر چمن کو نکلیں گے۔ رہی سیاست تو گزشتہ مقتدر جماعت کو جوق در جوق خیر باد کہنے والوں کی حب الوطنی میں کون کافر شک کرسکتا ہے۔

بادشاہ مر گیا، بادشاہ زندہ باد۔

نوٹ

ادارہ تمام کالم نیک نیتی پر کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارہ کا متفق ہونا ضرورت نہیں

ہندوستان ہم سے آگے

یہ بدقسمتی ہے کہ پاکستانیوں کو خراب معاشی صورتحال کے باعث مشکلات کا سامنا ہے، ہر طرف بے یقینی ہے، مزدوروں کی زندگی تو تباہ حال ہے کوئی پرسان حال نہیں، ملک کی اشرافیہ جن غلطیوں کی عادی ہے، ان کے نتائج مستقبل کا راستہ اور بھی مشکل بنا دیں گے۔ ہم طویل عرصے سے جس گہری نیند میں ہیں اس سے جب بیدار ہونگے اس وقت حالات ہمارے کنٹرول میں نہیں رہیں گے۔ ہمارے حکمراں اور حزب اختلاف کی جماعتوں کے ساتھ ساتھ دیگر فیصلہ سازوں کی جانب سے کھلی غفلت اور دور اندیشی کی کمی اتنی واضح ہے کہ اس کے بارے میں مزید بات نہیں کی جاسکتی۔ ہر کوئی جانتا ہے کہ پورے ملک میں چند گھرانوں کی حکمرانی ہے جو ہر 5 سال بعد کسی دوسری جماعت میں شامل ہوجاتے ہیں جنہیں صرف اپنوں کا خیال رہتا ہے، عام آدمی ان کا مسئلہ نہیں۔ آیئے ہم انسان کے سب سے بنیادی حق سے شروع کرتے ہیں: کھانا اور پانی۔ پاکستان، اپنی پانی کی ضروریات پر غور کرنے، حساب لگانے اور اس کی حفاظت کرنے سے قاصر ہے، تیزی سے پانی کی کمی والے ممالک کی فہرست میں شامل ہوچکا ہے جہاں زیر زمین پانی بھی ختم ہوتا جارہا ہے۔ بارش کا پانی ذخیرہ کرنے کے لیڈیم نہ ہونے کی وجہ سے، ملک سال کے نصف حصے میں تباہ کن سیلاب سے دوچار رہتا ہے، جبکہ خشک سالی ترقی میں رکاوٹ پیدا کرتی ہے۔ سندھ کے علاوہ کسی صوبے نے پانی ذخیرہ کرنے کیلئے کوئی ڈیم نہیں بنائے۔

پورے ملک کا پانی جب دریائے سندھ میں گرتا ہے تو ڈیم بنانے کے باوجود سندھ کو تباہی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، سیلابی پانی دریا کی ریت جگہ جگہ چھوڑ جاتا ہے جس سے زمین قابل کاشت نہیں رہتی۔ اس سے غذائی قلت پیدا ہوتی ہے۔ اس سال کپاس کی گزشتہ چار دہائیوں میں سب سے کم پیداوار ہوئی ہے۔ غذائی قلت کی وجہ سے لوگ اپنی غذائی ضروریات پوری کرنے کے چکر میں اپنے بچوں کو تعلیم نہیں دے سکتے جس سے بچوں کا مستقبل تاریک ہونیکا خطرہ ہے، کیوں کہ لوگوں کے پاس اب دو ہی آپشن ہیں یا تو اپنی غذائی ضروریات پوری کریں یا پھر بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کریں۔ دونوں کام ایک ساتھ نہیں ہوسکتے۔ پاکستان میں لاکھوں بچے اسکول نہیں جاتے یہ بچے تعلیم کے ساتھ ساتھ روٹی سے بھی محروم ہیں۔ جو خوش قسمت لوگ تعلیم حاصل کرنے کے قابل ہیں انہیں فرسودہ تعلیمی نظام کا سامنا کرنا پڑتا ہے جو صرف اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ہمارے بچوں کے پاس ڈگری کا ٹکڑا آجائے، یہ تعلیمی نظام اتنا فرسودہ ہے کہ اس سے ڈگری حاصل کرنے والے کسی عالمی ادارے میں جگہ ہی نہیں بنا پاتے۔ دوسری طرف انڈیا کا نظام تعلیم ہے جہاں بچے پڑھ کر گوگل، ٹویٹر، فیس بک، ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف جیسے اداروں کا حصہ بن رہے ہیں۔ تعلیم کا کم معیار اور آبادی کی بلند شرح آنے والی تباہی کا واضح اشارہ ہے۔ ہمارے ملک میں قومی بیانیے کو توڑ مروڑ کر پیش کیا جاتا ہے۔ قومی ایکشن پلان پر عملدرآمد میں رکاوٹیں حائل ہیں۔ اس لئے ہمارا مستقبل غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہے۔

جس ملک میں افراد مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت ہی نہیں رکھتے، ایسے ملک میں جاری سیاسی انتشار اور لاقانونیت کی وجہ سے ریاستی ادارے اپنے فرائض پر توجہ دینے کے بجائے اپنے اختیارات کو وسعت دینے میں زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں، کیا ہمیں کسی بھی سرمایہ کار سے موجودہ مارکیٹ سے وابستہ رہنے کی توقع کرنی چاہئے؟ اپنے آپ کو ایک سرمایہ کار تصور کریں اور آپ جواب دیں کہ کیا آپ کسی ایسے ملک میں سرمایہ کاری کریں گے جہاں رشوت کے بغیر کوئی کام ہی نہ ہوتا ہو جس ملک سے ہر روز ہزاروں ہنرمند افراد باہر منتقل ہورہے ہیں کیوں کہ انھیں ملک میں اپنا کوئی مستقبل نظر نہیں آتا، جب ملک کے انسانی وسائل ملک سے باہر جانے کے لئے تیار ہیں تو یہ توقع کرنا بالکل غیر منطقی ہے کہ لوگ بیرون ملک سے اپنے مالی وسائل لاکر آج کے پاکستان میں سرمایہ کاری کریں گے۔

ہمیں اپنے آپ سے سوال کرنا ہوگا کہ کیا وجہ ہے کہ بھارت 2001 تک ہم سے معاشی لحاظ سے پیچھے نہیں تھا تو آگے بھی نہیں تھا؟ کیا وجہ ہے کہ آج وہ عالمی معیشتوں میں پانچویں بڑی معیشت بن چکا ہے باوجود اس کے کہ وہاں درجنوں علیحدگی پسند تحریکیں چل رہی ہیں، باوجود اس کے کہ وہاں ہندو ہٹ دھرمی کی وجہ سے اقلیتیں غیر محفوظ ہیں، لیکن وہ ہم سے آگے نکل گیا کیوں کہ انھوں نے اپنے وطن میں مسائل کا حل ڈھونڈا اور نظام تعلیم بہتر کیا، اور ساتھ ساتھ کرپشن کا خاتمہ کیا، اس لئے دنیا کی بڑی کمپنیاں وہاں کام کرنیمیں دلچسپی کا مظاہرہ کررہی ہیں۔

عمران خان کا عروج وزوال اور دھندلا مستقبل

کرشماتی شخصیت عمران خان عمر عزیز کا آٹھواں عشرہ گزار رہے ہیں اور انہوں نے رواں برس 9 مئی سے پہلے عروج ہی دیکھا۔ 9 مئی کے واقعات نے عمران خان کو زوال کی اس شاہراہ پر ڈال دیا ہے جو ان دے ہے اور واپس آنا ممکن نہیں۔ لڑکپن میں کرکٹر بنے تو قد کاٹھ اور شکل وصورت سے نوجوانوں کی دلوں کی دھڑکن بنے۔ پاکستان اور بیرون ملک ان کو بطور ورسٹائل کرکٹر بڑی پذیرائی ملی۔ ان کی ایک جھلک دیکھنا نوجوان نسل کیلئے اعزاز سمجھا جاتا تھا۔ شہرہ آفاق اداکاراؤں اور ماڈلز کے ساتھ ان کی شادی کی افواہیں آئے روز پھیلتی تھیں۔ بطور کرکٹر انہیں شہرت، عروج اور پذیرائی بطور کپتان پاکستان کیلئے کرکٹ ورلڈ کپ جیتنے پر نصیب ہوئی۔ یہ پذیرائی آسمان کو چھونے لگی جب انہوں نے اپنی مرحومہ والدہ شوکت خانم سے منسوب کینسر ہسپتال بنانے کا اعلان کیا۔ عوام نے عمران خان کی آواز پر لبیک کہا، جی کھول کر چندہ دیا اور یہ فلاحی منصوبہ مکمل ہوا۔ اس پذیرائی کو دیکھتے ہوئے 1996 میں عمران خان نے سیاست کے میدان میں قدم رکھا اور پاکستان تحریک انصاف کے نام سے سیاسی جماعت بنائی۔ سیاسی حلقوں میں عمران خان کو اہمیت دی جاتی تھی۔ دوسری جانب عمران خان ایسے برطانوی خاندان میں بیاہے گئے جس کا شمار امیر ترین گھرانوں میں ہوتا ہے۔ ان کی دلہن جمائما گولڈ سمتھ نے اسلام قبول کرکے اپنا نام جمائما خان رکھا اور پاکستان شفٹ ہوئیں۔ 9 سالہ رفاقت کے بعد اگرچہ جمائما اور عمران کی علیحدگی ہوگئی لیکن اس دوران وہ سیاسی پٹڑی پر ایک کامیاب سوار بن چکے تھے۔ 2013 کے رام انتخابات میں ان کی جماعت کو، کے پی کے میں حکومت سازی کا موقع ملا جسے انہوں نے پر اعتماد طریقے سے نبھایا۔ اس طرح ووٹر کا اعتماد پی ٹی آئی پر مستحکم ہوا۔ 2014 میں مینار پاکستان پر رمران خان کے سیاسی جلسے میں ریکارڈ تعداد میں عوام شریک ہوئے۔ اسی سال اسلام آباد میں تحریک انصاف نے مسلم لیگ کی حکومت کے خلاف شاہراہ دستور ڈی چوک میں دھرنا دیا اور وزیر اعظم نواز شریف کے استعفے کا مطالبہ کیا۔ یہ دھرنا شاید دنیا کی سیاسی تاریخ کا سب سے طویل دھرنا تھا جو چار ماہ سے زیادہ عرصہ جاری رہا۔ نواز شریف مستعفی تو نہ ہوئے البتہ پنامہ لیکڈ کے ایک کیس میں عدالت سے نا اہل قرار پائے۔ کچھ عرصہ جیل میں رہ کر عدلندن شفٹ ہوگئے۔ 2018 الیکشن کا سال تھا۔ ان انتخابات میں عمران خان کی جماعت کو اتحادیوں سے مل کر وفاق، پنجاب، کے پی کے اور بلوچستان میں حکومت بنانے کا موقع ملا۔ کچھ عرصے بعد کشمیر اور گلگت بلتستان میں بھی پی ٹی آئی کی حکومتیں قائم ہوگئیں۔ صدر عاف علوی بھی رمران خان کے نامزد کردہ تھے۔ اس وقت کے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کے ساتھ عمران خان کی اچھی انڈر سٹینڈنگ تھی اور وہ متر دبار فخر سے کہتے تھے کہ حکومت اور فوج ایک پیج پہ ہیں۔ یہ رہا عمران خان کا عروج ساڑھے تین سال تک عمران خان کے اقتدار کا سورج سوا نیزے پر چمکتا رہا۔ پھر کہانی نے نیا موڑ لیا۔ وزیر اعظم عمران خان کے پسندیدہ ڈائریکٹر جنرل آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید کو تبدیل کرکے اسٹیبلشمنٹ نے لیفٹیننٹ جنرل ندیم انجم کو اس عہدے پر لانا چاہا۔ عمران خان جنرل فیض کو مزید کچھ عرصہ ڈی جی رکھنا چاہتے تھے۔ پاکستان کے ریاستی نظام میں آئی ایس آئی کے ڈائریکٹر جنرل کی تعیناتی کبھی بھی سادہ عمل نہیں رہی ہے۔ اس عہدے پر فرد کے چناؤ یا انتخاب سے لے کر اس ضمن میں مشاورت اور نوٹیفکیشن کے اجرا تک کا تمام عمل اور مراحل پس پردہ اور رازداری کے پردوں میں ہی چھپے رہتے ہیں۔ کشمکش بڑھی لیکن جیت اسٹیبلشمنٹ کی ہوئی۔ عمران خان اور اسٹیبلشمنٹ اب ایک پیج پہ نہ رہے۔ عمران خان کی حکومت کو اپریل 2022 میں تحریک عدم اعتماد کے ذریعے ختم کر دیا گیا۔ تیرہ اپوزیشن پارٹیوں نے پی ڈی ایم کے نام سے اتحاد بنایا اور اس اتحاد میں شامل جماعت مسلم لیگ ن کے صدر شہباز شریف کو وزیر اعظم بنا دیا گیا۔ عمران خان کو اتنی مقبولیت وزیر اعظم رہ کر نہ ملی تھی جتنی انہیں اپوزیشن میں آکر ملی۔ انہوں نے اسٹیبلشمنٹ پر الزام لگایا کہ انہوں نے امریکہ کے اشارے پر میری حکومت ختم کی۔ عمران خان کے بیانئے کو بڑی پذیرائی ملی۔ مقبولیت تھی کہ عمران خان کیلئے فرش راہ بنی ہوئی تھی۔ تحریک انصاف نے قومی اسمبلی سے استعفے دئے۔ جنوری میں پنجاب اسمبلی اور کے پی کے اسمبلیاں توڑ دیں۔ اپریل میں آئینی طور پر ان دو صوبوں میں نئے انتخابات ہونا تھے۔ سپریم کورٹ نے بھی الیکشن کرانے کیلئے الیکشن کمشن کو ہدایات جاری کیں۔ عمران خان شہرت کی جس بلندی پر تھے الیکشن میں ان کی پارٹی کلین سویپ کرنے کی پوزیشن میں تھی۔ لیکن حکومت نے فنڈز اور سیکورٹی نہ ہونے کا موقف اپنا کر الیکشن نہ کرائے۔ اس دوران عمران خان پر مختلف اوقات میں ڈیڑھ سو سے زائد مقدمات قائم ہوچکے تھے۔ نیب نے ایک انکوائری القادر ٹرسٹ کیس کی شروع کی۔ اس کیس میں 9 مئی کو عمران خان حفاظتی ضمانت کرانے اسلام آباد ہائیکورٹ پہنچے تو انہیں رینجرز نے گرفتار کرکے نیب کے حوالے کردیا۔ ایک مقبول سیاسی رہنما کی گرفتاری پر ردعمل فطری بات ہے لیکن پی ٹی آئی کے احتجاجی کارکنوں نے معمول کی توڑ پھوڑ کو پیچھے چھوڑ دیا اور لاہور میں فوجی کمانڈر کا گھر اور مسلح افواج کی دیگر تنصیبات کو نشانہ بنایا۔ پاک فوج نے اس پر اپنے سخت ردعمل کا اظہار کیا اور مجرموں پر آرمی ایکٹ کے تحت مقدمات چلانے کا اعلان کیا۔ حکومت نے بھی اس کی منظوری دیدی۔ یہاں سے رمران خان کے زوال کا آغاز ہوتا ہے۔ دو تین ہفتوں میں پی ٹی آئی کی ساری قیادت اور ہزاروں کارکن جیلوں میں ڈال دئے گئے ہیں۔ عمران خان کو بدعنوانی سے لے کر دہشت گردی اور توہین مذہب تک کے 100 سے زائد مقدمات کا سامنا ہے جن کے بارے میں ان کا کہنا ہے کہ ان کے پس پشت سیاسی محرکات کارفرما ہیں۔ ان کا دعویٰ ہے کہ ان کے 10 ہزار کارکن اور حامی سلاخوں کے پیچھے ہیں، اور ان کی پارٹی کی اعلیٰ قیادت کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ گرفتار قیادت کی ضمانت ہوتی بھی ہے تو انہیں کسی اور مقدمے میں گرفتار کرلیا جاتا ہے۔ معافی اور رہائی صرف اس کو مل رہی ہے جو 9 مئی کے واقعات کی مذمت کرتا ہے اور عمران خان اور ان کی ہارٹی سے لاتعلق ہونے کا اقرار کرتا ہے۔ ان کے بہت سے قریبی ساتھی اور پارٹی رہنما پارٹی سے علیحدگی کا اعلان کرچکے ہیں۔ عمران خان نے ان علیحدگیوں کو جبری طلاقیں قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں زبردستی الگ کروایا گیا ہے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف پی ٹی آئی پر پابندی لگانے کا عندیہ دے چکے ہیں اور کہتے ہیں کہ عمران خان کو اقتدار میں لانے کے لیے پارٹی چھوڑنے والے رہنماؤں کو تراشا گیا تھا۔ ان کے مطابق ان کی سیاسی پیدائش گذشتہ دس سال کے دوران ہوئی تھی، ان کے لیے پارٹی چھوڑنا کوئی شرم وحیا والی بات نہیں ہے۔ ان میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جنھوں نے چار چار پانچ پانچ بار پارٹی چھوڑی ہے اور انھیں آپ جانتے ہیں جو دوڑ لگا رہے تھے۔ وزیر دفاع کے مطابق فوج کو اس وقت سیاست کا فریق بنانا سب سے بڑا جرم ہے۔ اس وقت فوج کو سیاست میں گھسیٹنا مناسب نہیں ہے۔ ان کے مطابق عمران خان بار بار کہتا ہے کہ انھوں نے فوج سے بات کرنی ہے۔ وہ فوج کو اپنا حریف سمجھتا ہے۔ ان کے مطابق ان کا ماضی ہی یہی ہے۔ عمران خان افتدار کی ہوس میں بہت دور نکل چکے ہیں۔ عمران خان نے دس دن تک نو مئی کے واقعات کی مذمت ہی نہیں کی اور جب بعد میں مذمت کی تو وہ مشروط مذمت تھی۔ وزیر دفاع بھی بادشاہ آدمی ہیں وہ فوج کو سیاسی فریق ماننے کو تیار نہیں۔ شاید فریق کا لفظ فوج کے شایان شان نہیں۔ عمران خان پارٹی صفوں کو بچانے کی کوشش کررہے ہیں، اور فوج کے اندر ان کی حمایت کم ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔ اگرچہ عمران خان کا کہنا ہے کہ پرتشدد حملوں میں ان کے کارکنوں کے ملوث ہونے کے الزامات منظم پروپیگنڈہ ہیں، جو ان کی پارٹی کو ختم کرنے کی سازش کا حصہ ہیں۔ اس کے بعد وہ کہتے رہے کہ ان کا اسٹیبلشمنٹ سے کوئی اختلاف نہیں ہے۔ وہ دعویٰ کرتے ہیں کہ یہ پی ڈی ایم ہے جو فوج اور میرے درمیان دوری پیدا کرنے کی کوشش کررہا ہے لیکن یہ بات واضح ہے کہ فوجی تنصیبات پر حملوں کی وجہ سے فوج کے اندر پریشانی اور اہانت کا گہرا احساس ہے۔ ایک نیام میں دو تلواریں نہیں سماسکتیں۔ یہ اصول عمران خان کے اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ تصادم پر لاگو ہوتا ہے۔ عمران خان کے ساتھی جتنی تیزی سے اور بڑی تعداد میں ان سے الگ ہورہے ہیں مجھے مرگ والے گھر میں بیٹھی عورتوں کی بات یاد آرہی ہے جو میت کے وارثوں کو دلاسہ دیتے ہوئے کہہ رہی ہوتی ہیں ''مولا دی امانت سی، او ہنے واپس لے لئی'' (اللہ کی امانت تھی اس نے واپس لے لی)۔ عمران خان کو جو اس کے جو ساتھی چھوڑ کر جاچکے اور جارہے ہیں یہ انہی کی امانت تھے جن کے کہنے پر انہوں نے پی ٹی آئی میں شمولیت اختیار کی تھی۔ اب ان کے مالک اپنی امانتیں واپس لے رہے ہیں۔ اب یہ امانتیں اپنے مالکوں کے اشارے پر کسی اور درگاہ کی زینت بنیں گی۔ مالکان سلامت اور یہ کھیل سلامت۔ عمران خان کو اب سمجھ جانا چاہئے کہ وہ اپنی انگلی کھیل چکے ہیں۔ اب انہیں مزید کھیلنے کی بجائے باعزت ریٹائرمنٹ کی کوئی سبیل کرنی ہے۔ اپنے بے خواب کواڑوں کو مقفل کرلو اب یہاں کوئی نہیں، کوئی نہیں آئے گا



سب سے پہلے واقعی پاکستان

محمد سعید آرائیں

تقریباً آٹھ برسوں تک پاکستان پر حکومت کرنے والے جنرل پرویز مشرف نے اپنی کتاب میں سب سے پہلے پاکستان کا ذکر ک



عامر خان جلد ہی بیٹی کی عمر کی لڑکی سے شادی کرنیوالے ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکاروں سے متعلق پیشگوئیاں کرنے والے فلمی ناقد اور اداکار کمال راشد خان (کے آر کے) نے مسٹر پرفیکٹ عامر خان کی جلد شادی کی پیش گوئی کردی۔ کے آر کے نے عامر خان کے حوالیسے ٹویٹ کی جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ عامر خان جلد اپنی بیٹی کی عمر کی لڑکی فاطمہ ثنا شیخ سے شادی کرنے جارہے ہیں۔ کے آر کے نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ عامر خان نے فلم دنگل کے وقت سے ثنا کے ساتھ ڈیٹ کررہے ہیں۔ واضح رہے کہ فاطمہ ثنا شیخ کے عامر خان کی بیٹی آئرا خان سمیت ان کے خاندان کے دیگر افراد کے ساتھ دوستانہ تعلقات ہیں۔ فاطمہ ثنا شیخ نے عامر خان کے ساتھ فلم 'دنگل' اور 'ٹھگز آف ہندوستان' میں کام کیا تھا۔ بھارتی میڈیا پر اکثر ان دونوں اداکاروں کے درمیان قریبی تعلقات ہونے کے

گوہر خان نے 10 دن میں 10 کلو وزن کم کرکے مداحوں کو حیران کردیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ گوہر خان نے بچے کی پیدائش کے بعد 10 دنوں میں 10 کلو وزن کم کرکے اپنے فالوورز کو حیران کردیا ہے۔ بھارتی ریئلیٹی شو بگ باس سیزن 7 کی فاتح، 39 سالہ گوہر خان کی جانب سے حال ہی میں سوشل میڈیا اکاؤنٹ انسٹاگرام پر ایک اسٹوری شیئر کی گئی ہے۔ اس اسٹوری میں گوہر خان نے اپنی مِرر سیلفی شیئر کرتے ہوئے اپنے مداحوں کو بتایا ہے کہ انہوں نے 10 دنوں میں 10 کلو وزن کم کرلیا ہے، اب بس 6 کلو مزید کم کرنا باقی رہ گیا ہے۔

اداکارہ سوارا بھاسکر نے اپنی سوتن کا تعارف کروادیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی پرکشش اداکارہ سوارا بھاسکر نے ٹوئٹر پر چند تصاویر شیئر کرتے ہوئے اپنی 'سوتن' کا تعارف کروا دیا۔ سوارا بھاسکر اپنے خاوند فہد احمد کے دوست عریش قمر کو اپنی سوتن کہتی ہیں۔ انہوں نے عریش کیلئے سالگرہ پر مبارکباد کا پیغام لکھتے ہوئے کہا کہ ہر قدم پر ہمارے ساتھ رہنے کا بہت شکریہ، ہماری شادی کی دستاویزات عدالت میں وقت پر جمع کروانے، شادی کا گواہ بننے اور میری بہترین 'سوتن' بننے کا شکریہ۔ خیال رہے کہ فہد احمد سماج وادی پارٹی کے شعبہ نوجوانان کے صدر ہیں۔ سوارا اور فہد کی شادی رواں برس فروری میں ہوئی تھی۔

بالی وڈ فلم ٹائیگر 3 کی نمائش کی تاریخ کا اعلان

ممبئی (دنیا نیوز) بالی وڈ فلم ٹائیگر 3 کی شوٹنگ مکمل، رواں سال نومبر میں ریلیز ہوگی۔ آئیفا کے حوالے سے ہونے والی ایک پریس کانفرنس میں بالی وڈ سٹار سلمان خان نے بتایا کہ ان کی نئی آنے والی فلم ٹائیگر 3 کی شوٹنگ ایک رات قبل ہی مکمل ہوئی، بالی وڈ اسٹار نے بتایا کہ ٹائیگر کے تیسرے سیکوئل کو دیوالی کے موقع پر یعنی 10 نومبر کو ریلیز کیا جائیگا۔

نگران پنجاب حکومت کا اداکار راشد محمود کی فوری مالی معاونت کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) نگران پنجاب حکومت نے ہارٹ اٹیک کا شکار ہونے والے پاکستان کے سینئر اداکار راشد محمود کی فوری مالی معاونت کا فیصلہ کیا ہے۔ صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت عامر میر نے کہا ہے کہ محکمہ اطلاعات وثقافت راشد محمود کے علاج معالجے کے انتظامات کرے گا، راشد محمود کی اداکاری اور صداکاری قوم کا عظیم اثاثہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم راشد محمود کی جلد صحت یابی کیلئے دعا گو ہے، فن اداکاری سے وابستہ لوگوں میں راشد محمود ایک استاد کا درجہ رکھتے ہیں، اللہ سینئر اداکار راشد محمود کو صحت کاملہ عطا فرمائے۔

فلم میں فرحان کی بہن بننے سے منع کردیا تھا کیونکہ مجھے اُن پر کرش تھا، دیویا دتا

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی معروف اداکارہ دیویا دتا نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے فلم بھاگ ملکھا بھاگ میں فرحان اختر کی بڑی بہن بننے سے انکار کردیا تھا کیونکہ انہیں اداکار پر کرش تھا۔ دیویا دتا نے بھاگ ملکھا بھاگ میں اشری کور کا کردار نبھایا جو ملکھا سنگھ (فرحان اختر) کی بڑی بہن تھیں، دیویا کو اس کردار کے لیے کئی ایوارڈز بھی دیے گئے۔ بھارتی میڈیا سے انٹرویو کے دوران دیویا دتا نے بتایا کہ ابتدائی طور پر میں نے یہ کردار ادا کرنے سے منع کردیا تھا، کیونکہ مجھے فرحان پر اس وقت بہت بڑا کرش تھا، میں نے کہا میں کیوں اس کی بہن بنوں۔

ڈپریشن سے متعلق بیان پر نوازالدین صدیقی تنقید کی زد میں آگئے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار نوازالدین صدیقی کا ڈپریشن کے بارے میں دلچسپ بیان اداکار گلشن دیویا کو کچھ زیادہ پسند نہیں آیا۔ تفصیلات کے مطابق اداکار نوازالدین صدیقی نے ایک حالیہ انٹرویو کے دوران ڈپریشن کو ''شہری مسئلہ'' قرار دیا ہے۔ نوازالدین صدیقی کا کہنا تھا کہ ''ڈپریشن صرف ایک ''اَربن ایشو'' یعنی شہری مسئلہ ہے کیونکہ اُن کا گاؤں شہر سے صرف 3 گھنٹے دور ہے اور اگر وہ اپنے گاؤں جا کر کہیں گے کہ مجھے ڈپریشن ہے تو انہیں ایک تھپڑ پڑے گا اور کہا جائے گا کہ یہ کچھ نہیں ہوتا

60 سالہ بھارتی اداکار اشیش ودیارتھی نے رپالی بروہا سے دوسری شادی کرلی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کے نامور اداکار اشیش ودیارتھی نے 60 سال کی عمر میں دوسری شادی کر لی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکار اشیش ودیارتھی نے رپالی بروہا سے دوسری شادی کی۔ شادی کی تقریب کولکتہ میں منعقد ہوئی جس میں خاندان کے افراد اور قریبی دوستوں نے شرکت کی۔ اداکار ساتھیوں کے لیے ایک بڑی دعوت کا اہتمام بعد میں کیا جائے گا۔ 60 سال کی عمر میں دوسری شادی کرنے پر اداکار اشیش ودیارتھی نے کہا کہ عمر کے اس مرحلے میں روپالی کے ساتھ ان کی شادی انوکھا اور عجیب طرح کا احساس ہے۔ واضح رہے کہ روپالی اور اشیش کی ملاقات کچھ عرصہ قبل ہی ہوئی تھی اور دونوں نے شادی کرنے کا فیصلہ کیا۔ اشیش ودیارتھی نے اس سے قبل اداکارہ اور گلوکار راجوشی سے شادی کی تھی جن سے ان کا ایک بیٹا آرتھ بھی ہے۔ اشیش بھارتی شوبز انڈسٹری کے مشہور اداکار ہیں اور وہ 11 زبانوں میں سینکڑوں فلموں میں اپنی اداکاری کے

اداکارہ رانی کی 30 ویں برسی آج منائی جائے گی

ٹھٹھہ صادق آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی فلم انڈسٹری کی خوبرو فلمی اداکارہ رانی کی 30 ویں برسی (آج) 27 مئی ہفتہ کو منائی جائے گی اس سلسلے میں فلمی حلقوں میں تعزیتی تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا فلمسٹار رانی سابق کرکٹر سرفراز نواز کی بیوی تھیں وہ 27 مئی 1993ء کو کینسر جیسی موذی مرض کا شکار ہو کر انتقال کر گئی تھیں۔ پاکستانی فلم انڈسٹری اور ٹیلی ویژن کی معروف ایکٹریس رانی جس کا اصل نام ناصرہ تھا 8 دسمبر 1941ء کو لاہور میں پیدا ہوئیں انہوں نے اردو اور پنجابی کی لاتعداد فلموں اور ٹی وی ڈراموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے انہوں نے معروف کرکٹر سرفراز نواز سے شادی کی لیکن بعد ازاں ان میں علیحدگی ہوگئی۔

کبھی سوچا نہیں تھا خوشی اداکارہ بنے گی، بونی کپور

خوشی 'دی آرچیز' نامی فلم سے اپنا کیریئر شروع کریں گی، یہ فلم رواں برس ہی ریلیز ہوگی

ممبئی (این این آئی) بھارتی فلم پروڈیوسر بونی کپور کی چھوٹی صاحبزادی خوشی کپور رواں برس اپنے فلمی کیریئر کا آغاز کریں گی۔ بونی کپور کے دو بچے ارجن کپور اور جھانوی کپور پہلے ہی فلمی صنعت کا حصہ ہیں۔ حال ہی میں انہوں نے بھارتی میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ اور ان کی مرحوم اہلیہ اداکارہ سری دیوی جانتے ہی نہیں تھے کہ خوشی کبھی اداکارہ بنیں گی۔ بونی کپور کا کہنا تھا کہ ہم صرف یہ چاہتے تھے کہ وہ اپنی پڑھائی میں اچھی کارکردگی دکھائے۔ انہوں نے کہا کہ سری دیوی کے انتقال کے وقت خوشی صرف 16 برس کی تھیں، میں نے اور اہلیہ نے کبھی خوشی سے زیادہ امیدیں وابستہ نہیں کی تھیں کیونکہ وہ کم عمر تھیں۔ واضح رہے کہ خوشی 'دی آرچیز' نامی فلم سے اپنا کیریئر شروع کریں گی

میرے پاس لوگوں سے زیادہ ملنے جلنے کے لیے وقت نہیں ہے، اداکارہ صرحا اصغر

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی اُبھرتی ہوئی اداکارہ صرحا اصغر کا کہنا ہے کہ وہ ابھی انڈسٹری میں اپنا نام بنانے کے لیے جدوجہد کر رہی ہیں۔ صرحا اصغر نے حال ہی میں ایک نجی ٹی وی شو میں بطور مہمان شرکت کی۔ انہوں نے شو کے دوران ایک سوال کے جواب میں کہا کہ انڈسٹری میں نام بنانے کے لیے جدوجہد ابھی باقی ہے، مجھے لگتا ہے کہ میں ابھی بھی جدوجہد کے مرحلے میں ہوں کیونکہ ایک بار پروڈیوسر آپ کو اپنے پراجیکٹ میں ایک کردار کے لیے منتخب کرتے ہیں، پھر وہ آپ کو ایک ایسے کردار کی پیشکش کرتے ہیں جو کہ سیکنڈ لیڈ ہو۔ انہوں نے بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ اس کے بعد آپ کو ایک معمولی سا کردار آفر کیا جاتا ہے، میں انڈسٹری کے اس طریقے کار کو ابھی تک سمجھ ہی نہیں سکی

پنجاب بڑی کامیابی، 34 ویں نیشنل گیمز میں پہلا گولڈ میڈل جیت لیا

موحد صادق لون نے سوئمنگ میں مردوں کے 200 میٹر بیک سٹروک کے مقابلے میں سونے کا تمغہ جیت لیا

موحد صادق لون سوئمنگ میں گولڈ میڈل جیتنے والے کم عمر کھلاڑی ہیں، کامیابی پر مبارکباد دیتا ہوں، ڈی جی سپورٹس

لاہور (خبرنگار) پنجاب نے 34 ویں نیشنل گیمز 2023ء میں پہلا گولڈ میڈل حاصل کرلیا، پنجاب کے کھلاڑی موحد صادق لون نے سوئمنگ کے مردوں کے 200 میٹر بیک سٹروک کے مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے، موحد صادق لون نے نیشنل گیمز میں سوئمنگ میں گولڈ میڈل حاصل کرنے والے کم عمر سوئمر کا بھی اعزاز حاصل کیا ہے، پنجاب کے کھلاڑیوں نے ایک گولڈ میڈل سمیت اب تک 34 میڈلز حاصل کرلئے ہیں، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل نے موحد صادق لون کو پنجاب کیلئے پہلا گولڈ میڈل جیتنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ موحد صادق لون سوئمنگ میں گولڈ میڈل جیتنے والے کم عمر ترین کھلاڑی ہیں، سپورٹس بورڈ پنجاب نے ان کو پنجاب انٹرنیشنل سوئمنگ کمپلیکس میں تربیت کی سہولت فراہم کی تھی جس کی وجہ سے ان کا کھیل بہتر ہوا اور آج وہ کامیاب ہوئے ہیں، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل سوئمنگ ایونٹ کے مہمان خصوصی تھے، اس موقع پر چیئرمین پاکستان سوئمنگ فیڈریشن میجر (ر) واجد وسیم، سیکرٹری کرنل (ر) احمد علی خان، ٹورنامنٹ ڈائریکٹر وریفری محمد حفیظ بھٹی بھی موجود تھے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا ہے کہ 34 ویں نیشنل گیمز 2023ء کی میزبانی بلوچستان کررہا ہے، نیشنل گیمز میں ملک بھر سے کھلاڑی شرکت کررہے ہیں، سوئمنگ کا ایونٹ لاہور میں شروع ہوا ہے، اس میں اچھے مقابلے ہورہے ہیں، پنجاب کے کھلاڑی موحد صادق لون نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کیا ہے، ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سوئمنگ کے فروغ کیلئے پنجاب کے ہر ڈویژنل ہیڈکوارٹر پر جدید سہولتوں سے آراستہ سوئمنگ کمپلیکس بنانے جارہے ہیں تاکہ ہر مقامی سوئمرز کو بھی سہولت میسر ہو اور ان کا ٹیلنٹ آگے آئے، گولڈ میڈلسٹ موحد صادق لون نے کہا ہے کہ نیشنل گیمز کیلئے بہت تیاری کی تھی، اللہ تعالیٰ کا شکر ہے مجھے میری محنت کا پھل مل گیا ہے، سپورٹس بورڈ پنجاب نے تیاری کیلئے بہت تعاون کیا اور ہر سہولت فراہم کی جس پر ڈی جی سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل کا شکر گزار ہوں، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل نے کھلاڑیوں میں میڈلز تقسیم کئے، کھلاڑیوں نے ان کے ساتھ گروپ فوٹوز بھی بنوائے۔ نتائج کے مطابق پنجاب کے موحد صادق لون نے 200 میٹر بیک سٹروک میں گولڈ، پاک آرمی کے وقاص حسین نے سلور اور پاک آرمی کے ہی محمد اسماعیل نے براونز میڈل حاصل کئے، سندھ کے دانیال علوی چوتھے، واپڈا کے علی شیر پانچویں، سندھ کے نایان پونا والا نے چھٹی، نیوی کے عاصم خان ساتویں اور بلوچستان کے عارف حسین نے آٹھویں پوزیشن حاصل کی، پنجاب کے کھلاڑیوں نے ایک گولڈ میڈل کے ساتھ اب تک نیشنل گیمز میں 34 میڈلز حاصل کرلئے، ویٹ لفٹنگ 49 کلوگرام کیٹیگری میں خدیجہ یوسف اور 64 کلوگرام کیٹیگری میں عائشہ ممتاز نے براونز میڈلز جیتے جبکہ ووشو کے مقابلوں میں پنجاب کی مہرین نے براونز میڈل حاصل کرلیا ہے۔

لاہور: 34 ویں نیشنل گیمز میں ٹیبل ٹینس مقابلے کا منظر

بھارت نے اپنے حامی افغان کرکٹ بورڈ کو دھوکا دیدیا

افغانستان اور بھارت کے درمیان 3 میچوں پر مشتمل سیریز کے انعقاد کو مشکل قرار

ممبئی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے اپنے حامی افغان کرکٹ بورڈ کو دھوکا دیتے ہوئے 3 میچوں پر مشتمل سیریز کے انعقاد کو مشکل قرار دیدیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی بورڈ نے افغانستان کے ساتھ شیڈول 3 میچوں پر مشتمل ون ڈے سیریز کو بزی شیڈول کی وجہ سے مشکل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ورلڈ ٹیسٹ چمپئن شپ (7 سے 12 جون) اور ویسٹ انڈیز کے خلاف 12 جولائی سے 13 اگست تک شیڈول ہے۔ قبل ازیں دونوں بورڈز نے منصوبہ بنایا تھا کہ 20 سے 30 جون کے درمیان 3 میچز پر مشتمل سیریز کھیلی جائے، جس کے بعد بھارتی ٹیم جولائی کے ابتدا میں ویسٹ انڈیز کے خلاف سیریز کی تیاری کرے۔ رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ بی سی سی آئی کی جانب سے انکار کی دوسری وجہ ڈزنی اسٹار کے ساتھ براڈ کاسٹ معاہدہ ختم ہونا اور نیا ٹینڈر سامنے آنا ہے۔ دوسری جانب افغانستان کرکٹ بورڈ کے صدر میر وائس اشرف، بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کے اراکین اور سری لنکن بورڈز کے اعلیٰ حکام ایشیا کپ کے میزبان اور شیڈول کے اعلان کے علاوہ آئی پی ایل فائنل کیلئے بھارت میں موجود ہیں۔ واضح رہے کہ دونوں سربراہان سیریز کو یقینی بنانے کیلئے بات چیت آگے بڑھا سکتے ہیں۔

شاہین آفریدی ٹی ٹونٹی بلاسٹ میں بھرپور پرفارمنس کیلئے پر امید



لندن (این این آئی) پاکستان کے مایہ ناز فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی نے کہا ہے کہ ٹی ٹونٹی بلاسٹ میں بہت اچھے کھلاڑی ہیں۔ ناٹنگھم شائر آوٹ لاز کی نمائندگی کرنے والے پاکستانی فاسٹ بولر شاہین آفریدی نے کہا کہ کوشش ہوگی میچ میں اچھی پرفارمنس کا مظاہرہ کروں۔ اس موقع پر ناٹنگھم شائر آوٹ کاز کے کپتان سٹیون مولینی نے کہا کہ وہ بہت پرجوش ہیں کہ شاہین آفریدی ہمارا باولنگ اٹیک لیڈ کریں گے۔ ناٹنگھم شائر آوٹ کوز کے کوچ پیٹر مورز نے کہا کہ شاہین آفریدی کو یہاں دیکھ کر لگتا ہے ہماری کرسمس ہوگئی ہے۔

انگلش کرکٹر امریکی لیگ کیلئے سینٹرل کنٹریکٹ چھوڑنے پر تیار

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے بیٹر جیسن روئے امریکی لیگ کے لیے سینٹرل کنٹریکٹ چھوڑنے پر تیار ہوگئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق لاس اینجلس نائٹ رائیڈرز نے جیسن روئے کو 2 سال کے معاہدے کی آفر کی ہے، جیسن روئے جلد امریکی لیگ کے ساتھ معاہدہ کریں گے۔ معاہدے کے بعد جیسن روئے آئی سی سی ون ڈے ورلڈ کپ سے باہر ہو سکتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق انگلینڈ کے ریس ٹاپلی اور ہیری بروک سمیت 6 کھلاڑیوں کو امریکی لیگ سے معاہدے کی آفر ہوئی ہے، انگلینڈ کے باقی کھلاڑی بھی لیگ کرکٹ کے لیے سینٹرل کنٹریکٹ لینے سے انکار کرنیکو تیار ہیں۔ خیال رہیکہ میجر لیگ کرکٹ 13 جولائی سے امریکہ میں کھیلی جائیگی، ان دنوں انگلینڈ میں ''ایشیز'' کھیلی جائے گی۔ انگلش کرکٹ بورڈ نے امریکہ میں ہونے والی میجر لیگ کرکٹ کے لیے کھلاڑیوں کو این او سی نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

لاہور: 34 ویں نیشنل گیمز کے موقع پر ایوب سٹیڈیم میں ووشو کے مقابلے کا منظر

وفاقی وزیر احسان مزاری سے پی سی بی کے چیف الیکشن کمشنر کی ملاقات

ریجنل، ڈسٹرکٹ کرکٹ الیکشن سے متعلق شکایات سمیت دیگر امور پر بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بین الصوبائی رابطہ احسان الرحمن مزاری سے پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف الیکشن کمشنر احمد شہزاد فاروق نے ملاقات کی جس میں پی سی بی کی جانب سے مختلف ریجنل اور ڈسٹرکٹ الیکشن سے متعلق مختلف فریقین کی جانب سے بڑھتی ہوئی شکایات کے تناظر میں چیف الیکشن کمشنر نے اپنے موقف سے آگاہ کیا۔ ملاقات کے دوران احمد شہزاد فاروق نے وفاقی وزیر کو ریجن اور ڈسٹرکٹ میں ہونیوالے الیکشن عمل کے حوالے سے تفصیلی آگاہ کیا اور یقین دھانی کروائی کہ الیکشن کے معاملے پر کوئی بھی شکایت آے گی تو اس پر پی سی بی کے وضع کردہ طریقہ کار کے تحت عملدرآمد یقینی بنایا جاے گا۔ واضح رہے کہ مختلف کرکٹ ایڈمنسٹریٹرز نے وفاقی وزیر سے ملاقات کی تھی جس میں انہوں نے ریجنل اور ڈسٹرکٹ انتخابات کے انعقاد اور حقیقی کلبوں کو انتخابی عمل کا حصہ بننے سے محروم کرنے کے طریقہ کار پر شکایات کی تھی جس پر وزارت بین الصوبائی رابطہ نے پاکستان کرکٹ بورڈ کو اپنے موقف سے آگاہ کرنے کی ہدایت کی تھی۔

نیشنل گیمز: روئنگ مقابلے 16 گولڈ میڈلز کیساتھ آرمی نے جیت لئے

اسلام آباد (این این آئی) 34 ویں نیشنل گیمز کے روئنگ مقابلے 16 گولڈ میڈلز کیساتھ آرمی نے جیت لئے۔ اسلام آباد میں منعقد ہونیوالے نیشنل گیمز کے روئنگ مقابلوں کی میڈلز تقریب کی مہمان خصوصی راولپنڈی ویمن یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر انیلہ کمال تھی جبکہ پاکستان روئنگ فیڈریشن کے چیئرمین رضوان الحق، صدر ہمدان نذیر، پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل سعید اختر، آرمی سپورٹس ڈائریکٹوریٹ کے میجر عرفان یونس سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھی۔ روئنگ مقابلوں میں آرمی نے مجموعی طور پر 16 سونے اور 12 چاندی کے تمغے جیت کر پہلی پوزیشن جیتنے کا اعزاز حاصل کیا جس کے بعد واپڈا نے 8 گولڈ میڈلز، دس سلور اور پانچ کانسی کے تمغے جیتے۔ نیوی نے مقابلوں میں 3 گولڈ، 6 سلور اور 11 برونز میڈل کیساتھ تیسری پوزیشن جبکہ ریلویز نے ایک گولڈ میڈل کیساتھ چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ راولپنڈی وویمن یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر انیلہ کمال نے ایونٹ کے اختتام پر کھلاڑیوں میں میڈلز تقسیم کئے۔

پاکستان آرمی نے نیشنل گیمز کے روئنگ کے ایونٹ میں میدان مار لیا، پاکستان واپڈا دوسرے نمبر پر رہی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان آرمی نے نیشنل گیمز کے روئنگ کے ایونٹ میں میدان مار لیا جبکہ پاکستان واپڈا اور پاکستان نیوی کھلاڑی بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر رہے۔ راولپنڈی ویمن یونیورسٹی کی وائس چانسلر انیلہ کمال نے ٹیموں کے کھلاڑیوں ٹرافیاں اور میڈلز تقسیم کئے اس موقع پر پاکستان روئنگ فیڈریشن کے چیئرمین رضوان الحق بھی موجود تھے۔ پاکستان آرمی نے 16 سونے اور 12 چاندی کے تمغوں کے ساتھ چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا۔ پاکستان واپڈا 8 سونے، 10 چاندی اور 6 کانسی کے تمغوں کے ساتھ دوسری پوزیشن، پاکستان نیوی نے 3 سونے، 6 چاندی اور 11 کانسی کے تمغوں کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ پاکستان ریلوے نے ایک سونے کے تمغے کے ساتھ چوتھی اور ہائر ایجوکیشن کمیشن نے 9 کانسی کے تمغوں کے ساتھ پانچویں پوزیشن حاصل کی۔

پی ایف ایف کے سابق ڈائریکٹر ممبر ایسوسی ایشن اینڈ پروجیکٹس کرنل ریٹائرڈ فراست علی شاہ پر تاحیات پابندی عائد کردی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فٹ بال فیڈریشن (ناملائزیشن کمیٹی) نے اسلام آباد فٹ بال ایسوسی ایشن کے سابق اہلکار شوکت علی خان کی شکایت پر کارروائی کرتے ہوئے تادیبی کمیٹی کے ساتھ سوشل میڈیا پر فیصلہ سنایا۔ چوہدری سلیم پر ستمبر 2019 میں اسلام آباد فٹ بال ایسوسی ایشن (آئی ایف اے) کے جنرل سیکرٹری عمار سرور کی آٹھ ماہ کی تنخواہ کے طور پر پی ایف ایف سے 209000 روپے نقد لینے کا الزام تھا۔ انضباطی کمیٹی نے استدلال کیا کہ عمار سرور کی تقرری اسی سال جنوری کے بجائے مارچ 2019 میں کی گئی تھی اور اگرچہ چوہدری سلیم نے ظاہر کیا کہ اس نے جو رقم جمع کی تھی وہ عمار سرور کے اکاؤنٹ میں جمع کرائی گئی تھی، لیکن اس نے فیصلہ دیا کہ آئی ایف اے کے سابق سربراہ کرپشن کے کمیشن میں ملوث پائے گئے۔ متوازی ایسوسی ایشن کی تشکیل۔ چوہدری سلیم سے رقم واپس کرنے کو بھی کہا گیا ہے۔ انضباطی کمیٹی کو جون 2019 کے کچھ خطوط بھی ملے جن پر سید شرافت حسین بخاری نے بطور اسلام آباد فٹ بال ایسوسی ایشن (آئی ایف اے) جنرل سیکرٹری دستخط کئے تھے اور کہا تھا کہ وہ پی ایف ایف کے خزانے کو نقصان پہنچا کر غیر منصفانہ اور ناجائز فائدہ اٹھانے کے لیے چوہدری سلیم کے ساتھ سرگرم عمل پایا گیا۔ دریں اثنا، فراست نے چوہدری سلیم کو فنڈز دیئے اور سابق انضباطی کمیٹی کی جانب سے اس پر سابقہ معطلی کو مدنظر رکھتے ہوئے تاحیات پابندی عائد کردی گئی۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی 2009 میں بھی پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے صدر مخدوم سید فیصل صالح حیات نے اسلام آباد فٹ بال ایسوسی ایشن کے سابق عہدیداروں صدر ڈاکٹر فضل الرحمان، سیکرٹری محمد زمان اور فنانس سیکرٹری چوہدری محمد سلیم کو فنڈز کے خرد برد کرنے پر معطل کیا گیا تھا۔

فنڈز میں خورد برد، چوہدری سلیم ودیگر پر پابندی عابد

کراچی (این این آئی) پاکستان فٹ بال فیڈریشن (ناملائزیشن کمیٹی) کی ڈسپلنری کمیٹی نے فنڈز میں خورد برد کرنے پر اسلام آباد فٹ بال ایسوسی ایشن کے سابق صدر چوہدری محمد سلیم، سابق سیکرٹری سید شرافت بخاری اور پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے سابق ڈائریکٹر کرنل ریٹائرڈ فراست علی شاہ پر فٹ بال کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر پابندی عائد کردی ہے۔

لاہور: 34 ویں نیشنل گیمز کوئٹہ میں ویٹ لفٹنگ کے مقابلے کا منظر

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

سندھ سیس ٹیکس آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کا معاشی قتل کرنے کے مترادف ہے: آئل مارکیٹنگ ایسوسی ایشن آف پاکستان

ٹیکس کی بدولت کمپنیوں کے مارجن میں 40 فیصد تک کمی آرہی ہے، چیئرمین طارق وزیر علی کا اوگرا کو خط

لاہور (خبر نگار) آئل مارکیٹنگ ایسوسی ایشن آف پاکستان نے سندھ سیس ٹیکس کو آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کا معاشی قتل کرنے کے مترادف قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اوگرا اس ٹیکس کو جلد سے جلد ختم کرائے۔ اس حوالے سے چیئرمین آئل مارکیٹنگ ایسوسی ایشن طارق وزیر علی نے چیئرمین اوگرا کو خط لکھ دیا۔ طارق وزیر علی نے خط میں مطالبہ کیا سندھ سیس ٹیکس کو ختم کیا جائے کیونکہ اس سے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے مارجن میں 40 فیصد تک کمی آرہی ہے۔ انکا کہنا تھا کہ اس ٹیکس کی بدولت کراچی پورٹ سے درآمد کی جانے والی تمام اشیا پر 25-1 فیصد لیوی لگائی جائے گی جسکا براہ راست اثر آئل مارکیٹنگ کمپنیوں پر پڑے گا۔ طارق وزیر علی نے کہا کہ آئل مارکیٹنگ کمپنیوں نے اس حوالے سے سندھ ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ سے سٹے آرڈر بھی لے رکھا ہے۔ چیئرمین آئل مارکیٹنگ ایسوسی ایشن طارق وزیر علی نے چیئرمین اوگرا سے مطالبہ کیا کہ ایسوسی ایشن کے ممبران کے ساتھ فوری طور پر ایک اجلاس رکھا جائے جس میں انڈسٹری کو پیش آنے والے مسائل کو حل کرنے کا لائحہ عمل تیار کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اوگرا ایک ریگولیٹری ادارہ ہے جس کو بغیر دیر کیے آئل انڈسٹری کے مسائل حل کرنے چاہیے۔ آئل مارکیٹنگ کمپنیاں پہلے ہی خدید مسائل سے دوچار ہیں مسائل کے حل میں مزید دیر انڈسٹری کو تباہی کے دہانے پر لے جائے گی

یوم تکبیر پر نواز شریف، ڈاکٹر عبدالقدیر کو خراج تحسین: گل محمد مرزا

پاکستان سے محبت کروڑوں پاکستانیوں کے دلوں کی دھڑکن ہے اور ہمیشہ رہے گی

لاہور (کامرس رپورٹر) پاک چائنہ بزنس کمیونٹی کے صدر گل محمد مرزا نے یوم تکبیر 28 مئی پر سابق وزیر اعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف اور ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو سلام عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے پاکستان سے محبت کروڑوں پاکستانیوں کے دلوں کی دھڑکن ہے اور ہمیشہ رہے گی۔ پاکستان کی محبت سے سرشار وطن کے وفادار پاک چائنہ بزنس کمیونٹی کے جانثار یوم تکبیر پر اپنے وطن کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔ ہماری دلی دعا ہے پاکستان دن دوگنی رات چوگنی ترقی کرے۔

فوج نے ہمیشہ ملکی دفاع کیلئے قربانیاں دی ہیں: شیخ عبدالمنان

لاہور (سٹاف رپورٹر) سینئر تاجر رہنما برانڈرتھ روڈ شیخ عبدالمنان نے کہا ہے پاک فوج نے ہمیشہ ملکی دفاع کیلئے قربانیاں دی ہیں۔ پاکستان سے محبت کرنے والے عوام پاک فوج کی قربانیوں کی دل سے قدر کرتی ہے۔ پاک فوج کے ہزاروں شہداء جانیں قربان کر گئے ان کی یادوں کی بے حرمتی سے ہمیں دلی تکلیف ہوئی ہے۔

یو ایس ایڈ کے اشتراک سے لاہور چیمبر میں اور ینگنیشن سیشن

لاہور (خبر نگار) یو ایس ایڈ انویسٹمنٹ پروموشن ایکٹیویٹی ایک پانچ سالہ منصوبہ ہے جو پاکستان کے کاروباری ماحول کو مضبوط بنانے اور سرمایہ کاری کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار یو ایس ایڈ انویسٹمنٹ پروموشن ایکٹیویٹی کے ڈپٹی چیف آف پارٹی عمار علی قریشی نے لاہور چیمبر کے اشتراک سے منعقدہ اور ینگنیشن سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی کاشف انور نے کہا کہ یہ اور ینگنیشن سیشن لاہور چیمبر کے ممبران کو یو ایس ایڈ انویسٹمنٹ پروموشن ایکٹیویٹی کے پروگرامز کے بارے میں مفید معلومات مہیا کرے گا۔ انہوں نے شرکاء کو بتایا کہ اس پروگرام کے تحت یو ایس ایڈ آئی پی اے نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع کی ایک پائپ لائن تیار کی ہے جو سرمایہ کے بیرونی ذرائع سے منسلک ہونے کے لیے تیار ہے۔ اس اہم پروگرام کی مدد سے مخصوص مقامی کمپنیوں کی نشاندہی کی جائے گی جو پاکستان میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں جہاں پاکستان کو سخت معاشی چیلنجز کا سامنا ہے، وہاں مقامی سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی کی اشد ضرورت ہے، اس کے ساتھ ساتھ غیر ملکی سرمایہ کاری پر بھی توجہ دینا ہوگی۔

جڑانوالہ میں یوم تکریم شہدا اور افواج پاکستان کے حق میں ریلی

جڑانوالہ (نامہ نگار) جڑانوالہ میں آج مرکزی جامع مسجد جڑانوالہ سے افواج پاکستان کے ساتھ اظہار یک جہتی کے لیے اور یوم تکریم شہداء کی مناسبت سے ایک ریلی کا انعقاد کیا گیا جسکی قیادت خطیب مرکزی جامع مسجد مولانا مظفر حمید وٹو صاحب۔ مہر محمد اسلم صاحب صدر مرکزی جامع مسجد جڑانوالہ اور میاں وسیم طارق سیکرٹری جنرل مرکزی جامع مسجد مظفر حمید وٹو صاحب۔ مولانا غلام حسین۔ قاری عبد الماجد۔ مولانا جمیل اجمل نے خطاب کیا مولانا مظفر صاحب نے افواج پاکستان کے ساتھ اظہار یک جہتی کرتے ہوئے کہا کہ 9 مئی کے واقعات کی بھرپور مذمت کرتے ہیں پاک فوج ملکی سالمیت کے لیے ہمہ وقت تیار ہے اور پاکستان کی بقا اور سلامتی کی ضامن ہے۔

پوری قوم اپنی افواج پاکستان کے ساتھ ہے: صدر کاشف سرور

9 مئی کے واقعات پر ملوث سرپسند عناصر کو قرار واقعی سزا دی جائے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاسبان ہائی ایس ویگن ورکرز ایسوسی ایشن کے ضلعی صدر کاشف سرور پرنٹ میڈیا کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم اپنی افواج پاکستان کے ساتھ ہے 9 مئی کے واقعات پر ملوث سرپسند عناصر کو قرار واقعی سزا دی جائے تا کہ آئندہ کوئی بھی ایسا گھناؤنا واقعہ دوبارہ پیش نہ ہو، افواج پاکستان ہماری نظریاتی سرحدوں کی محافظ ہے پاکستان کی بقاء وسلامتی کیلئے ہم سب ایک ہیں اور افواج پاکستان کی بھرپور رحمایت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ سرکاری واحساس تنصیبات پر ہونے والے حملوں کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ اس واقعہ میں ملوث ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے ملک میں دہشت گردی کے خلاف افواج پاکستان اور سیکورٹی اداروں کا کردار قابل ستائش ہے شہدا کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا انہوں نے مزید کہا کہ پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے افواج پاکستان کیلئے ہماری جانیں بھی حاضر ہیں۔

چلالپور بھٹیاں فوج سے اظہار یکجہتی کے لیے استحکام پاکستان جلسہ، جلسے کا انعقاد مسلم لیگ ن جلالپور بھٹیاں کی جانب سے کیا گیا

جلالپور بھٹیاں (روزنامہ قوت رستم علی)۔ چلالپور بھٹیاں فوج سے اظہار یکجہتی کے لیے استحکام پاکستان جلسہ، جلسے کا انعقاد مسلم لیگ ن جلالپور بھٹیاں کی جانب سے کیا گیا جلال پور بھٹیاں (رستم۔علی) مسلم لیگ ن کے زیر اہتمام جلالپور بھٹیاں میں پاک فوج کے ساتھ اظہار یک جہتی کے لیے شاندار اور بہت بڑا جلسہ کیا گیا جس میں مختلف مکاتب فکر کے افراد نے بھرپور شرکت کی اور پاکستان کی عظیم فوج کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے۔ جلسے سے سابق وفاقی وزیر سائرہ افضل تارڑ، سابق رکن قومی اسمبلی میاں شاہد حسین بھٹی، پریس کلب کے سرپرست میاں قادر بخش بھٹی اور مسلم لیگ ن کے نوجوان راہنما میاں حیدر علی بھٹی نے خطاب کیا خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مقررین نے کہا کہ پاک فوج کی بدولت ہم اپنے آپ کو محفوظ سمجھتے ہیں پاک فوج پر حملہ کسی صورت قبول نہیں ہے عسکری تنصیبات پر حملوں اور پرتشدد واقعات کی مذمت کرتے ہیں۔

گجرات پولیس کی طرف سے یوم تکریم شہداء پاکستان عقیدت و احترام سے منایا گیا

گجرات (ابوزر عمر قوت بیورو) گجرات پولیس کی طرف سے یوم تکریم شہداء پاکستان عقیدت و احترام سے منایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر کی طرح ضلع گجرات میں بھی یوم تکریم شہداء پاکستان ملی جذبہ اور قومی جوش و خروش سے منایا گیا۔ وطن عزیز کیلئے قربانیاں دینے والے شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے گجرات پولیس نے سفینہ میرج ہال میں تقریب کا اہتمام کیا۔ جس میں پولیس اور افواج پاکستان کے شہداء کی فیملیز کو بطور مہمان خصوصی مدعو کیا گیا۔ اس موقع پر ڈی پی او گجرات احمد نواز شاہ، ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک، لیفٹیننٹ کرنل امیر مختار، صدر چیمبر آف کامرس سکندر اشفاق، ایس پی انویسٹی گیشن محمد ریاض ناز اور ڈی ایس پیز نے بھی شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبول سے کیا گیا۔ سکولوں کے ننھے طلباء وطالبات نے خوبصورت انداز میں شہداء پاکستان کیلئے ملی نغمے پیش کئے جنہیں شرکاء کی جانب سے خوب پزیرائی حاصل ہوئی۔ حاضرین کا کہنا تھا کہ شہداء کی ملک وقوم کیلئے دی گئی بے لوث قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، یوم تکریم شہداء پاکستان منانے کا مقصد شہداء کی لازوال قربانیوں کی یاد تازہ کرنا ہے۔

ریسکیو 1122 چنیوٹ کا فلڈ موک ایکسرسائز کا انعقاد

سیلاب میں پھنسے ہوئے لوگوں کو نکالنے، ان کو محفوظ مقام پر منتقل کرنے مشق کی گئی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب ایمرجنسی سروس ڈیپارٹمنٹ ریسکیو 1122 کی جانب سے پری فلڈ موک ایکسرسائز کا انعقاد، اے ڈی سی آر الطاف حسین انصاری نے موک ایکسرسائز کا معائنہ کیا۔ پنجاب ایمرجنسی سروس ڈیپارٹمنٹ چنیوٹ نے سیلاب جیسی آفت سے نبرد آزما ہونے کیلئے دریائے چناب ٹی ڈی سی پی پوائنٹ پر پری فلڈ موک ایکسرسائز کا انعقاد کیا ان مشقوں کا مقصد سیلاب میں پھنسے ہوئے لوگوں کو نکالنے، ان کو محفوظ مقام پر منتقل کرنے، فلڈ آپریشن میں استعمال ہونے والے آلات کو چیک کرنے اور اداروں کے درمیان روابط کو بہتر کرنا تھا۔ ان فرضی مشقوں میں پنجاب ایمرجنسی سروس ڈیپارٹمنٹ، محکمہ صحت، محکمہ ایجوکیشن، محکمہ لائیو اسٹاک، محکمہ سول ڈیفنس اور محکمہ سوشل ویلفیئر نے حصہ لیا۔ اے ڈی سی آر الطاف حسین انصاری نے انسیڈنٹ کمانڈر پوسٹ، ریسکیو ڈیزاسٹر کیمپ، میڈیکل کیمپ سمیت دیگر کیمپوں کا معائنہ کیا اور سیلاب کے دوران ریسکیو اینڈ ریلیف کیلئے استعمال ہونے والے آلات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر میڈم طاہرہ خان ودیگر اداروں کے ضلعی افسران بھی موجود تھے۔ ریسکیو اہلکاروں نے ڈوبتے ہوئے لوگوں کو بچانے، سیلاب میں پھنسے لوگوں کو بحفاظت باہر نکالنے، کشتی رانی، میڈیکل ڈیمو کا عملی مظاہرہ بھی کیا گیا۔ ریسکیو 1122 چنیوٹ کی طرف سے لگائے۔

گوجرانوالہ: ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر پنجاب مدسر ریاض ملک کی طرف سے ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوجرانوالہ ڈویژن زبیر احمد کی ریٹائرمنٹ پر ان کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانہ کے بعد شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

زبیر احمد کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر انکے اعزاز مدثر ریاض ملک کی جانب سے ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوجرانوالہ ڈویژن زبیر احمد کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر انکے اعزاز میں ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر پنجاب مدثر ریاض ملک کی جانب سے ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا جس میں محکمہ کے دیگر افسران وسٹاف نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈی جی سوشل ویلفیئر پنجاب مدثر ریاض ملک نے ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹر زبیر احمد کی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ریٹائرمنٹ سروس کا حصہ ہے۔ ایمانداری اور جذبہ حب الوطنی سے سرشار ہو کر فرائض منصبی سرانجام دینے والے افسران اور ملازمین محکمہ کی نیک نامی کا باعث بنتے ہیں۔

شہداء پوری قوم کے لئے باعث فخر ہیں: ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان

یوم تکریم شہداء کے دن ہی نہیں بلکہ ہمیشہ کے لئے شہداء کے خاندانوں کے ساتھ ہیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) بریگیڈیئر کاشف نعیم، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان حنیف اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) منصور امان نے کہا ہے کہ وطن عزیز کے لئے جان قربان کرنے والے شہدا پوری قوم کے لئے باعث فخر ہیں پاکستان کی سرحدوں کی حفاظت امن وامان کو برقرار رکھنے اور لوگوں کے جان ومال کے تحفظ کے لئے جان قربان کرنے والے شہدا نے ناقابل فراموش جرات و بہادری، عزم و استقلال اور جوانمردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی جان مادر وطن پر نچھاور کی ہے قوم اپنے ان بیٹوں کی ناقابل فراموش قربانیوں کو کبھی نہیں بھلا پائے گی ہم تمام بحیثیت پاکستانی اپنے شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں ہمیں اپنے شہداء اور ان کے خاندانوں پر ناز ہے ہم یوم تکریم شہداء کے دن ہی نہیں بلکہ ہمیشہ کے لئے شہداء کے خاندانوں کے ساتھ ہیں ان کی دیکھ بھال ہماری ذمہ داری ہے جس سے ہم کبھی منہ نہیں موڑیں گے یوم تکریم شہداء میں شہیدوں کے خاندانوں کی بطور مہمان خصوصی شرکت اس بات کی غمازی ہے کہ یہ لوگ قوم کے لئے وی وی آئی پیز ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع اوکاڑہ میں یوم تکریم شہداء کی مرکزی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں افواج پاکستان، پولیس، ریسکیو 1122 اور دیگر اداروں کے شہداء کے خاندانوں نے شرکت کی۔ تقریب میں شہداء کے بچوں کے بطور مہمان خصوصی سٹیج پر بٹھایا گیا اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بریگیڈیئر کاشف نعیم، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان حنیف اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) منصور امان نے اپنے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کے ادارے اور پاکستان کا ہر شہری ہمارے لئے سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔

گجرات: ملک بھر کی طرح گجرات پولیس نے یوم تکریم شہداء پاکستان ملی جذبہ اور قومی جوش وخروش سے منایا گیا

پی ٹی آئی کو کسی نے نہیں توڑا اپنے کردار سے ٹوٹ گئی: صدر سردار خلیل

پی ٹی آئی کے ارکان کا کسی خوف سے پارٹی چھوڑنے کا تاثر غلط ہے

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) سابق صوبائی وزیر اور مسلم لیگ ن مینار ٹیزونگ پنجاب کے صدر سردار خلیل طاہر سندھو نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کو کسی نے نہیں توڑا اپنے کردار سے ٹوٹ گئی ہے اس کے تلوں میں اب تیل نہیں رہا۔ وہ جہاں سے تیار ہوئی تھی وہیں سے بے کار ہو گئی ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ آڈیو لیک میں ساس شامل ہونے کی وجہ سے چیف جسٹس آف پاکستان کو بینچ کی ڈرائیونگ نہیں کرنی چاہئے۔ اُن کی شمولیت عمران خان کو سہولت فراہم کرنے کے مترادف ہے۔ وہ خود بھی متنازع اُن سمیت متنازع ججز کو بینچ میں نہیں بیٹھنا چاہئے اُن کی موجودگی میں تحقیقات اور انصاف ممکن نہیں۔ 9 مئی کے واقعات اور عمران خان کو بچانے کے لئے "بند" لگانے کی جو کوشش کی جارہی ہے وہ کامیاب نہیں ہوسکتی۔ عمران خان کا پلان اُن کے گلے پڑے گا۔ اُنہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے ارکان کا کسی خوف سے پارٹی چھوڑنے کا تاثر غلط ہے۔

پی ٹی آئی ملک دشمنوں کا ٹولہ ہے، نجف وڑائچ

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) فیصل آباد پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل نائب صدر اور ٹکٹ ہولڈر پی پی 112 چوہدری نجف ضیاء وڑائچ نے کہا ہے کہ 9 مئی کے واقعات نے یہ ثابت کیا ہے کہ تحریک انصاف پاکستان مخالف قوتوں کی ایجنٹ ہے عمران خان کا ملک دشمن چہرہ بے نقاب ہو گیا ہے پی ٹی آئی کے قائدین کو جب یہ علم ہوا کہ توڑ پھوڑ کرنے والوں کے خلاف آرمی ایکٹ کے تحت ایکشن ہوگا اور مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا تو پی ٹی آئی کے قائدین کی پارٹی چھوڑنے کی دوڑیں لگ گئیں۔

اوکاڑہ: کمشنر ساہیوال: ڈویژن شعیب اقبا سید دارالامان میں مقیم خواتین سے دستیاب سہولیات بارے دریافت کر رہے ہیں

جرم وسزا

CRIME & COURT

ڈکیتی کی درجنوں وارداتوں میں ملوث شمعون گینگ کے چار ملزمان گرفتار لاکھوں روپے نقدی ومال مسروقہ برآمد

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید بیورو) ایس۔ ایچ۔ او تھانہ مراد پور انسپکٹر میاں محمد رزاق کی کاروائی۔ ڈکیتی کی درجنوں وارداتوں میں ملوث شمعون گینگ کے چار ملزمان گرفتار لاکھوں روپے نقدی ومال مسروقہ برآمد۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ محمد حسن اقبال کی ہدایات پر سیالکوٹ پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے اس سلسلہ میں تھانہ مراد پور کی پولیس نے ایس ایچ او انسپکٹر میاں محمد عبدالرزاق کی زیر نگرانی ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث چار رکنی گینگ کو سرغنہ شمعون عرف کالا سمیت گرفتار کر لیا ہے ملزمان نے دوران تفتیش تھانہ کوٹلی لوہاراں تھانہ ہیڈ مرالہ تھانہ مراد پور کے مختلف علاقوں میں درجنوں وارداتوں کا اعتراف کیا ہے پولیس نے ملزمان سے دوران تفتیش شہریوں سے چھینی گئی ساڑھے تین لاکھ روپے نقد بچھ لاکھ مالیتی چھ موٹر سائیکلیں موبائل فونز اور جدید اسلحہ برآمد کر لیا ہے ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے جس کے بعد ملزمان سے مزید ریکوری عمل میں لائی جائے گی

حجرہ شاہ مقیم باپ نے معمولی تکرار پر بیٹے کے پیٹ میں چھرا گھونپ دیا

نعمان نامی زخمی نوجوان کو شدید زخمی حالت میں لاہور ریفر کر دیا گیا، باپ گرفتار

حجرہ شاہ مقیم (عارف پاشا قوت) محلہ شاہ میر میں معمولی تکرار پر باپ نے جوان بیٹے کے پیٹ میں چھرا گھونپ دیا، تیز دھار چھرے کے وار سے نوجوان کی انتڑیاں باہر آگئیں، محلے داروں کی پکار 15 پر کال پر ہو پولیس موقعہ پر پہنچ گئی، زخمی نوجوان کو لاہور کے ہسپتال میں ریفر کر دیا گیا، پولیس نے باپ کو حراست میں لے لیا، تفصیلات کے مطابق حجرہ شاہ مقیم کے محلہ شاہ میر میں سلیم نامی شخص نے بچے کو سکول نہ بھیجنے پر جوان سالہ بیٹے نعمان عرف نومی نامی نوجوان کو طیش میں آکر پیٹ میں چھرا گھونپ دیا، چھرے کے وار سے زخمی نوجوان کی انتڑیاں باہر آنے سے اس کی حالت غیر ہو گئی، رورل ہیلتھ سنٹر حجرہ شاہ مقیم نے ابتدائی طبی امداد کے بعد لاہور ریفر کر دیا۔ پولیس نے پکار 15 پر اطلاع ملنے پر باپ کو حراست میں لے کر تفتیش شروع کر دی۔

ڈکیتی کی وارداتیں ڈاکوؤں نے سرکاری ملازمین سمیت راہگیروں کو لوٹ لیا

رستم پورہ کے قریب 4 لاکھ 50 ہزار روپے نقدی اور 1 لاکھ 60 ہزار کے قیمتی موبائل چھین لیے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) مریدکے نارووال روڈ پر ڈکیتی کی وارداتیں ڈاکوؤں نے سرکاری ملازمین سمیت راہگیروں کو لوٹ لیا عمر اور اسامہ موبائل خریدنے جا رہے تھے رستم پورہ کے قریب 4 لاکھ 50 ہزار روپے نقدی اور 1 لاکھ 60 ہزار کے قیمتی موبائل چھین لیے جنڈ ھیر کے قریب مقامی بلدیہ ملازم مظہر بٹر اور واپڈا ملازم سکندر بٹر پنڈوری سٹاپ سے نارنگ آرہے تھے کہ جنڈ ھیر سٹاپ کے قریب تین مسلح ڈاکوؤں نے 60 ہزار مالیت کے موبائل فونز اور 21 ہزار نقدی سے محروم کر دیا جبکہ نارنگ کے رہائشی تاجر کاشف اور آصف سے نامعلوم تین ڈاکوؤں نے پچاس ہزار نقدی اور موبائل چھین کر فرار ہو گئے پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے شہریوں نے ڈکیتی چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔

مختلف حادثات کے نتیجہ میں خاتون سمیت 3 افراد جان کی بازی ہار گئے

جی ٹی روڈ فیروز والہ کے قریب تیز رفتار کار کی زد میں آکر ایک نامعلوم نوجوان جان بحق

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) شہر اور اسکے مضافات میں ٹریفک کے 3 مختلف حادثات کے نتیجہ میں خاتون سمیت 3 افراد جان کی بازی ہار گئے، جان بحق ہونے والوں میں سیاسی سماجی شخصیت میاں فیصل شاہد کا چچا بھی شامل، ریسکیو اہلکاروں نے لاشوں کو پولیس کی تحویل میں دے دیا، ٹریفک کا پہلا حادثہ صدر چوک بوٹرن کے قریب تیز رفتار بس نے سڑک کراس کرنے والی نامعلوم خاتون کو کچل ڈالا ریسکیو اہلکاروں نے لاش کو متعلقہ پولیس کی تحویل میں دے دیا، ٹریفک کا دوسرا حادثہ طارق روڈ کے معروف سیاسی سماجی شخصیت چوہدری میاں فیصل شاہد کے لاپتہ ہونے والے چاچو میاں قیصر رشید کے ساتھ کیلے گاں کے قریب پیش آیا جس کو نامعلوم گاڑی نے کچل ڈالا جس کو ریسکیو اہلکاروں نے ہسپتال منتقل کیا لیکن وہ جانبر نہ ہو سکا متوفی ایک بیٹے اور ایک بیٹی کا باپ تھا جس کو بوہڑ والے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، ٹریفک کا تیسرا حادثہ جی ٹی روڈ فیروز والہ کے قریب تیز رفتار کار کی زد میں آکر ایک نامعلوم نوجوان جان بحق ہو گیا۔

25 سالہ شعیب نامی نوجوان کی نعش برآمد

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید بیورو) سیالکوٹ کے تھانہ اگوکی کے موضع بھابھڑیاں والا کے قریب جوہڑ سے 25 سالہ شعیب نامی نوجوان کی نعش برآمد اطلاع ملنے پر ایس۔ ایچ۔ او تھانہ اگوکی جہانزیب خان موقع پر پہنچ گئے۔ ابتدائی معلومات کے مطابق لواحقین کا کہنا ہے کہ نوجوان کو بچپن سے مرگی کے دورے پڑتے تھے علاج معالجہ بھی کروایا جاتا رہا ہے۔ لواحقین کا کہنا ہے کہ شعیب صبح کام پر جانے کے لئے گھر سے نکلا تھا اور یہ واقعہ پیش آگیا۔

دو گروپوں کے درمیان تصادم، ایک خاتون سمیت 6 افراد زخمی

میاں چنوں (چوہدری اشعر نعمان) کے نواحی گاؤں 80 پندرہ ایل میں راستے کا تنازع پر دو گروپوں کے درمیان تصادم، ایک خاتون سمیت 6 افراد زخمی، تمام زخمیوں کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، تفصیل کے مطابق میاں چنوں تھانہ چھب کلاں کی حدود نواحی گاؤں 80 پندرہ ایل میں راستہ کا تنازع پر دو گروپوں میں تصادم کے دوران ایک خاتون سمیت 6 افراد شدید زخمی ہو گئے، تمام زخمیوں کو ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں پر تمام زخمیوں کا علاج جاری ہے خاتون اور ایک شخص کی حالت نازک ہونے پر نشتر اسپتال ملتان ریفر کر دیا گیا جبکہ پولیس کا کہنا ہے کہ میڈیکل رپورٹ آنے پر مقدمہ درج کر لیا جائے گا۔

پولز لگانے پر رشوت ایف آئی اے نے کاروائی شروع کر دی

منڈی صادق گنج (نامہ نگار) پولز لگانے پر رشوت ایف آئی اے نے کاروائی شروع کر دی منڈی صادق گنج کے نواحی گاؤں موضع گولووالا میں بجلی کی نئی سپلائی لائن چالو کرنے کے لئے واپڈا اہلکاران نے پولز دانستہ طور پر منظور شدہ سروے سے ہٹ کر لگائے دیئے بعدازاں پولز کو سروے کے مطابق نصب کرنے کے لئے مبینہ طور پر 30 ہزار روپے رشوت لی جس پر متاثرہ شخص محمد افضل نے واپڈا ملازمین شہزاد حسین اور محمد مختیار کے خلاف کاروائی کے لئے ایف آئی اے بہاول پور کو درخواست گزاری جس پر کاروائی کا آغاز کرتے ہوئے ایف آئی اے افسران نے مدعی کو گواہان سمیت طلب کر لیا۔

نارنگ شہر میں روٹی بان جلتے تندور میں گھر کر جھلس گیا زخمی حالت میں ہسپتال منتقل

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) جسے اللہ رکھے اسے کون چکھے نارنگ شہر میں روٹی بان جلتے تندور میں گھر کر جھلس گیا زخمی حالت میں ہسپتال منتقل بتایا گیا ہے کہ نارنگ ریلوے روڈ پر واقع پٹھان ہوٹل کا روٹی بان ظہیر پٹھان روٹیاں نان لگا رہا تھا کہ توازن برقرار نہ رکھنے پر جلتے تندور میں گھر گیا جیسے قریبی لوگوں نے نکال کر ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں اسے ابتدائی طبی امداد کے بعد ڈسچارج کر دیا گیا ہے ظہیر پٹھان کا چہرہ سر محفوظ رہے اور معمولی زخمی ہوا۔

مرید کے تحصیل ہسپتال انتظامیہ اور پی ایم یو اہلکاروں کی ملی بھگت

مرید کے (نامہ نگار قوت) مرید کے تحصیل اسپتال انتظامیہ اور پی ایم یو اہلکاروں کی ملی بھگت سے جنریٹر سے تیل چوری اور بار بار مرمت سے سرکار کو چونا آئے روز جنریٹر خرابی سے جس سے مریضوں کا برا حال بتایا گیا ہے کہ مرید کے تحصیل بھر کی آبادی کا واحد ہسپتال جہاں جی ٹی روڈ اور لاہور کے قریب ہونے کی وجہ سے روزانہ ہزار مریضوں کا آنا ہوتا ہے زیادہ تر سہولیات کے ہوتے ہوئے مریضوں کو لاہور ریفر کر دیا جاتا ہے اور دوسری جانب تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال کی انتظامیہ کنٹریکٹ کمپنی پی ایم یو کے اہلکاروں سے مبینہ طور پر ساز باز کر کے تیل کی چوری اور بار بار جنریٹر مرمت کے نام پر محکمہ ہیلتھ کو لاکھوں کا چونا لگاتے ہیں مسلسل جنریٹر خرابی اور بجلی کی آنکھ مچولی سے انتہائی نگہداشت اور دیگر وارڈز میں داخل مریضوں کی گرمی اور حبس سے حالت غیر ہو گئی جس سے کئی مریض بے ہوش مریضوں کے لواحقین نے اسپتال انتظامیہ کے خلاف عوامی پریس کلب کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے سیکرٹری ہیلتھ اور وزیر اعلیٰ پنجاب سے اس بے حسی کے نوٹس کا

خوراک میں جعل سازی کرنے والوں کیخلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی کا آپریشن

سیالکوٹ کے مختلف علاقوں میں فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ، 2000 لیٹر جعلی دودھ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید بیورو) خوراک میں جعل سازی کرنے والوں کیخلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی کا آپریشن، فوڈ سیفٹی ٹیموں کی جانب سے سیالکوٹ کے مختلف علاقوں میں فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی گئی۔ 2000 لیٹر جعلی دودھ، 740 لیٹر جعلی مشروب اور 200 کلو آڑو تلف کر دیے گئے۔ سبزی منڈی میں واقع اسامہ ڈیپارٹمنٹل سٹور سے 740 لیٹر معروف برینڈز کے جعلی مشروب بھی برآمد کر کے تلف کر دیے گئے۔ ماڈل ٹاؤن سیالکوٹ سے 2000 لیٹر جعلی دودھ سے بھرا ٹینکر پکڑا گیا۔ موقع پر کیے گئے ٹیسٹ فیل ہونے پر جعلی دودھ تلف کر دیا گیا۔ سبزی منڈی میں آڑو کو مضر صحت رنگ اور ممنوعہ کیمیکل لگانے پر 200 کلو آڑو تلف کر دیے گئے مزید برآں ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی راجہ جہانگیر انور کا کہنا تھا شہری اپنے اردگرد موجود جعل ساز مافیا کی اطلاع پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ہیلپ لائن 1223 پر دیں۔ اشیاء خورونوش کے معیار پر ہرگز سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ناقص اشیاء خورونوش کا استعمال معدہ اور جگر کی بیماریوں کا سبب بنتی ہیں۔ جعل سازی اور ملاوٹ کرنے والوں کے خاتمے کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی کا ساتھ دیں۔

5 منشیات فروش سمیت درجنوں ملزمان گرفتار، ناجائز اس

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ | بقیہ جات | 1

مرکز ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسائل کے باوجود پاکستانی ٹیکسٹائل انڈسٹری ترقی کر رہی ہے، سرمایہ کار پاکستان میں آ کر خوشی محسوس کرتے ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ کاروباری افراد کی انتھک محنت کے باعث ٹیکسٹائل کا شعبہ بہتر ہو رہا ہے، آئندہ ہفتے پری بجٹ میٹنگز شروع ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکسٹائل کا شعبہ ملکی برآمدات کا 60 فیصد ہے، تاجروں کو برآمدات بڑھانے کے لیے جو معاونت درکار ہوگی فراہم کریں گے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ منفرد آئیڈیاز دینے والوں کا خیر مقدم کیا جائے گا، غیر ملکی سرمایہ کاروں کو بہترین اور معاون ماحول فراہم کریں گے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک میں مہنگائی اتنی ہے کہ سمجھ نہیں آتا منہ چھپا کر کہاں جاؤں؟ سیاسی استحکام کے بغیر معاشی استحکام ناممکن ہے۔ کاروباری شخصیات سے خطاب کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ بزنس مین طبقے کی پاکستان کے لیے بہت بڑی خدمات ہیں، جب ہم نے حکومت سنبھالی تو مہنگائی زوروں پر تھی، گزشتہ سال تاریخ کا سب سے بڑا سیلاب آیا جس نے تباہی مچائی، حالیہ سیلاب کا اکانومی پر تباہ کن اثر پڑا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں کی وجہ سے مہنگائی میں بے پناہ اضافہ ہوا، کورونا کے دوران ایل این جی کی قیمتیں تین ڈالر تھیں لیکن معاہدے نہیں کیے گئے، ایل این جی معاہدے نہ کرنے پر پاکستان کو نقصان ہوا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ حکومت نے آئی ایم ایف معاہدے کو توڑ دیا تھا، جس کے بعد آئی ایم ایف نے کڑی شرائط لگائیں، آئی ایم ایف کی تباہ کن شرائط ماننا پڑیں، دوست ممالک کی مدد سے آئی ایم ایف معاہدے میں جو گیپ تھے پورے کر دیئے۔ شہباز شریف نے کہا کہ دوست ممالک پاکستان کے لیے بے پناہ اچھی خواہشات رکھتے ہیں، چین نے اپنے کمرشل لون رول اوور کر کے دوستی کی مثال قائم کی۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ ملک میں ایک سال سے سیاسی عدم استحکام سب کے سامنے ہے، جب تک سیاسی استحکام نہیں ہوگا معاشی استحکام کیسے آئے گا؟ اقتصادی طور پر بے پناہ چیلنجز ہیں، بجٹ آ رہا ہے، تسلیم کر رہا ہوں مہنگائی اتنی ہے کہ سمجھ نہیں آتا منہ چھپا کر کہاں جاؤں۔ شہباز شریف نے کہا کہ غریب کے منہ میں نوالہ نہیں ہے، غریب چاہتا ہے اسے ریلیف ملے، جذبات سے بھرا ہوا ہوں، دل سے باتیں کر رہا ہوں،

بقیہ | بقیہ جات | 2

کے خلاف 4 درخواستیں دائر کی گئی تھیں۔ انکوائری کمیشن کے خلاف عمران خان، صدر سپریم کورٹ بار عابد زبیری، ریاض حنیف راہی اور مقتدر شبیر نے درخواستیں دائر کی تھیں، درخواستوں میں مبینہ آڈیو تحقیقاتی کمیشن کی تشکیل کے نوٹیفکیشن کو کالعدم قرار دینے کی استدعا کی گئی تھی۔ چیف جسٹس نے دوران سماعت ریمارکس دیئے کہ حکومت کسی جج کو اپنی مرضی کے مطابق بینچ میں نہیں بٹھا سکتی، ہم نے سوال پوچھا تھا کہ 184 بی میں لکھا ہے کم از کم 5 ججز کا بینچ ہو، اگر آپ نے ہم سے مشورہ کیا ہوتا تو ہم آپ کو بتاتے، 9 مئی کے واقعے کا فائدہ یہ ہوا کہ جوڈیشری کے خلاف جو بیان بازی ہو رہی تھی وہ ختم ہوگئی۔ چیف جسٹس نے اٹارنی جنرل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ ہمارے انتظامی اختیار میں مداخلت نہ کریں، ہم حکومت کا مکمل احترام کرتے ہیں، عدلیہ بنیادی انسانی حقوق کی محافظ ہے، حکومت نے چیف جسٹس کے اختیارات کو ریگولیٹ کرنے کی قانون سازی جلدی میں کی، حکومت ہم سے مشورہ کرتی تو کوئی بہتر راستہ دکھاتے، آپ نے ضمانت اور فیملی کیسز کو بھی اس قانون سازی کا حصہ بنا دیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 3

پاکستان کی تاریخ میں نہیں آئی۔ اسد عمر نے پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ حکومت پر تنقیدی ٹوئٹ میں کہا کہ عوام کی زندگی میں یہ حکومت کیا تبدیلی لائی؟ تحریک انصاف حکومت خاتمے پر اور آج کی قیمتوں کا موازنہ دیکھیں۔ انہوں نے لکھا کہ آٹے کی قیمت میں 132 فیصد، چاول کی قیمت میں 88 فیصد اضافہ ہوا ہے جبکہ مرغی 72، دال مسور 71، دودھ 44 اور چینی 37 فیصد مہنگی ہوئی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 4

درج کر لیا۔ اینٹی کرپشن پنجاب نے عظمیٰ خان پر ڈیرہ غازی خان کے تھانے میں جعلسازی کا مقدمہ درج کیا، عظمیٰ خان پر مقدمہ 5261 کنال زمین دھوکہ دہی سے کم قیمت پر خریدنے کے الزام میں درج کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر کے مطابق 6 ارب روپے مالیت کی زمین جعلسازی سے 13 کروڑ روپے میں خریدی گئی، عمران خان کی بہن عظمیٰ خان اور ان کے شوہر احد خان نے عثمان بزدار کے ساتھ مل کر 500 کنال اراضی پر قبضہ حاصل کیا۔ متاثرین نے مقدمہ کے اندراج کے لیے متعلقہ تھانہ میں درخواستیں دے رکھی تھیں، عظمیٰ خان نے ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے اعلان کے بعد گریٹر تھل کینال کے نام سے اربوں کی زمین کوڑیوں کے بھاؤ خریدی۔

بقیہ | بقیہ جات | 5

ای سی ایل پر نام ڈالنے پر حکومت کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ عمران خان، بشریٰ بی بی سمیت پی ٹی آئی کے 600 سے زائد رہنماؤں کے نام نو فلائی لسٹ میں شامل انہوں نے کہا کہ ویسے میرا بیرون ملک جانے کا کوئی ارادہ نہیں کیونکہ میری وہاں کوئی جائیداد یا کاروبار نہیں حتیٰ کے ملک سے باہر میرا کوئی بینک اکاؤنٹ بھی نہیں ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ اگر مجھے چھٹیاں گزارنے کا کوئی موقع ملتا ہے تو وہ ہماری شمالی علاقہ جات کی پہاڑیاں ہیں جہاں میرا پسندیدہ مقام ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 6

وزارت حج وعمرہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ سعودی عرب کا رخ کرنے والے عازمین حج کے چار چیزیں ساتھ لانے پر پابندی ہوگی۔

بقیہ | بقیہ جات | 7

افراد تھے جنہوں نے عمران خان کی ہدایات پارٹی کے دیگر حلقوں تک پہنچائی۔ انٹیلی جنس ایجنسی نے پی ٹی آئی کے اندرونی ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ عمران خان نے خصوصی طور پر ہدایات دی تھیں کہ ان کی گرفتاری کی صورت میں پہلے سے طے شدہ مقامات اور جگہوں کو ہدف بنایا جائے۔ عمران خان نے متعدد مرتبہ خود اپنی اور اپنی پارٹی کی 9 مئی کے واقعات سے لاتعلقی ظاہر کی ہے۔ اس کی بجائے انہوں نے اصرار کیا ہے کہ پی ٹی آئی نے ماضی میں بھی پرسکون مظاہرے کیے ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 8

کورونا وائرس کے 12 کیس رپورٹ ہوئے اور 6 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے۔ جمعہ کو این آئی ایچ کے جاری اعداد وشمار کے مطابق ملک بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے ایک ہزار 949 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 12 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے، اس طرح مثبت کیسز کی شرح 62.0 فیصد رہی اور اس دوران کورونا وائرس سے کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا تاہم 6 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ لاہور میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 1202 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 3 کا نتیجہ مثبت آیا، مثبت کیسز کی شرح 25.0 فیصد رہی۔

بقیہ | بقیہ جات | 9

خیر باد کہنے والے عہدیداروں کو پارٹی کے وٹس ایپ گروپوں سے نکالنے کا سلسلہ جاری ہے۔ جمعرات کے روز تحریک انصاف کو خیر باد کہنے والی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ، جمشید اقبال چیمہ اور ملیکہ بخاری کو پریس کانفرنس کر کے تحریک انصاف سے لاتعلق کرنے کے اعلان کے بعد رات گئے پارٹی اور میڈیا کے لئے بنائے گئے تمام گروپوں سے نکال دیا گیا ہے۔ اس سے قبل فواد چوہدری، اسد عمر، فیاض الحسن چوہان سمیت دیگر کو بھی پارٹی کے وٹس ایپ گروپوں سے نکالا جاچکا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 10

تنظیمی کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ نو مئی کے واقعات کا ماسٹر مائنڈ عمران خان ہے، جس نے اپنی گرفتاری سے پہلے ایسے منصوبہ بنایا اور اہداف مقرر کیے جیسے غاروں میں بیٹھے دہشت گرد پلاننگ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کور کمانڈر لاہور آفس کے راستے میں حکومتی عمارات اور شاپنگ سینٹرز آتے ہیں مگر وہاں کسی نے کوئی توڑ پھوڑ نہیں کی اور سیدھا کور کمانڈر ہاؤس پر جا کر حملے کیے کیونکہ سارے منصوبے اور اہداف کاغذ پر بنائے گئے تھے۔

بقیہ | بقیہ جات | 11

پہلے اپنے محسنوں کے ہی دشمن بن جاتے ہیں۔ فردوس عاشق کا کہنا تھا کہ 9 مئی کے واقعات کی آزادانہ تحقیقات کر کے ذمہ داروں کو سزا دی جائے۔ فردوس عاشق اعوان نے کہا کہ دہشتگرد کارروائیوں کی وجہ سے پی ٹی آئی کا حصہ نہیں رہنا چاہتی، 22 سال سے سیاسی سفر میں ایسا ماحول اور منظر نہیں دیکھا، ملوث افراد کو عبرتناک سزا دی جائے، واقعات کی آزادانہ انکوائری کی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 9 مئی کے واقعات کی زمان پارک سے منصوبہ بندی کی گئی، بیرونی ایجنڈے پر سازش تیار کی گئی

بقیہ | بقیہ جات | 12

وقت کسی کا انتظار نہیں کرتا، ہر طرف مایوسی چھائی ہوئی ہے، موسم بہار آ کر رہے گا، جیسے تیسے بھی الیکشن ہو کر رہیں گے۔ سابق وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ یہ سارے میثاق جمہوریت کی پیداوار میثاق آمریت کی گود میں بیٹھے ہیں۔ انہوں نے ملکی معیشت پر بات کرتے ہوئے کہا کہ گروتھ صفر ہے، ڈیفالٹ ڈار کا دروازہ کھٹکھٹا رہا ہے، غربت، مہنگائی، بیروزگاری اور کاروباری تباہی سے معاشی، سیاسی، اقتصادی صف ماتم بچھی ہے، پاکستان کی کرنسی سری لنکا، گھانا اور افغانستان سے بھی نیچے چلی گئی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 13

پارٹی کیلئے جو کر سکا وہ کیا، ہم جمہوریت اور ووٹ پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن سوچ بھی نہیں سکتا کتنا مشکل ہے، کوئی بھی نہیں چاہتا کہ اداروں سے لڑائی ہو، اختلافات ہوتے ہیں لیکن انہیں بیٹھ کر حل کیا جاسکتا ہے، یہ ملک سب کا ہے، لڑائی سے معاملات حل نہیں ہوتے، عام آدمی کو بہتر کرنا ہے تو لڑائی سے تو بہتری نہیں آسکتی۔ مراد راس نے کہا کہ عمران خان جب لاہور شفٹ ہوئے تو جو مشیران کے ساتھ جڑ گئے یہ سب اس کا نتیجہ ہے، مشیروں نے ہمیں کس جگہ لا کر کھڑا کر دیا، عمران خان کے مشیر حالات یہاں تک لے کر آئے ہیں، نو مئی کے واقعے کی جتنی مذمت کریں کم ہے، ہمارا ملک ہے ملک کی چیزوں کو نقصان پہنچا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے فیصلہ کیا مل کر بیٹھیں، جو سمجھتے ہیں ملک نے آگے چلنا ہے سب آئیں اور مل کر بیٹھیں، نو مئی کا واقعہ ہونا چاہیے تھا نہ ہی یہ پلان میں تھا، ہم نے کبھی ایسی سیاست نہیں کی تھی، سمجھ سے باہر ہے یہ سب کیسے ہوا۔

بقیہ | بقیہ جات | 14

وہاڑی، لودھراں اور ملتان کے سیاسی خاندانوں کی شمولیت کا بھی امکان ہے۔ واضح رہے کہ کچھ روز قبل خبر سامنے آئی تھی کہ جہانگیر ترین نے لاہور میں ڈیرہ ڈالا ہوا ہے اور انہوں نے پی ٹی آئی کے کئی رہنماؤں سے ملاقاتیں کی ہیں، اس دوران ایک ہفتے میں ان سے 20 سے زائد اہم سیاسی شخصیات نے ملاقات کی۔ ذرائع نے یہ بھی دعویٰ کیا تھا کہ جلد ہی تحریک انصاف کا فارورڈ بلاک سامنے آسکتا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 15

والی تکبیر کانفرنس کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے تھے۔ اس موقع پر سیکرٹری جنرل پی ایم ایم ایل محمد اعظم چوہدری، صدر مرکزی مسلم لیگ لاہور انجینئر عادل خلیق، سیکرٹری جنرل لاہور انجینئر حارث ڈار اور حمید الحسن بھی موجود تھے۔ مرکزی مسلم لیگ کے صدر خالد مسعود سندھو، محمد اعظم چوہدری و دیگر نے کہا کہ وطن عزیز کے دفاع کے ضامن ایٹمی پروگرام کے خلاف سازشیں ہو رہی ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 16

تحت پراسیس کیا جا رہا ہے، ان میں دو پنجاب اور چار خیبر پختونخوا میں ہے، صرف چھ مقدمات ممکنہ طور پر فوجی عدالتوں میں چلائے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ صرف 19 ملزمان ملٹری حکام کے حوالے کئے گئے جبکہ 14 گرفتار ملزمان کو خیبر پختونخوا میں فوجی حکام کے سپرد کیا گیا ہے، اے ٹی اے کے کیسز میں 3946 لوگوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پنجاب میں 20588 اور خیبر پختونخوا میں 1100 لوگوں کو گرفتار کیا گیا ہے جبکہ دیگر کیسز میں 5536 لوگوں کو گرفتار کیا گیا جس میں اکثریت ضمانتوں پر رہا ہو چکے ہیں باقی کے کیسز دیگر عدالتوں میں چلے گئے ہیں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ 9 مئی کے واقعات میں جو ملوث نہیں ہوگا اس کو کیسز میں شامل نہیں کیا جائے گا۔ رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ آفیشل سیکرٹ ایکٹ اور ملٹری ایکٹ کا اطلاق ان کیسز میں ہوتا ہے جب کوئی عسکری عمارت اس میں شامل ہو، اگر کوئی شخص چاہے وہ کوئی فوجی کیوں نہ ہوں اور اگر وہ مجاز نہ ہوں جانے کا، تو اس کے اوپر آفیشل سیکرٹ ایکٹ کا اطلاق ہو سکتا ہے، ایسی عمارت میں گھسنا، آس پاس رہنا یا لوگوں کو داخل کروانا قابل سزا جرم ہے، حساس عمارتوں کے قریب احتجاج اور ویڈیوز نہیں بنائی جا سکتی۔ وزیر داخلہ نے واضح کیا کہ فوجی عدالتوں میں مقدمات کے حوالے سے کسی قانون سازی یا ترمیم کی ضرورت نہیں۔ رانا ثناء اللہ نے مزید کہا کہ نفرت کی سیاست کا آغاز 2014 کے دھرنے سے کیا گیا اور ایک سیاسی جماعت نے اپنی سیاست کو جہاد کا نام بھی دیا، پاکستانی معاشرے میں نفرت پھیلانے کیلئے بہت محنت کی گئی، 9 مئی کو جو کچھ ہوا تھا وہ بھی اسکا تسلسل تھا۔

بقیہ | بقیہ جات | 17

ہیں، مفاد عامہ کی خاطر یہ قدم اٹھایا، ہماری قوم کا مفاد اسی میں ہے کہ ہم تحریک انصاف چھوڑ دیں۔ قاسم خان کا کہنا تھا کہ قیادت نے ہمارے ساتھ وعدے کیے، قیادت کی ناانصافیاں برداشت نہیں کر سکتے، 5 سال سے لڑ رہے ہیں لیکن حق نہیں مل رہا، یہ زیادتیاں برداشت نہیں کر سکتے۔ کرک سے تعلق رکھنے والے ملک قاسم 2013 میں آزاد حیثیت سے الیکشن جیت کر پی ٹی آئی میں شامل ہوئے تھے وہ سابق وزیر اعلیٰ پرویز خٹک کے مشیر رہے ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 18

کے فیصلے کی روشنی میں الیکشن کمیشن نے 11 مئی کو پولنگ کیلئے جاری کیا جانے والا نوٹیفکیشن معطل کر دیا۔ 28 مئی کو این اے 108 فیصل آباد، این اے 118 ننکانہ صاحب اور این اے 239 کورنگی کراچی میں ضمنی انتخابات ہونے تھے

بقیہ | بقیہ جات | 19

بنایا، ان کے بہتر مستقبل کیلئے منصوبے شروع کئے، 2013 میں نواز شریف نے یوتھ پروگرام کا آغاز کیا، نوجوانوں کے بہتر مستقبل کے لئے متعدد منصوبے شروع کئے گئے اور گزشتہ دور میں طلبہ کو لیپ ٹاپ دیئے۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے 2018 میں لیپ ٹاپ سکیم بند کر دی گئی، رواں سال لیپ ٹاپ سکیم دوبارہ شروع کر رہے ہیں، گزشتہ حکومت نے نوجوانوں کو شرپسندی کی طرف راغب کیا اور منفی باتوں کے ذریعے ان کی ذہن سازی کی گئی۔ شزا فاطمہ کا کہنا تھا کہ 9 مئی کو ہونے والے واقعات اسی کا تسلسل ہے، ہر محب وطن ان واقعات کی شدید مذمت کرتا ہے، نوجوانوں میں صحت مند سرگرمیوں کو فروغ دینے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، 54 ہزار بچوں کو مختلف کھیلوں کا حصہ بنا چکے ہیں، نیشنل انوویشن پروگرام کے تحت 3 ہزار طلبہ کو انعامات دیئے جائیں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 20

کی فیملیز اور قومی یادگاروں کی بے حرمتی قطعاً برداشت نہیں کی جائے گی۔ قوم شہداء اور ان کے خاندانوں کے ساتھ تھی ہے اور رہے گی۔ نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ شرپسند سن لیں کہ پاکستانی قوم کا جذبہ ایمانی انکی شرانگیزی سے بہت بلند ہے۔ پوری قوم یکسو اور یکجان ہے، نفاق کی ہر سازش ناکام ہو چکی ہے اور قوم نے شرپسندوں اور فتنہ پھیلانے والوں کے چہرے پہچان لئے ہیں۔ پاکستان کی مسلح افواج کے بہادر افسر اور جوان ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 21

اعلان کر دیا۔ کوہاٹ پریس کلب میں ہنگامی پریس کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے پاک فوج کی تنصیبات کو نقصان پہنچانے اور شہداء کے یادگار مسمار کرنے کی پرزور مذمت کی اور ان واقعات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا اور ملوث ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کی ضرورت پر زور دیا۔ بشیر احمد نے کہا کہ ملکی اداروں کو نقصان پہنچانے والی جماعت کے ساتھ چلنا مشکل اور ملک کے ساتھ غداری ہے لہٰذا ان وجوہات کی بناء پر تحریک انصاف سے مستعفی ہونے کا اعلان کرتا ہوں۔

بقیہ | بقیہ جات | 22

ہلاک ہونے والے 2 سگے بھائی اور ایک ان کا رشتے دار تھا۔ فائرنگ کرنے والے تینوں قیدیوں نے خود کو پولیس کے حوالے کر دیا۔ واقعہ پرانی دشمنی کا نتیجہ ہے، پولیس نے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ پولیس کے مطابق مقتولین اور ملزمان میں زرعی زمین کا معاملہ تھا اور کافی عرصے سے دشمنی چل رہی تھی۔

بقیہ | بقیہ جات | 23

کی رپورٹ کے مطابق 9 مئی حملوں کے دوران ایک کروڑ 51 لاکھ 55 ہزار روپے مالیت کے کیمرے توڑے گئے جن میں 55 لاکھ روپے مالیت کے کیمرے گرجا چوک کے قریب توڑے گئے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 24 لاکھ روپے مالیت کا نقصان کینال روڈ اور زمان پارک کے قریب کیا گیا جب کہ اسٹیٹ گیسٹ ہاؤس، ماڈل ٹاؤن اور جیل روڈ پر ڈیجیٹل سرویلنس تنصیبات کو بھی تباہ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق احتجاج میں 53 لاکھ روپے مالیت کی ٹریفک کنٹرول سائٹس کو تباہ کیا گیا جب کہ کلب چوک اور ڈیوس روڈ سمیت اہم شاہراہوں پر ٹریفک سائٹس کو بھی نقصان پہنچایا گیا۔ رپورٹ کے مطابق سیف سٹی تنصیبات کے مجموعی نقصان کا تخمینہ 2 کروڑ 4 لاکھ 60 ہزار لگایا گیا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 24

23 تا 24 مئی آسٹریلیا کے دورے پر تھے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق مظاہرین نے بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کے خلاف شدید نعرے لگائے۔ انہوں نے کہا کہ مودی کی حکومت بھارت اور مقبوضہ جموں وکشمیر میں مسلمانوں کو ہراساں کر رہی ہے اور تشدد کا نشانہ بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم مسلمانوں کے خلاف مودی کے جرائم کو کبھی نہیں بھولیں گے، ہم ان بہنوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے جن کی گلیوں میں عصمت دری کی گئی تھی، ان بچوں کو نہیں بھولیں گے جنہیں ماؤں کے پیٹ سے نکال کر آگ میں پھینک دیا گیا، گجرات کے ان عمر رسیدہ مسلمانوں کو نہیں بھولیں گے جنہیں آپ (مودی) کے لوگوں نے زندہ آگ میں پھینک دیا تھا۔ مظاہرین نے کہا کہ مودی کو بے گناہ مسلمانوں کے خلاف اپنے جرائم کا ایک روز ضرور حساب دینا پڑے گا۔ انہوں نے عالمی برادری اور انسانی حقوق کی بین الاقوامی تنظیموں پر زور دیا کہ وہ بھارت اور مقبوضہ جموں وکشمیر میں مسلمانوں اور اقلیتوں پر مظالم کا نوٹس لیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 25

ہوگا۔ ورلڈ بینک کا فنڈ بلوچستان میں 2022 کے سیلاب متاثرین کی بحالی اور آئندہ کے خطرات سے تحفظ کے لیے بھی استعمال کیا جائے گا۔ عالمی بینک نے اس حوالے سے کہا کہ 35 ہزار 100 افراد کو گھروں کی تعمیر کے لیے گرانٹ دی جائے گی جس سے بلوچستان میں مجموعی طور پر 27 لاکھ متاثرہ آبادی کو فائدہ ہوگا۔

بقیہ | بقیہ جات | 26

اس مقصد کیلئے الیکشن کمیشن نے الیکٹورل گروپ کے اندراج کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ الیکٹورل گروپ کے اندراج کے شیڈول کے مطابق 5 جون 2023ء کو الیکٹورل گروپس کے اندراج کے لئے پبلک نوٹس جاری کیا جائے گا۔ 06 تا 12 جون تک الیکٹورل گروپ کے سربراہ یا انکے مجاز نمائندگان، فارم 1 پر الیکشن کمیشن کے مجاز افسر کے پاس درخواست جمع کروا سکیں گے۔ 19 جون تک مجاز افسران فارم 1 پر موصول ہوئی درخواستوں کی جانچ پڑتال کے بعد کسی کمی بیشی کی صورت میں درخواست متعلقہ الیکٹورل گروپ کے سربراہ کو واپس دیں گے۔ 26 جون 2023ء تک الیکٹورل گروپ کے سربراہ یا انکے مجاز نمائندگان مجاز افسر کے پاس درستگی کے بعد ترمیم شدہ فارم 1 دوبارہ جمع کروائیں گے۔ 27 جون تا 03 جولائی 2023ء تک مجاز افسران الیکٹورل گروپ کے اندراج کی تصدیقی سند فارم 3 جاری کریں گے۔ درخواستوں کو منظور یا مسترد کرنے پر مجاز افسران کے فیصلوں کے خلاف اعتراضات وگزارشات دائر کرنے کی تاریخ 04 جولائی تا 10 جولائی مقرر کی گئی ہے۔ ان گزارشات یا اعتراضات کی شنوائی الیکشن کمیشن کی طرف سے مقرر کردہ افسران کریں گے۔ 17 جولائی تک ان اعتراضات وگزارشات پر فیصلے جاری کر دیئے جائیں گے اور الیکٹورل گروپس کے اندراج کا عمل مکمل کر دیا جائے گا۔ صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب نے صوبہ پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے متوقع امیدواران کیلئے پیغام دیتے ہوئے کہا کہ ایسے امیدواران جو کسی سیاسی جماعت میں شمولیت اختیار کئے بغیر انتخابات لڑنا چاہتے ہیں انکے لئے لازم ہے کہ وہ جلد اپنے الیکٹورل گروپ کا اندراج کروائیں اور انتخابات میں حصہ لیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبہ پنجاب میں پہلی بار انتخابات میں الیکٹورل گروپس کا اندراج عمل میں

کچے کے علاقے ڈاکوؤں و دہشتگردوں سے کلیئر کرا لئے گئے: ڈی پی او راجن پور

راجن پور پولیس کا کچہ میں قیام امن کے بعد عوامی خدمت کا انقلابی اقدام، علاقے میں راؤ راحت سلیم پولیس کمیونٹی سکول قائم

گولیوں کی تڑتڑاہٹ والے علاقے اب علم کے زیور، قومی ترانے اور پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونجیں گے، میڈیا ٹاک

ڈی پی او راجن پور محمد ناصر سیال ڈاکوؤں سے کلیئر کرائے گئے علاقے چک مورو اور کچی جمال میں راؤ راحت سلیم شہید پولیس کمیونٹی سکول کے بچوں میں کتابیں تقسیم کر رہے ہیں

محکمہ لائیو سٹاک پنجاب کا پاکستان کی معاشی ترقی میں کلیدی کردار ہے: امریکی قونصل جنرل

ولیم میکانیول کی سربراہی میں امریکی سفارتی وفد کی سیمن پروڈکشن یونٹ قادر آباد ساہیوال کا دورہ، ایڈیشنل سیکرٹری نے یونٹ بارے تفصیلی بریفنگ دی

محکمہ کے ساتھ مل کر مویشیوں کی پیداوار میں اضافے کے لئے تکنیکی تعاون کو بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا، معیاری سہولیات سے لیس سیمن پروسیسنگ لیب کا قابل تعریف ہے: وفد

لاہور: تحریک انصاف کے ساہیوال ڈویژن سے تعلق رکھنے والے طارق ارشاد، طارق عصمت ارشاد حسین کاکڑ، محمد شاہ کھگہ و دیگر پریس کانفرنس کر کے پارٹی چھوڑنے کا اعلان کر رہے ہیں

ٹیپو سلطان کی عظیم الشان تلوار ایک کروڑ سے زائد پاؤنڈ میں نیلام

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) 18 ویں صدی میں میسور کے حکمران ٹیپو سلطان کی خواب گاہ سے ملنے والی تلوار نے لندن میں نیلامی کے تمام ریکارڈ توڑ دیے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ تلوار ایک کروڑ 40 لاکھ پاؤنڈ میں فروخت ہوئی۔ نجی بین الاقوامی آکشن ہاؤس بونہامس نے تلوار کی فروخت کے انتظام کیے تھے، بیان میں کہا گیا کہ تلوار کا جتنا تخمینہ لگایا گیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

شیخوپورہ انتظامیہ ناکام، دکانداروں نے ریٹ لسٹ کو لات مار دی

بازاروں گلی محلوں میں دودھ دہی، دالیں پھل، سبزیاں من پسند ریٹس پر بیچے گئے

شیخوپورہ (رانا بدیع الزمان سے) انتظامی امور میں ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر، پرائس کنٹرول کمیٹیوں کی کارکردگی ٹھس ہوگئی، بازاروں، چوکوں چوراہوں، گلی محلوں میں دودھ دہی، دالیں، پھل، سبزیاں اور دیگر اشیاء خورد و نوش فروخت کرنے والوں نے اپنے ریٹ مقرر کر کے انتظامیہ کی جانب سے جاری کی گئی ریٹ لسٹ کو ماننے سے انکار کر دیا، عوامی سماجی حلقوں اور عام شہریوں نے نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی سے آڑھتیوں، تاجروں کے بعد چھوٹے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

مسجد حرام میں سعودی کوریڈور کے افتتاح پر عازمین انتہائی پرجوش

مکہ مکرمہ (مانیٹرنگ ڈیسک) عمرہ کی سعادت اور فریضہ حج کی ادائیگی کے لیے حرم مکی پہنچنے والے عازمین کی طرف سے حال ہی میں مسجد حرام میں سعودی کوریڈور کے افتتاح پر سعودی قیادت کو مبارک باد پیش کی جا رہی ہے۔ عازمین نے خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ان کے ولی عہد اور وزیراعظم عزت مآب شہزادہ محمد بن سلمان کی طرف سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

عارفوالا فرینڈز گروپ پریس کلب کے صحافیوں کی میٹنگ

ہمیشہ علاقہ کی بہتری کیلئے جدوجہد کی ہے اور انشاللہ کریں گے: حاجی ایوب

عارفوالا (نمائندہ قوت) تحصیل عارف والا فرینڈز گروپ پریس کلب رجسٹرڈ کے صحافیوں کی طرف سے میٹنگ کا انعقاد تفصیلات کے مطابق تحصیل عارف والا فرینڈز گروپ پریس کلب کی ماہانہ میٹنگ کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کے اگے احاجی چوہدری محمد ایوب کی زیر صدارت اجلاس انعقاد پذیر ہوا اجلاس میں علاقہ بھر کے مسائل پر ورکنگ جرنلسٹ سے خصوصی بات چیت کی گئی علاقہ میں رفاہ عامہ کے مسائل اور علاقہ تھانہ قبولہ کی حدود گرد و نواح (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

عارف والا: فرینڈز گروپ پریس کلب رجسٹرڈ عارفوالا کی طرف سے ماہانہ میٹنگ کے انعقاد کی تصویری جھلکیاں

آئی جی پنجاب کا مثالی اقدام، زخمی اہلکار کو گرانٹس کی رقم جاری

اے آئی جی ریاض نذیر گاڑا کے زیر صدارت اجلاس میں کمیٹی نے منظوری دی

لاہور (خبر نگار) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی جانب سے پولیس اہلکاروں کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے مثالی اقدامات جاری ہیں جس کے تسلسل میں شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے دوران زخمی ہونے والے اہلکاروں کے علاج معالجے کیلئے 30 لاکھ 50 ہزار روپے کی گرانٹس جاری کر دی گئی ہیں۔ آئی جی پنجاب نے 15 اہلکاروں کو 03 ملین سے زائد رقم طبی اخراجات کی مد میں دینے کی منظوری دی۔ تفصیلات کے مطابق کانسٹیبل عارف حسین کو علاج معالجے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

روس نے ایٹمی ہتھیار بیلاروس منتقل کرنا شروع کر دیئے

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) روس نے اپنے جوہری ہتھیار پڑوسی ملک بیلاروس میں منتقل کرنا شروع کر دیئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ماسکو کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے بیلاروسی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

رشی سونک کی رہائش گاہ کے گیٹ سے گاڑی ٹکرا دی گئی، ڈرائیور گرفتار

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانوی وزیر اعظم رشی سونک کی رہائش گاہ کے گیٹ سے گاڑی ٹکرا دی گئی۔ گاڑی ٹکرانے والے کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ گاڑی رہائش گاہ کے سامنے والے گیٹ سے ٹکرائی گئی تھی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق برطانوی پولیس نے بتایا اس حادثہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

جہلم میں ٹرانسپورٹرز شتر بے مہار، مسافروں سے لوٹ مار جاری

پنڈ دادن خان کے مسافروں کی چیخیں سوشل میڈیا کی زینت بن گئیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کی تحصیل پنڈ دادن خان کی عوام کو سیکرٹری ڈسٹرکٹ روڈ ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے ٹرانسپورٹروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا۔ مسافروں کی چیخیں سوشل میڈیا کی زینت بن گئیں۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 12 سے 30 روپے کمی کے باوجود پبلک ٹرانسپورٹ کے کرائے کم نہ ہو سکے۔ مسافر ٹرانسپورٹروں کے ہاتھوں لٹنے پر مجبور۔ چیئرمین / ڈپٹی کمشنر، ڈسٹرکٹ روڈ ٹرانسپورٹ اتھارٹی کرایوں میں کمی کروانے میں کردار ادا کریں۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

روس یوکرین جنگ نہیں جیت سکے گا، امریکی جنرل

واشنگٹن (نیٹ نیوز) امریکا کے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف جنرل مارک میلی نے کہا ہے کہ روس فوجی طور پر یوکرین میں جنگ نہیں جیت سکے گا۔ میڈیا رپورٹس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

روا ں ماہ 354 گرانفروشوں کے چالان، 11 لاکھ 59 ہزار جرمانہ

10 گراں فروشوں کیخلاف مقدمہ درج کر کے حوالہ پولیس کیا: صفدر حسین ورک



گجرات (ابوذر عمر قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک کہا ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر ضلع بھر میں گرانفروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، رواں ماہ مئی کے دوران 354 گراں فروشوں کے چالان کر کے ان پر 11 لاکھ 59 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے جبکہ 10 گراں فروشوں کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

بھارت میں نایاب نسل کے چیتے کے دو بچے ہلاک

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کی ریاست مدھیا پردیش کے نیشنل پارک میں نایاب چیتے کے دو بچے ہلاک ہوگئے جبکہ تیسرے کی حالت تشویش ناک ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کی رپورٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

الخدمت فاؤنڈیشن کی سوات میں ڈیزاسٹر مینجمنٹ تربیتی ورکشاپ

شرکا کو آفات کے دوران ریسکیو، ریلیف سمیت دیگر امدادی سرگرمیوں پر لیکچر دیا گیا

گجرات (ابوذر عمر قوت بیورو) الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے زیر اہتمام سنگوٹہ سوات میں ڈیزاسٹر مینجمنٹ پروگرام کے تحت 4 روزہ خصوصی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، الخدمت فاؤنڈیشن ضلع گجرات کے وفد نے راجہ ساجد شریف صدر الخدمت فاؤنڈیشن ضلع گجرات کی زیر قیادت ورکشاپ میں شرکت کی، وفد میں چوہدری حمزہ سرور (ڈپٹی سیکرٹری جماعت اسلامی ضلع گجرات، محمد آصف (پروگرام مینجر) ابرار یونس (آئی ٹی) حمزہ شفقت چیمہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

علی بابا ڈاٹ کام کی پاکستان میں ایکسپو 2023 میں شرکت

مقصد ٹیکسٹائل برآمد کنندگان کو دنیا بھر میں خریداروں کی کمیونٹی سے جوڑنا

کراچی (خبر نگار) معروف گلوبل بزنس ٹو بزنس (B2B) ای کامرس پلیٹ فارم علی بابا ڈاٹ کام کی جانب سے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کے زیر اہتمام چوتھی بین الاقوامی ٹیکسٹائل نمائش (ایکسپو 2023) میں شرکت کی گئی ہے۔ یہ ایکسپو 26-28 مئی 2023 تک جاری رہے گی جس کا بنیادی مقصد پاکستانی ٹیکسٹائل برآمد کنندگان کو دنیا بھر میں 40 ملین سے زیادہ خریداروں کی کمیونٹی سے جوڑنا ہے۔ تین روزہ ٹیکسپو 2023 میں صنعت کیشعبے سے وابستہ کاروباری افراد کے لیے مختلف کاروباری مواقعوں، روابط قائم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

ایکسپو 2023 میں علی بابا ڈاٹ کام کے زیر اہتمام سٹال کا منظر

اے سی جلالپور بھٹیاں کی قیادت میں یوم تکریم شہدا پاکستان

ہزاروں افراد کی شرکت، سخت سکیورٹی انتظامات، پاک فوج کے حق میں نعرے

جلالپور بھٹیاں (روزنامہ قوت رستم علی) ملک بھر کی طرح پنڈی بھٹیاں میں بھی یوم تکریم شہدا پاکستان کے سلسلہ میں اسسٹنٹ کمشنر راشد اقبال کی قیادت میں ریلی نکالی گئی پنڈی بھٹیاں میں بھی یوم تکریم شہدا پاکستان کے سلسلے میں ریلی نکالی گئی۔ ریلی میونسپل کمیٹی پنڈی بھٹیاں آفس سے شروع ہو کر ہائی سکول نمبر 1 تک نکالی گئی جس میں ہر مکاتب فکر کے لوگوں نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکا نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر پاک فوج اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے نعرے درج تھے ریلی میں تحصیل انتظامیہ، پنجاب پولیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

جہلم: سوئی گیس بلوں پر اضافہ کیخلاف عوام سراپا احتجاج

سردیوں میں گیس آتی نہیں 2 سے ڈھائی ہزار روپے بل آجاتا ہے: دہائیاں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم محکمہ سوئی گیس کی جانب سے سوئی گیس کے بلوں کی مد میں بڑے اضافے اور 5 سو روپے میٹر کرایہ کو فکس ٹیکس کی شکل دیئے جانے کے بعد صارفین کو ہزاروں روپے کے بل موصول ہونے لگے، صارفین سراپا احتجاج، وزیر اعظم پاکستان سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق شہر سمیت ملحقہ علاقوں کے صارفین نے اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ سردیوں کے موسم میں جب ہیٹر جلتے تھے اس وقت گھریلو صارفین کو بمشکل 2 سے اڑھائی ہزار روپے کا بل موصول ہوتا تھا اور اب گرمیوں کا موسم ہے، ہیٹر، گیزر اور سوئی گیس سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

شہدا ہمارے ہیرو، انکی خدمات ناقابل فراموش: مہر حبیب اللہ

افواج پاکستان انکے شہداء اور انکے خاندانوں کی عزت و تکریم ہمارا قومی فریضہ

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ملک و قوم کے جان و مال اور سرحدوں کی حفاظت کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء ہمارے ہیرو ہیں انکی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ افواج پاکستان انکے شہداء اور انکے خاندانوں کی عزت و تکریم ہمارا قومی فریضہ ہے ان خیالات کا اظہار مہر حبیب اللہ چیئرمین حجازی میڈیا گروپ نے گذشتہ رات ہائیڈ پارک فوارہ چوک میں یوم تکریم شہدائے پاکستان کے سلسلہ میں چراغاں کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیئرمین ڈسٹرکٹ پریس کلب رائے غضنفر علی کھرل، چیئرمین ہائیڈ پارک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

لاہور: وزیر بلدیات ابراہیم مراد کو سی ای او اربن ڈویلپمنٹ عمران امین بریفنگ دے رہے ہیں

زلزلے کے بعد شمالی شام میں موبائل بسوں میں بچوں کو پڑھانے کا اہتمام

دمشق (مانیٹرنگ ڈیسک) شمالی شام میں رواں سال چھ فروری کو آنے والے خوفناک زلزلے کے نتیجے میں بڑی تعداد میں اسکول اور ان میں زیر تعلیم بچے بھی متاثر ہوئے تھے۔ اسکولوں کی بحالی کا عمل مکمل نہیں ہو سکا مگر اسکول انتظامیہ نے تباہ ہونے والی عمارتوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

ایف جی ای آئی، ایمنگ چینج فار ٹو مارو میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط

مقصد ٹرانس کمیونٹی کو بہترین تعلیمی ادارے کا قیام یقینی بنانا ہے: سید مبشر علی شاہ بنوری

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) فیڈرل گورنمنٹ ایجوکیشنل انسٹی ٹیوشنز (کینٹ اینڈ گیریژنز) ڈائریکٹوریٹ اور ایک این جی او ایمنگ چینج فار ٹو مارو کے درمیان مفاہمت کے خط پر دستخط کرنے کی ایک رسمی تقریب ایف جی ای آئی ڈائریکٹوریٹ، راولپنڈی میں منعقد ہوئی۔ مفاہمت کا مقصد ٹرانس کمیونٹی کو بہترین تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے لیے ایک تعلیمی ادارے کا قیام ہے اس موقع پر ڈی جی ایف جی ای آئی ایز میجر جنرل محمد اصغر اور ایمنگ چینج فار ٹو مارو کے سی ای او سید مبشر علی شاہ بنوری سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ اور ایمنگ چینج فار ٹو مارو کے سی ای او سید مبشر علی شاہ بنوری نے ایف جی ای آئی ایز میں جامع ثقافت کے فروغ میں پر ڈی جی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

ایف جی ای آئی، ایمنگ چینج فار ٹو مارو میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے جا رہے ہیں

طالبان قندھار میں خواتین کو امدادی کام کرنے کی اجازت دے سکتے ہیں، این آر سی

نیویارک (نیٹ نیوز) اقوام متحدہ افغانستان میں امداد فراہم کرنے کے لیے خواتین کے لیے مستثنیات مقرر کرنے کی کوشش کر رہا ہے، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق افغانستان میں ایک بین الاقوامی امدادی ایجنسی کو امید ہے کہ وہ اپنی خواتین افغان عملہ کو جنوبی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

مفت آٹا سکیم کا سکینڈل حکمرانوں کی بدترین کرپشن کا ثبوت ہے: ضیاء الدین انصاری

غریب عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے نام پر اربوں روپے کی بوگس اسکیموں سے لوٹا جا رہا ہے، امیر جماعت اسلامی لاہور



لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ کرپشن نے ملک کی جڑوں کو کھوکھلا کر دیا ہے۔ مفت آٹا سکیم کا سکینڈل حکمرانوں کی بدترین کرپشن کا ثبوت ہے۔ غریب عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے نام پر اربوں روپے کی بوگس اسکیموں سے لوٹا جا رہا ہے جو قابل مذمت ہے۔ نااہل سربراہوں کی سرپرستی میں سرکاری ادارے تباہی کے دہانے پر پہنچ گئے ہیں مگر کرپٹ افراد کی کرپشن کو روکنے والا کوئی نہیں۔ نیب سمیت چیک اینڈ بیلنس برقرار رکھنے اور انسداد بدعنوانی کے تمام ادارے کرپشن روکنے میں ناکام ہو چکے ہیں۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

لکھوڈیر میں ماحول دوست پارک کا منصوبہ تیار کر لیا: ابراہیم مراد

لاہور میں روزانہ 6 ہزار ٹن کوڑا سائنسی بنیادوں پر تلف کرنے کیلئے نئی لینڈ فل سائٹ یورپی معیار کے مطابق بنائی جائے: وزیر بلدیات

لاہور (خبر نگار) نگراں وزیر بلدیات پنجاب ابراہیم مراد نے بتایا ہے کہ لاہور کی خوبصورتی اور ماحولیاتی بہتری کے لئے لکھوڈیر میں قائم موجودہ ویسٹ ڈمپنگ سائٹ پر ماحول دوست پارک بنانے کا منصوبہ تیار کر لیا گیا ہے۔ لاہور کے لئے نئی لینڈ فل سائٹ شہری آبادی سے دور بنائی جائے گی۔ شہر کے انفراسٹرکچر کو ترقی دینے کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی تحفظ پر پہلے سے بھی کہیں زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ نگراں وزیر بلدیات ابراہیم مراد کو سی ای او راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی عمران امین نے مجوزہ لینڈ فل سائٹ کے بارے میں بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ لاہور میں روزانہ پیدا ہونے والے چھ ہزار ٹن کوڑے کو سائنسی بنیادوں پر تلف کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے ہدایت کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

ڈسکہ: گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول میں ایجوکیشن کے احکامات ٹھس

ٹیوشن نہ پڑھنے والے طالبعلم کو ابھی تک رزلٹ کارڈ نہ مل سکے، والدین پریشان

سیکرٹری سکول ایجوکیشن اور سی او ایجوکیشن سیالکوٹ کے احکامات ہوا میں اڑانے کا نوٹس لیا جائے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ کے ہیڈ ماسٹر اور ٹیچروں نے سیکرٹری سکول ایجوکیشن اور سی او ایجوکیشن سیالکوٹ کے احکامات کو ہوا میں اڑا دیا ٹیوشن نہ پڑھنے والے طالبعلم کو ابھی تک رزلٹ کارڈ نہ مل سکے گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ کے ہیڈ ماسٹر اصغر علی کی آشیر باد سے ٹیچروں طیب اور عمر نے ٹیوشن نہ پڑھنے والے طالبعلموں کے رزلٹ کارڈ ایک سال سے نہیں دیئے جس کی وجہ سے طالبعلموں کا مستقبل تباہ ہو گیا تھا ایک سال گزرنے کے باوجود ٹیوشن نہ پڑھنے والے طالبعلموں کو رزلٹ کارڈ نہ دینے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

فن لینڈ، اسنیپ چیٹ کے ذریعے 120 لڑکیوں کو جنسی ہوس کا نشانہ بنانے والے ملزم کو قید

ہیلنسکی (مانیٹرنگ ڈیسک) اسنیپ چیٹ کا استعمال کرتے ہوئے 100 سے زیادہ بچیوں کو جنسی ہوس کا شکار بنانے والے ملزم کو فن لینڈ کی عدالت نے جیل بھیج دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی خبر کے مطابق جیسی ایرکونن نامی جنسی درندے کے خلاف الزامات عائد کرنے والی 120 کم عمر لڑکیوں میں سے زیادہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

جھنگ پولیس پکار 15 کی کالز کی تصدیق کریں: ملک طارق محبوب

اصلی اور بوگس کالوں پر ہونے والی کارروائی سے آگاہی حاصل کر کے آگاہ کریں

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او نے پکار 15 پر ہونے والے اصلی کالوں پر فوری قانونی کارروائی جبکہ بوگس کالوں پر کال کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کے احکامات جاری کر دیئے تفصیلات کے مطابق ڈی پی او ملک طارق محبوب نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو پروفیشنل ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ جس طرح پکار 15 پر ہونے والی اصلی اور حقیقی کالوں پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

چنیوٹ ریسکیو 1122 کے زیر اہتمام پری فلڈ موک ایکسر سائز

سیلاب میں پھنسے لوگوں کو نکالنے اور محفوظ مقام پر منتقل کرنیکی مشق کی گئی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب ایمرجنسی سروس ڈیپارٹمنٹ ریسکیو 1122 کی جانب سے پری فلڈ موک ایکسرسائز کا انعقاد، اے ڈی سی آر الطاف حسین انصاری نے موک ایکسرسائز کا معائنہ کیا۔ پنجاب ایمرجنسی سروس ڈیپارٹمنٹ چنیوٹ نے سیلاب جیسی آفت سے نبرد آزما ہونے کیلئے دریائے چناب ٹی ڈی سی پی پوائنٹ پر پری فلڈ موک ایکسرسائز کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

ڈاکٹر فرخ جاوید کی پبلک سیکرٹریٹ میں یوم تکریم شہدا تقریب

پاک فوج ہماری ریڈ لائن ہے جسے کسی کو بھی عبور نہیں کرنے دیں گے: خطاب

تقریب میں ملی نغموں اور پاک فوج زندہ باد کے نعروں کی گونج نے شرکاء کے لہو کو گرمائے رکھا

عارف والا (رانا ذیشان اسلم نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ ن کے سابق مقامی ایم پی اے و سابق صوبائی وزیر زراعت ڈاکٹر فرخ جاوید کے پبلک سیکرٹریٹ میں یوم تکریم شہداء کی تقریب کا انعقاد عارف والا! تقریب میں مقامی ایم این اے رانا ارادت شریف خاں، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 74)

لاہور: بزنس مین فرنٹ کے اجلاس کے موقع پر چیئرمین محمد امجد چوہدری، مرکزی عہدیداران پیٹرن انچیف سید عظمت علی شاہ، صدر ملک زمان نصیب، وائس چیئرمین آغا افتخار احمد و دیگر کا گروپ فوٹو

ہندو انتہا پسندوں کا معمولی تکرار پر مسلمان لڑکے اور حاملہ بہن پر بہیمانہ تشدد

حیدر آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت میں مسلمان دشمنی کا ایک اور لرزہ خیز واقعہ سامنے آ گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق بھارتی ریاست تلنگانا کے علاقے نارساپور میں ہندو انتہا پسندوں کے ہجوم نے مسلمان لڑکے کو بدترین تشدد کا نشانہ بنایا۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ مسلمان لڑکے کی بہن نے ہندو انتہا پسندوں سے بھائی کو بچانے کی کوشش کی تو ہجوم اس پر بھی پل پڑا اور حاملہ خاتون کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73)

ٹرمپ حامیوں کے امریکی پارلیمنٹ پر حملے کے سرغنہ کو 18 سال قید

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈونلڈ ٹرمپ کے 5 حامیوں کو امریکی پارلیمنٹ اور کیپٹل ہل پر حملے کے جرم میں 18 سے 4 سال قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ امریکی خبر رساں ادارے کے مطابق حملے کی قیادت کرنے والے اور منصوبہ ساز اسٹیورٹ روڈز کو بغاوت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 75)

یوم تکبیر نواز شریف کو خراج تحسین پیش کرنیکا دن: عمران خان

شہباز شریف ملک کو دنیا میں مضبوط معاشی دفاعی سماجی قوت کی حامل مملکت بنائینگے

لاہور (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن ہانگ کانگ کے صدر عمران خان نے یوم تکبیر پر اپنے بیان میں کہا ہے یوم تکبیر قائد پاکستان میاں محمد نواز شریف کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے۔ بھارت کے ایٹمی دھماکوں کے جواب میں شیر پاکستان نے امریکی دھمکیوں کو پاؤں تلے روند کر بھارت کو منہ توڑ جواب دیا۔ تاریخ گواہ ہے میاں محمد نواز شریف نے امریکی صدر بل کلنٹن کی بھاری آفرز کو مسترد کر کے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا ہے۔ قوم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

لاہور: ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ شکیل احمد چائنیز سکیورٹی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک ظفر عباس کھوکھر ٹریننگ کیلئے لالہ موسی روانہ ہو گئے

ان کا شمار پنجاب لوکل گورنمنٹ کے قابل اور محنتی آفیسرز میں ہوتا ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ملک ظفر عباس کھوکھر چیف آفیسر ڈسٹرکٹ کونسل چنیوٹ بنیادی سکیل نمبر 19 کی ٹریننگ کے لیے 29 مئی سے 23 جون 2023 تک پنجاب لوکل گورنمنٹ اکیڈمی لالہ موسیٰ روانہ ہو نگے۔ اس دوران ان کی تعیناتی بدستور بطور چیف آفیسر ضلع کونسل چنیوٹ رہے گی جبکہ (Lookafter) چارج مہر وقاص ہرل چیف آفیسر میونسپل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

جعلی ویڈیو شائع کرنے پر کلیچدار نے ایردوان کیخلاف شکایت درج کرا دی

انقرہ (نیٹ نیوز) ترک صدارتی انتخابات کے دوسرے مرحلے میں رجب طیب ایردوان کے ساتھ مقابلہ کرنے والے کمال کلیچدار اوغلو نے ترک صدر کے خلاف ایک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

امجد چوہدری کے زیر صدارت لاہور بزنس مین فرنٹ اجلاس

عظمت شاہ، ملک زمان و دیگر کی شرکت، لاہور بزنسمین فرنٹ کی حمایت کا اعلان

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور بزنس مین فرنٹ کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت چیئرمین محمد امجد چوہدری منعقد ہوا۔ اجلاس میں لاہور بزنسمین فرنٹ کے مرکزی عہدیداران پیٹرن انچیف سید عظمت علی شاہ، صدر ملک زمان نصیب، وائس چیئرمین آغا افتخار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 76)

پاکستان کو نواز شریف اور ڈاکٹر قدیر نے محفوظ بنایا: وسیم یاور بٹ

یوم تکبیر پر تاجر برادری نواز شریف اور ڈاکٹر قدیر کیلئے دعا اور نیک تمناؤں کا اظہار کرتی ہے

لاہور (کامرس رپورٹر) چیف آرگنائزر موتی بازار و شو مارکیٹ وسیم یاور بٹ نے 28 مئی یوم تکبیر پر سابق وزیر اعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے پاکستان کو محفوظ بنانے میں میاں محمد نواز شریف اور ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی خدمات تاریخ ہمیشہ یاد رکھے گی۔ ملک دشمن قوتوں کے دباؤ اور بیرونی چیلنجز کو مسترد کرتے ہوئے میاں محمد نواز شریف نے ایٹمی قوت مملکت کی بنیاد رکھی۔ پاکستان کے محسن میاں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

یوم تکبیر پر نواز شریف، ڈاکٹر عبدالقدیر کو خراج تحسین: گل محمد مرزا

پاکستان سے محبت کروڑوں پاکستانیوں کے دلوں کی دھڑکن ہے اور ہمیشہ رہے گی

لاہور (کامرس رپورٹر) پاک چائنہ بزنس کمیونٹی کے صدر گل محمد مرزا نے یوم تکبیر 28 مئی پر سابق وزیر اعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف اور ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو سلام عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے پاکستان سے محبت کروڑوں پاکستانیوں کے دلوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 77)

بائیڈن نے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف چارلز براؤن کو مارک ملی کا جانشین نامزد کر دیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر جو بائیڈن نے امریکی فضائیہ کے سربراہ جنرل چارلز براؤن کو چیئرمین جوائنٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

یوم تکریم شہدا پر پاک فوج کو خراج تحسین: ضمیر الحسن

فوجی تنصیبات پر حملوں اور نقصان پہنچانے کی مذمت کرتا ہوں: گفتگو

چوآ سیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) یوم تکریم شہداء پاکستان کے موقع کرنل تنویر الحسن شہید (وعولہ) کے بھائی راجہ ضمیر الحسن کی تحصیل چوآ سیدن شاہ میں نجی ہوٹل پر پریس کانفرنس۔ راجہ ضمیر الحسن نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج یوم تکریم شہداء پاکستان کے موقع پر پاک فوج کو خراج تحسین۔ شہداء پاکستان کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

جاپان میں فائرنگ اور چاقو کے حملے میں دو پولیس اہلکاروں سمیت 3 افراد ہلاک

ٹوکیو (مانیٹرنگ ڈیسک) جاپان کے شہر ناکانو میں فائرنگ اور چاقو کے حملے میں دو پولیس اہلکاروں سمیت 3 افراد ہلاک جبکہ ایک زخمی ہو گیا۔ جاپانی میڈیا کے مطابق پولیس کو اطلاع ملی کے ایک شخص نے خاتون کو چاقو مار دیا ہے پولیس کے موقع پر پہنچنے پر مسلح (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 78)

ڈسکہ میں گاڑیوں کی بڑھتی تعداد سے ٹریفک مسائل نے جنم لے لیا

شہر کی مختلف شاہراہوں کے کنارے غیر قانونی پارکنگ کی جا رہی ہے، ٹریفک روانی متاثر

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈسکہ اور اس کے گرد و نواح میں آبادی اور گاڑیوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے مگر پارکنگ کے مناسب انتظامات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا ڈی ایس پی طارق کمبوہ شہید کے لواحقین سے ملاقات کر رہے ہیں

سعودی عرب کا عراق میں صنعتی شہر کے قیام پر غور

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب کے وزیر صنعت بندر الخریف نے کہا ہے کہ عراق میں ایک صنعتی زون کے قیام کے حوالے سے بات چیت جاری ہے جس میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 79)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر	شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ابا سین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

امریکی سائنسدان کا مسلسل 74 دن پانی میں رہنے کا نیا ریکارڈ قائم

فلوریڈا (نیوز ڈیسک) امریکی سائنسدان نے مسلسل 74 دن پانی کے اندر گزار کا نیا ریکارڈ قائم کر دیا۔ تاہم جوزف ڈیٹوری اب بھی خشکی پر آنا نہیں چاہتے کیونکہ وہ 9 جون تک وہاں رہ کر پانی کی گہرائی میں مسلسل رہتے ہوئے 100 دن کا ہدف پورا کرنا چاہتے ہیں۔ واضح رہے کہ جوزف یونیورسٹی آف ساؤتھ فلوریڈا میں محقق ہیں اور کے لارگو کے علاقے میں 30 فٹ گہرے ایک زیر آب سٹیشن میں رہ رہے ہیں، وہ نہ صرف تحقیق کر رہے ہیں۔

خاتون نے ملازمت چھوڑ کر والدین کے ہاں فل ٹائم بیٹی کی جاب کر لی

بیجنگ (نیوز ڈیسک) چین میں 40 سالہ خاتون نے اپنی ملازمت ترک کر کے والدین کے ہاں فل ٹائم بیٹی کی جاب کر لی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق 40 سالہ نیان گزشتہ 15 سال سے ملازمت کر رہی ہیں اور 2022 میں وہ دن میں 24 گھنٹے آن کال رہتی تھیں جس سے وہ مسلسل دباؤ کا شکار ہو گئیں اور ان کی ذہنی حالت خاصی خراب ہو رہی تھی۔ نیان کے والدین نے بیٹی کی یہ حالت دیکھی تو انہوں نے کہا کہ تم اپنی نوکری کیوں نہیں چھوڑ دیتی؟ ہم تمہیں مالی طور پر سپورٹ کریں گے۔

شہدا کی فیملیز کی بہترین ویلفیئر اولین ترجیح: آئی جی پنجاب

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ڈی ایس پی طارق کمبوہ شہید کے گھر آمد، شہید کے ورثا کی خیریت دریافت کی، مسائل سے آگاہی حاصل کی

ڈاکٹر عثمان انور نے ڈی ایس پی طارق کمبوہ شہید کی شاندار خدمات، عظیم قربانی کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا، مسائل حل کرنے کیلئے کوشاں: گفتگو

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ ڈی ایس پی طارق کمبوہ شہید نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے ملک و قوم کے مستقبل کو محفوظ بنایا ہے اور بہادر شہید کی اس لازوال قربانی کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ ہمارے بہادر شہداء اپنا آج قوم کا مستقبل محفوظ بنانے کے لئے بے خوف و خطر قربان کر رہے ہیں اور ان جانثاروں کے ورثاء کی بہترین ویلفیئر پنجاب پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ شہدا کی فیملیز کی بہترین ویلفیئر اور مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج ڈی ایس پی طارق کمبوہ شہید کے گھر آمد کے موقع پر شہید کی بیوہ اور بیٹی سے ملاقات کرتے ہوئے کیا۔ آئی جی پنجاب نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 80)